

ادب لطیف لاہور



ادبِ لطیف لاہور

ایڈیٹر: چوہدری برکت علی بی اے

جلد ۲۴	ستمبر۔ اکتوبر۔ نومبر ۱۹۴۶ء	نمبر شمارہ ۹-۱۰-۱۱

سخن ہائے گفتنی	ادارہ	۲
حالی اور پیروئ مغربی	ڈاکٹر عندلیب شادانی	۳
مستقیم و منحنی (نظم)	احمد ندیم قاسمی	۱۱
غزل	عبدالحمید عدم	۱۲
پیپ پینتی ہوئی ناسور دل سے (افسانہ)	صدیقہ بیگم سیوہاروی	۱۳
غبار (نظم)	مظفر سلیم	۱۸
نیا ماحول (افسانہ)	کشمیری لال ذاکر	۱۹
تین غزلیں	فارغ بخاری، رضا ہمدانی، خورشید انصاری	۲۴
مردم خور (افسانہ)	پرکاش موہن	۲۵
ایک تاثر (نظم)	کرشن موہن	۳۲
دوام (نظم)	کیف عرفانی	۳۳
غزل	انور قریشی	۳۴
ٹیڑھی مانگ (افسانہ)	امجد الطاف	۳۴
یاس	حاجیہ ظفر	۴۰

شمارہ نومبر کا ہے: میعادِ خریداری میں توسیع کر دی گئی ہے: ادبِ لطیف کے خریدار صاحبان کو ستمبر و اکتوبر بوجہ عدم اشاعت کے باعث نہیں بھیجے جا سکے۔ اسلئے انکی میعادِ خریداری میں دو ماہ کی توسیع کر دی گئی ہے۔ آئندہ ہر مہینے کی یکم تاریخ کو ادبِ لطیف کو شائع کرنے کے انتظام کر لئے گئے ہیں۔ منیجر

چوہدری برکت علی بی۔ اے پبلشر و پرنٹر نے نامی پریس میں چھپوا کر دفتر رسالہ ادبِ لطیف سے شائع کیا

ادارہ

سخنہائے گفتنی

یوں معلوم ہوتا ہے۔ کہ اگر آپ کو اُن رخنوں سے جھانکنے کے لئے اپنے ساتھ نہیں لے جاتے۔ جو ادبِ لطیف کی دیواروں میں نمودار ہو گئے تھے۔ اور جن کو پاٹنے کے لئے ہم مسلسل طور پر غور کر رہے ہیں۔ تو آپ ہماری معروضات کو حسبِ معمول "قرار دے کر اپنی تیوری کو ماتھے پر چڑھائے رہیں گے۔ لیکن یہ ستم بالائے ستم والا معاملہ ہوگا۔ اور یہ سلوک بھی ہماری مجروح نگاہی کو برابر اذیت دیتی رہیں گی۔ چنانچہ آج ہم "سخنہائے گفتنی" سے کام لے رہے ہیں۔ تاکہ ہمارے قارئین کرام ہماری مشکلات کا جائزہ لے سکیں۔ اور ہماری قلم کاہلوں پر اظہارِ تأسف کرتے ہوئے ہماری کوتاہیوں کو مجبوریوں کا رنگ دے سکیں۔

ادبِ لطیف کی خدماتِ ادب کا اعتراف کرانے بیٹھیں۔ اور اپنی لگاتار مساعی کا ذکر کرنے لگیں۔ تو آپ یہی کیا سمجھیں گے۔ یہی کہ خودستائی کر رہے ہیں۔ لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ ادبِ لطیف جدید اور جدید تر ادب کا اولین اور نمائندہ ہے۔ اور اپنے مقصد کو پیشِ نظر رکھ کر گذشتہ بارہ سال سے گامزن ہے۔ اس مجلے کو حالات کی ناسازگاری اور حکومت کے اعتصار سے [illegible] ایک ادارہ ہی نہیں "مکتبِ خیال" بنانا کچھ آسان کام نہ تھا۔ اس سلسلے میں جو قدم اُٹھے۔ اور جس عزم کے ساتھ ہم آگے بڑھے وہ آپ کے سامنے وقتاً فوقتاً آتا رہا۔ اور ہم نے کبھی آپ سے اپنی مصیبتوں کی داد نہیں چاہی۔ لیکن اب جو حادثہ پیش آیا ہے۔ وہ یقیناً آپ کی تمام ہمدردی اور خیرخواہی کا مستحق ہے۔ اور ہم اس کے متقاضی ہیں۔

ادبِ لطیف کا جبری التواء ان نامناسب کلام جو اذیت [illegible] سے ہے جو کبھی کبھی کاروباری شرکت میں پیدا ہو جاتے ہیں۔ ہم نے بہتیرا چاہا کہ اس قضیہ کا جلد از جلد تصفیہ ہو سکے۔ اپنی انتہائی کوششوں کے باوجود یہ کام دنوں کی جگہ ہفتوں اور ہفتوں کی جگہ مہینوں میں جا کر ختم ہوا۔ چنانچہ ادھر ادبِ لطیف کا تصفیہ ہوا۔ ادھر زیرِ نظر شمارہ تیار ہونے لگا۔ ہم نے رسالہ کو کم سے کم مدت میں زیادہ سے زیادہ بہتر بنانے کی جو کوشش کی ہے وہ آپ کے سامنے ہے۔ آئندہ پرچہ ہم پوری تیاریوں کے ساتھ مقررہ وقت پر نکال رہے ہیں۔

ادبِ لطیف کے ساتھ جن لکھنے والوں کا تعلق رہا ہے ان سے ہمیں پوری پوری توقع ہے۔ کہ وہ ادبِ لطیف پر بدستور مہربانیاں فرماتے رہیں گے تقریباً دو مہینوں سے ہم ادبِ لطیف کی ڈاک پر پوری توجہ نہیں دے سکے۔ اس لئے ہم ادبِ لطیف سے کسی نہ کسی طرح وابستہ حضرات سے معافی چاہتے ہیں کہ ہم ان کے ارشادات کی تعمیل نہ کر سکے۔ اور نہ ہی ان سے مزید مراسلت ہو سکی۔ ہماری انتہائی کوشش ہوگی کہ ہم جلد از جلد ہر مراسلت کی تعمیل کریں۔ لیکن اگر بعض احباب کی مراسلت کی تعمیل نہ ہو سکی تو انہیں سمجھ لینا چاہئے کہ ان کے گرامی نامے اس دوران میں ضائع ہو گئے۔

ہم آپ حضرات کو یقین دلاتے ہیں۔ کہ ادبِ لطیف پھر اسی شان و شوکت کے ساتھ ادب کی خدمت کرے گا۔ اور اس کے انتظامی نقائص کو دور کر دیا جائے گا۔ اگر آپ یہ محسوس کرتے ہیں کہ اردو ادب کو "ادبِ لطیف" کی ضرورت ہے تو ایک مرتبہ پھر اپنے تعاون کا ہاتھ بڑھائیے اور ادبِ لطیف کو ایک مثالی ادبی پرچہ بنانے میں ہماری مدد فرمائیے۔

قارئین کی خدمت میں گزارش ہے کہ چودھری نذیر احمد، جناب قتیل شفائی اور جناب ظفر تونسوی "ادبِ لطیف" کے انتظامی، ادارتی اور [illegible] سے الگ ہو چکے ہیں۔ اس لئے ادبِ لطیف سے متعلق معاملات میں ان حضرات سے کسی قسم کی خط و کتابت نہ کی جائے۔

آئندہ تمام خط و کتابت ایڈیٹر یا منیجر ادبِ لطیف ۳۰ لوئر مال لاہور کے پتے پر فرمائیے۔

ڈاکٹر عندلیب شادانی

"حالی اور پیروی مغربی"

حالی اب آؤ پیروی مغربی کریں
بس اقتدائے مصحفی و میر کر چکے!

علامہ سیماب اکبرآبادی، علامہ عبدالماجد دریابادی فلسفی نیم صوفی علامہ سالک بٹالوی، مدیر انقلاب لاہور اور اسی قسم کے چند اور علامے کہتے ہیں کہ ہندوستانی [redacted] کے پروفیسر محمود الال چیکٹر کے خاندان سے ہیں: علم سے بے بہرہ اور عقل سے محروم۔ اور قطعی دلیل اس دعوے کی یہ ہے کہ ایک پروفیسر نے حالی کے مندرج بالا شعر میں "پیروی مغربی" کے معنی "یورپین شاعری کی تقلید" بتائے اور دو اور پروفیسروں نے اس کی تائید کی۔ حالانکہ ان علاموں کے خیال کے مطابق اس شعر میں لفظ "مغربی" ایک ایرانی شاعر کا تخلص ہے اور مولینا حالی اس کی پیروی کرنا چاہتے ہیں۔

ان پروفیسروں اور "دکاترہ" کے شجرۂ نسب اور مبلغ علم سے قطع نظر کر کے دیکھنا یہ ہے کہ انہوں نے جو بات کہی ہے وہ کس حد تک قابل قبول ہے۔ چونکہ علامہ لوگوں کے نزدیک حالی کے زیر بحث شعر میں لفظ "مغربی" سے وہ ایرانی شاعر مراد ہے جس کا تخلص "مغربی" ہے۔ لہٰذا سب سے پہلے مغربی کا کچھ حال جان لینا ضروری ہے۔

مسٹر عبدالرحیم شبلی۔ بی۔کام۔ نے ۸ر جون ۱۹۴۴ء کے خیام میں "مغربی" کے حالات لکھے ہیں۔ مگر کچھ اس انداز سے لکھے ہیں کہ نہ صرف ناواقف لوگ بلکہ تھوڑی بہت واقفیت رکھنے والے بھی ان کے مطالعے سے دھوکا کھا سکتے ہیں۔ مثلاً وہ لکھتے ہیں:۔

"مغربی کا مختصر تذکرہ شبلی نعمانی نے شعرالعجم حصہ پنجم میں کیا ہے..... لیکن جب مجھے تفصیلات کی جستجو ہوئی تو معلوم ہوا کہ مندرجہ ذیل تصانیف میں مغربی اور اس کی شاعری پر شرح و بسط کے ساتھ گفتگو کی گئی ہے:۔

(۱) نفحات الانس جامی۔ (۲) حبیب السیر خواندمیر۔ (۳) ہفت اقلیم امین احمد رازی۔ (۴) آتشکدۂ آذر۔ (۵-۶) مجمع الفصحا و ریاض العارفین از رضا قلی خاں ہدایت (۷) تاریخ ادبیات ایران، براؤن۔ جلد سوم۔ ان تمام تصانیف کے اوراق پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مغربی کا اصلی نام محمد شیرین تبریزی تھا.... ۷۴۹ھ ۱۳۴۵ء میں پیدا ہوا۔ تقریباً ساٹھ برس کی عمر پائی۔ رضا قلی خاں کا بیان ہے کہ وہ اصفہان کے قریب ایک موضع "نائین" میں پیدا ہوا...... فارسی شاعری میں اس کا وہی درجہ ہے جو سنائی، رومی، عراقی اور عطار کو دیا جاتا ہے"۔

مسٹر شبلی۔ بی۔کام۔ کے اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ مغربی کے حالات مرتب کرنے کے لئے انہوں نے بذات خود مندرجہ بالا کتابوں کا مطالعہ کیا۔ مگر درحقیقت ایسا نہیں ہے انہوں نے صرف تاریخ ادبیات ایران (براؤن) کو پیش نظر رکھا ہے۔ اور براؤن نے مغربی کے متعلق جو کچھ لکھا ہے انہوں نے اس کے بعض حصوں کا ترجمہ کر دیا ہے۔ اس

دعوے کا ایک ثبوت تو یہ ہے کہ مجمع الفصحا میں مغربی کا مقام پیدائش "نائین" تحریر ہے۔ اور یہی صحیح ہے۔ مسٹر شبلی نے "تا عین" لکھا ہے۔ مگر ایران میں "تا عین" نامی کوئی مقام نہیں۔ اگر انہوں نے مجمع الفصحا کا مطالعہ بچشم خود کیا ہوتا تو لازمی طور پر وہ "نائین" لکھتے۔ "تاعین" ہرگز نہ لکھتے۔ بات یہ ہے کہ انہوں نے براؤن کی کتاب میں (NAIN) لکھا دیکھا۔ اور ذرا سی غفلت سے اُسے "تاعین" بنا دیا۔

اور بالفرض یہ سہو کاتب ہے تو دوسرا ثبوت یہ ہے کہ مسٹر شبلی کے ماخذ بھی فارسی کی صرف وہی کتابیں ہیں جن کا براؤن نے ذکر کیا ہے۔ حالانکہ ان کتابوں کے علاوہ اور بھی متعدد تذکروں میں مغربی کا حال درج ہے لیکن مسٹر شبلی نے براؤن کے ماخذوں کے سوا اور کسی کتاب کا نام نہیں لیا۔ اس کے علاوہ براؤن اور مسٹر شبلی کی تحریروں کا مقابلہ کرنے سے یہ حقیقت بالکل واضح ہو جاتی ہے کہ مسٹر شبلی نے لفظ بلفظ براؤن کی نقل کی ہے۔

مسٹر شبلی کا یہ دعویٰ بھی بے بنیاد ہے کہ "مندرجہ ذیل تصانیف میں مغربی اور اس کی شاعری پر شرح و بسط کے ساتھ گفتگو کی گئی ہے" اگر انہوں نے ان کتابوں کو بچشم خود دیکھا ہوتا تو انہیں معلوم ہوتا کہ نفحات الانس جامی کے علاوہ اور کسی کتاب میں مغربی کا حال دو تین سطروں سے زیادہ نہیں۔ اور نفحات میں بھی مغربی اور اس کی شاعری پر شرح و بسط کے ساتھ گفتگو نہیں کی گئی بلکہ دو حکایتیں درج ہیں جن میں سے ایک میں کمال خجندی کے شعر پر مغربی کا اعتراض اور کمال کا جواب مذکور ہے۔ اور دوسری میں یہ کہا گیا ہے کہ مغربی کے پیر شیخ اسمٰعیل سیسی نے ایک مرتبہ درویشوں کو چلے میں بٹھایا تھا۔ اور مغربی کو بھی بلایا تھا۔ اس موقع پر مغربی نے یہ غزل کہی تھی۔

تا مہر تو دیدیم ز ذرات گذشتیم
از جملہ صفات از پے آں ذات گذشتیم

کیا یہ مغربی اور اس کی شاعری پر شرح و بسط کے ساتھ گفتگو اسی کا نام ہے؟۔ بہر حال اس محل پر براؤن کا یہ قول دلچسپی سے خالی نہیں کہ "اگرچہ مغربی کا ذکر اکثر تذکرہ نویسوں نے کیا۔ لیکن اس کے حالات زندگی کچھ بھی معلوم نہیں۔"

مسٹر شبلی کا یہ قول بھی سراسر بے بنیاد ہے کہ "فارسی شاعری میں مغربی کا وہی درجہ ہے جو سنائی، رومی، عراقی اور عطار کو دیا جاتا ہے۔" آج تک کسی مستند اہل قلم نے مغربی کو رومی وغیرہ کا ہم پایہ قرار نہیں دیا۔ مسٹر شبلی نے مندرجہ بالا عبارت کو رضا قلی خاں ہدایت صاحب مجمع الفصحا کے ایک قول کے ساتھ اس طرح نقل کیا ہے کہ گویا یہ بھی ہدایت کے بیان کا ایک حصہ ہے۔ اور جیسا کہ ہم پیشتر اشارہ کر چکے ہیں۔ یہ طرز بیان بے حد مغالطہ انگیز ہے چنانچہ علامہ سالک بٹالوی دھوکا کھا ہی گئے۔ اور بے اختیار کہہ اُٹھے کہ:۔

"مغربی کے متعلق راقم الحروف کی معلومات تو صرف شعر العجم اور براؤن کی تاریخ ادبیات ایران تک محدود تھیں لیکن شبلی صاحب نے مغربی اور اس کے انداز فکر پر ایک مفصل مقالہ لکھ دیا ہے جس میں ثابت کیا ہے۔ کہ مغربی اکابر شعرائے عجم سے تھا اس کا عارفانہ کلام بہت کم مثالیں رکھتا ہے اور وہ رومی، سنائی، عراقی اور عطار کا ہم پایہ ہے۔"

علامہ سالک بٹالوی کے اس بیان میں کئی باتیں قابل غور ہیں۔ ایک یہ کہ مسٹر شبلی نے مغربی کے متعلق جو کچھ لکھا ہے وہ کسی حال میں بھی "مفصل مقالہ" کہلانے کا مستحق نہیں کیونکہ "مفصل مقالہ" غیر متعلق باتوں کو چھوڑ کر خیام کے کل دو کالموں پر مشتمل ہے۔ دوسرے یہ کہ اگر علامہ سالک بٹالوی نے واقعی شعر العجم اور تاریخ ادبیات ایران میں مغربی کا حال پڑھا ہوتا تو انہیں مغربی کے متعلق علامہ شبلی نعمانی اور پروفیسر براؤن کی رائے ضرور معلوم ہوتی ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوتا کہ مسٹر شبلی نکام نے جو کچھ لکھا ہے وہ تمامتر براؤن کی تاریخ ادبیات ایران سے ماخوذ ہے۔ اور اس صورت میں وہ ہرگز یہ نہ کہتے۔ کہ

مسٹر شبلی نے "ثابت کیا ہے کہ مغربی اکابر شعرائے عجم سے تھا۔ اور وہ رومی، سنائی، عراقی اور عطار کا ہم پایہ ہے"

جاننے والے لوگوں کی نظر میں مسٹر شبلی نے کوئی بات بھی ثابت نہیں کی۔ ناواقف جو کچھ بھی سمجھ لیں۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ علامہ سالک بٹالوی نے بھی یونہی اٹکل پچو جو جی میں آیا کہہ مارا، تحقیق کی زحمت گوارا نہیں فرمائی۔

مسٹر شبلی۔ بی کام۔ نے مغربی اور رومی کے ہم پایہ ہونے کے متعلق جو کچھ لکھا ہے وہ دراصل براؤن کی ایک عبارت کا غلط ترجمہ ہے۔ براؤن کے الفاظ یہ ہیں۔

He belongs essentially to the same class of mystical poets as Sanai, Rumi,

یعنی وہ (مغربی) لازمی طور پر صوفی شعرا کے اسی طبقے سے تعلق رکھتا ہے جس میں سنائی، رومی، عراقی اور عطار شامل ہیں (SAME CLASS) کے معنی ہم پایہ نہیں ہیں۔ ایک ہی طبقے یا جماعت سے تعلق رکھنے والے سب لوگ ایک ہی پائے کے نہیں ہوا کرتے۔ مسٹر شبلی نے یہ غلطی نادانستہ کی ہے یا جان بوجھ کر بہرحال براؤن اسی سلسلے میں لکھتا ہے:-

Yet though of the same category as these, he seldom reaches their

یعنی مغربی اگرچہ انہیں لوگوں (یعنی رومی وغیرہ) کے زمرے کا آدمی ہے۔ مگر وہ شاذ و نادر ہی اُن کی سطح تک پہنچتا ہے۔

مغربی کے متعلق پروفیسر براؤن کی رائے آپ کو معلوم ہو چکی۔ اب علامہ شبلی نعمانی کا تبصرہ بھی سن لیجئے:-

"مغربی کا کلام سرتاپا مسئلہ وحدت کا بیان ہے اور چونکہ تخیل و جدت کم ہے اس لئے طبیعت گھبرا جاتی ہے۔ ایک بات کو سو سو بار کہتے ہیں، اور ایک ہی انداز میں کہتے ہیں"

رضا قلی خاں ہدایت صاحب مجمع الفصحا نے بھی مغربی کی شاعری کے متعلق تشکیک بھی خیال ظاہر کیا ہے۔ ہدایت کے الفاظ یہ ہیں:-

"بجز یک معنی در ہمہ گفتارش نتواں یافت" یعنی مغربی کے سارے کلام میں صرف ایک ہی معنی (یعنی مسئلۂ وحدت وجود) کی تکرار ہے اور بس۔

اس محل پر یہ بتا دینا ضروری ہے کہ مولینا جامی یا لطف علی بیگ آذر صاحب آتش کدہ نے ایک لفظ مغربی کی شاعری کی تعریف میں نہیں کہا۔ نہ انہیں رومی یا عطار و سنائی کا ہم پایہ قرار دیا۔

راقم الحروف نے دیوان مغربی کا مطالعہ کیا ہے اور نہایت دیانت داری کے ساتھ یہ کہنے پر مجبور ہے کہ مغربی کا کلام بے کیف، خشک اور بے مزہ ہے۔ روحانیت، تصوف اور درویشی میں مغربی کا پایہ خواہ کتنا ہی بلند کیوں نہ ہو لیکن جہاں تک شاعری کا تعلق ہے۔ انہیں زیادہ سے زیادہ اوسط درجے کا شاعر قرار دیا جا سکتا ہے۔ اور جو شخص مغربی کو رومی کا ہم پایہ قرار دیتا ہے وہ نہ رومی کے مرتبہ سے واقف ہے نہ مغربی کے درجے کو پہچانتا ہے۔

ذیل میں ہم مغربی کی ایک مشہور غزل نقل کرتے ہیں جو اُن کے کلام کا ایک صحیح نمونہ ہے اس کے مطالعے سے قارئین کو خود ہی اندازہ ہو سکتا ہے کہ مغربی کس پایہ کا شاعر ہے۔

ز دریا موج گوناگوں برآمد ز بے چونی برنگ چوں برآمد
چو نیلی از پئے قومے آب گردید برائے دیگراں چوں خوں برآمد
گر از ہاموں بسوئے بحر شد باز گہے از بحر بر ہاموں برآمد
چو ایں دریا ہموں موجزن شد حباب آسا بہ گردوں برآمد
ازیں دریا بدیں امواج ہر دم ہزاراں گوہر مکنوں برآمد
چو یار آمد ز خلوت خانہ بیروں ہمو نقش در دل بیروں برآمد
گہے در کسوت لیلیٰ فرو شد گہے بر صورت مجنوں برآمد
بصد دستاں بکام دوستاں شد بصد افسانہ و افسوں برآمد
بدیں کسوت کہ می بینیش اکنوں یقیں می داں کہ او اکنوں برآمد

[illegible] کو روزی کی کشائش اور زندگی کا آرام ملا جاویگا اس میں اور بھی زیادہ ہو

شرک میں پڑینگے - کہ جوں جوں ہم ان کو ملتے ہیں - مرادیں ملتی ہیں - اس حدیث سے معلوم ہوا - کہ آدمی کیسا ہی گناہوں میں ڈوب جائے - اور محض بے حیا

بن جاوے - اور بیرا یامال کھانے میں کچھ قصور نہ کرے - اور کبھی بھلائی اور برائی کا امتیاز نہ رکھے - تو بھی شرک سے اور اللہ کے سوا اور کسی کو مت

سے بہتر ہے - غرض سب بدتر کاموں سے شرک بدتر ہے - کوئی یہ نہ سمجھے - کہ شرک نہ کرو - اور سب بدتر کام کیا کرو - یہ مضمون ایک حدیث

کی سطر کا ہے - سو یہ کہ یا ابن آدم لو انک اتیتنی بقراب الارض خطایا ثم لقیتنی لا تشرک بی شیئا اتیتک بقرابہا مغفرۃ

اسکی پوری حدیث کو ترمذی نے اور بغوی نے الس سے اپنی کتابوں میں لایا ہے - غرض سب بدتر کاموں سے شیطان کو شرک بہت پسند ہے - کیونکہ شرک کا

بخشا ہی نہیں جاتا - اس واسطے شیطان کی خاطر جمع نہیں ہے - کہ اگر وہ شرک کے حال میں مرے - تو یقیناً جہنمی ہوا - برخلاف بدکار کے اسکی بھی نہیں

کیونکہ بعض اگرچہ گنہگار گناہ کو کرتا ہے - جان کے نفس کی شومی سے اس میں گرفتار رہکے مرجاوے تو بھی دائمی جہنمی رہنے کا یقین نہیں - اس واسطے

شیطان یہ بات - یعنی بدکاریاں حقیر اگرچہ یہ بات یعنی شرک ہو سکتا ہے - اخرج الشیخان عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم لا تقوم الساعۃ حتی تضطرب الیات نساء دوس حول ذی الخلصۃ - مشکوٰۃ کے باب لا تقوم الساعۃ میں

لکھا ہے - کہ بخاری اور مسلم نے ذکر کیا - کہ نقل کیا ابو ہریرہ نے کہ پیغمبر خدا نے فرمایا - کہ نہیں آئیگی قیامت یہاں تک [illegible]

ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ رِيْحًا بَارِدَةً مِنْ قِبَلِ الشَّامِ فَلَا يَبْقٰى عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ اِيْمَانٍ اِلَّا
قَبَضَتْهُ فَيَبْقٰى شِرَارُ النَّاسِ فِيْ خِفَّةِ الطَّيْرِ وَاَحْلَامِ السِّبَاعِ لَا يَعْرِفُوْنَ مَعْرُوْفًا وَلَا يُنْكِرُوْنَ مُنْكَرًا فَيَتَمَثَّلُ لَهُمُ الشَّيْطَانُ
فَيَقُوْلُوْنَ فَمَا تَاْمُرُنَا فَيَاْمُرُهُمْ بِعِبَادَةِ الْاَوْثَانِ وَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ دَارٌّ رِزْقُهُمْ حَسَنٌ عَيْشُهُمْ ؛ مشکوٰۃ کے باب لا تقوم الساعۃ
میں لکھا ہے۔ کہ مسلم نے ذکر کیا عبد اللہ بن عمرو نے نقل کیا۔ کہ فرمایا پیغمبر خدا صلعم نے کہ نکلیگا دجال اور رہیگا چالیس تک پھر بھیجیگا اللہ عیسیٰ بن
مریم کو سو وہ ڈھونڈھیگا اس کو اور ہلاک کریگا اس کو پھر بھیجیگا اللہ ایک باد ٹھنڈی شام کی طرف سے اور باقی نہ رہیگا زمین پر کوئی
کہ اس کے دل میں ذرہ بھر بھی ایمان ہو مگر مار ڈالے اس کو۔ سو باقی رہ جاوینگے برے لوگ سبکی میں جیسے پکھیرو۔ ف۔ یعنی ہاتھ والے
وہ اور رہ جائیں بے حیا پھاڑ کھانیوالے جانور کی طرح یعنی بدچالی اور بدکاری میں ایسے ہلکے جیسے اڑجانیوالے جانور۔ اور ظلم و خونریزی میں ایسے
مضبوط اور بیباک جیسے چارپائے درندے اور نہ اچھی سمجھینگے کسی اچھی بات کو۔ نہ بری سمجھینگے کسی بات کو۔ پس صورت پکڑ کر آویگا ان پاس شیطان اور
کہیگا تم کو شرم نہیں کچھ ایسے کاموں سے۔ تو کہینگے تو کیا بتاتا ہے ہم کو سو تبا۔ سو پھر شیطان بتاویگا ان کو پوجا بتوں کا اور اون میں آئی گی
روزی اچھی طرح گذرے زندگی۔ ف۔ یعنی آخر زمانے میں ایمان دار لوگ مر جاوینگے۔ اور محض بے وقوف لوگ رہ جاوینگے۔ ان کو کچھ دین
کی سمجھ نہیں۔ رات دن پرایا مال کھانے کی فکر میں۔ نہ بھلا سمجھیں نہ برا۔ دین کی تحقیق کا شوق ہو گا مگر اللہ اور رسول کے کہنے پر نہ چلینگے کبھی تعصب سے

بمعنی یکے دیگر گوں نگر دید بصورت گرچہ دیگر گوں برآمد
چو شعر مغربی در بر لباسے بغایت دلبر و موزوں بر آمد

یہ ثابت کرنے کے بعد کہ مغربی زیادہ سے زیادہ ایک اوسط درجے کے شاعر ہیں۔ ان کے کلام میں مسئلہ وحدت وجود کی بے کیف تکرار کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ اور وہ کسی طرح بھی رومی یا عطار و سنائی کے ہم پایہ قرار نہیں دئے جا سکتے۔ ہم اصل موضوع کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

علامہ نوگ جو یہ کہتے ہیں کہ "پیروی مغربی" سے مولینا حالی کی مراد مغربی تبریزی کی پیروی ہے وہ اپنے دعوے کے ثبوت میں دو دلیلیں پیش کرتے ہیں۔ پہلی تو یہ کہ:۔
"دیوان حالی کے اکثر ایڈیشنوں میں مغربی، مصحفی و میر جلی حروف میں لکھے ہوئے ہیں جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ مصحفی و میر کی طرح مغربی بھی کسی شاعر کا تخلص ہے"۔

اوّل تو یہ دعویٰ صحیح نہیں کہ حالی کے "اکثر" ایڈیشنوں میں لفظ مغربی جلی حروف میں لکھا ہوا ہے۔ کیونکہ دیوان حالی کا دوسرا ایڈیشن جو ظفر الملک صاحب علوی نے لکھنؤ سے شائع کیا تھا۔ اُسے چھوڑ کر۔ دیوان حالی کے اور کسی ایڈیشن میں لفظ مغربی جلی قلم سے تحریر نہیں۔ اور بالفرض اگر دیوان حالی کے ہر ایڈیشن میں "مغربی" جلی قلم سے لکھا ہوا ہو تب بھی محض جلی قلم سے لکھے ہونے کی بنا پر اُسے کسی شاعر کا تخلص قرار نہیں دیا جا سکتا غزل کے آخری شعر میں یا کسی شعر میں کسی لفظ کا جلی قلم سے لکھا ہونا اس امر کی دلیل ہرگز نہیں کہ وہ لازمی طور پر شاعر کا تخلص ہے۔ دیوان حالی کے ظفر الملک صاحب والے ایڈیشن کی یہ خصوصیت ہے۔ کہ اس میں جا بجا مختلف الفاظ کو خواہ مخواہ جلی قلم سے لکھا گیا ہے اور بعض اشعار میں معمولی الفاظ کا جلی قلم سے لکھا ہونا نہایت مضحکہ خیز معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً صفحہ ۵۷ پر اس شعر میں:۔

تا چیز نہیں وہ کام، نہیں جن پہ کچھ الزام
جو کام ہیں اُن کا یہی انجام ہے گویا

لفظ "کام" دوسرے مصرعہ میں جلی قلم سے لکھا ہے اور اس شعر میں:۔

یہ لطف بشارت میں دیکھا نہ سنا قاصد
ان پڑھ تو ہے تو پر کچھ۔ پڑھتا تو بلا ہوتا

لفظ "قاصد" جلی قلم سے لکھا ہوا ہے۔

جہاں تک ہمیں معلوم ہے کام اور قاصد کسی شاعر کا تخلص نہیں اور اگر ہو بھی تو ان اشعار میں یہ الفاظ بطور تخلص استعمال نہیں کئے گئے۔ جلی قلم سے لکھا ہونا کاتب یا مرتب کی "ذہانت" کا ثبوت ہے اور بس۔

اسی قسم کی ایک اور عجیب مثال سنئے۔ "مجمع الاشعار" کا ایک پرانا نسخہ جو مطبع الطافی کانپور کا چھپا ہوا ہے اس وقت میرے پیش نظر ہے۔ غالباً اس مجموعے کے مرتب کو بعض غزلوں کے مصنف کا نام معلوم نہ تھا۔ لہذا اپنی جہالت کو چھپانے کے لئے یہ حکمت کی۔ غزل کے آخری شعر میں کسی ایک لفظ کو جلی قلم سے لکھوا دیا۔ گویا یہی شاعر کا تخلص ہے۔ اور غزل کے شروع میں جو سرخی لکھی اس میں بھی اس امر کا اظہار کر دیا کہ یہ غزل فلاں شاعر کی ہے۔ مثلاً صفحہ ۵ پر جلی حروف میں لکھا ہے:

غزل التجا۔ اور اس کے نیچے یہ غزل درج ہے:۔

فرطِ شوق اُس بت کے کوچے تک لئے جائے گا
کعبۂ مقصود تک مجھ کو خدا لے جائے گا

اس غزل کا آخری شعر یہ ہے

اے مرے مشکل کشا مشکل کشائی کیجئے
تم بغیر اب کون میری التجا لے جائے گا

اس شعر میں لفظ "التجا" جلی قلم سے لکھا ہے گویا یہ شعر مقطع ہے۔ اور لفظ التجا شاعر کا تخلص ہے۔ ایک معمولی استعداد اور معمولی سمجھ کا انسان بھی سمجھ سکتا ہے کہ لفظ "التجا" یہاں شاعر کا تخلص ہرگز نہیں۔ بلکہ دوسرے الفاظ کی

اس آیت سے سمجھا۔ کہ اس سچے دین کا زور قیامت تک رہیگا۔ پھر حضرت نے فرمایا۔ کہ اس کا زور تو مقرر ہوگا۔ مگر جب تک وہ چاہیگا۔ پھر اللہ آپ
ہی ایک باؤ بھیجیگا۔ کہ سب اچھے بندے کہ جن کے دل میں تھوڑا بھی ایمان ہوگا۔ مر جاوینگے۔ اور وہی لوگ رہ جاوینگے۔ کہ جنہیں کچھ بھلائی نہیں
نہ اللہ کی تعظیم نہ رسول کی راہ پر چلنے کا شوق بلکہ باپ دادوں کی رسموں کی سند پکڑنے لگینگے۔ سو اسی حال سے شرک میں پڑ جاوینگے
اس حدیث سے معلوم ہوا۔ کہ آخر زمانے میں شرک قدیم رائج ہوگا۔ سو پیغمبر خدا کے فرمانے کے موافق ہوا۔ یعنی مسلمان لوگ اپنے نبی اور
ولی امام شہیدوں کے ساتھ معاملہ شرک کا ویسا ہی کرتے ہیں۔ جس طرح کافر اپنے بتوں کو جانتے ہیں۔ اور انکی رسموں پر چلتے ہیں جیسا برہمن
پوچھنا۔ شگون لینا۔ ساعت ماننا۔ سیتلا مسانی کا پوجنا۔ کالی دیوی کا بکرا چڑھانا۔ ہنومان اور جلوا بیر کی دہائی دینی۔ ش جیسے مشرکوں میں اور
دیوالی کو تہوار کرنا۔ ش جیسے اکثر ہندوستان کے سوداگر مسلمان بھی کیا کرتے ہیں۔ اور نوروز اور مہرجان کی خوشی کرنی۔ ش جیسے اکبر کے وقت میں
رواج تھا۔ اور اب بھی کئی امیر بے تدبیر کیا کرتے ہیں۔ اور قمر در عقرب تحت الشعاع کا لحاظ کرنا۔ جس نے تو اکثروں کی راہ ماری ہے سو یہ سب
رسمیں ہنود اور مجوس کی ہیں۔ مسلمانوں میں رواج پا گئی ہیں۔ اور یہ سب بھی اس حدیث سے معلوم ہو۔ کہ مسلمان میں شرک کی راہ اسی طرح
کھل گئی۔ کہ قرآن اور حدیث کو چھوڑ کر باپ دادوں کی رسموں کے پیچھے پڑینگے۔ اَخرَجَ مُسلِمٌ عَن عَبدِ اللّٰہِ بنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَخرُجُ الدَّجَّالُ فَیَمکُثُ اَربَعِینَ فَیَبعَثُ اللّٰہُ عِیسَی ابنَ مَریَمَ فَیَطلُبُہٗ فَیُھلِکُہٗ

دیکھکر ذبح کیا وہ بھی مردار ہوا۔ کیونکہ غیر اللہ کی تعظیم کے واسطے ذبح کیا گیا ہے اگرچہ ذبح کے وقت اللہ کا نام لیا ہو۔ اخرج مسلم عن عائشۃ
رضی اللہ عنہا قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول لا یذہب اللیل والنہار حتی تعبد
اللات والعزیٰ فقلت یا رسول اللہ ان کنت لاظن حین انزل اللہ ہو الذی ارسل رسولہ بالہدیٰ و
دین الحق لیظہرہ علی الدین کلہ ولو کرہ المشرکون ان ذلک تام قال انہ سیکون من ذلک ما شاء اللہ ثم یبعث
اللہ ریحا طیبۃ فتوفی کل من کان فی قلبہ مثقال حبۃ من خردل من ایمان فیبقی من لا خیر فیہ فیرجعون
الی دین آبائہم ؛ مشکوۃ کے باب لا تقوم الساعۃ میں لکھا ہے۔ کہ مسلم نے ذکر کیا کہ بی بی عائشہ نے نقل کیا سنا میں نے
پیغمبر خدا سے کہ فرماتے تھے۔ کہ نہ تمام ہونگے رات اور دن یعنی قیامت نہ آویگی یہاں تک کہ پوجینگے لات وعزیٰ کو۔ کہا میں نے اے پیغمبر
خدا میں جانتی تھی جب اتاری اللہ نے یہ آیت ہو الذی ارسل رسولہ الی آخرہ کہ بت پرستی تمام ہونیوالی ہے۔ فرمایا کہ
ہوگا اسی طرح جب تک چاہیگا اللہ پھر بھیجیگا اللہ ایک باد اچھی۔ سو جان نکالیگی جس کے دل میں ہوگا ایک رائی کے دانے بھر ایمان اور
رہ جاوینگے وہی لوگ جن کے دل میں کچھ بھلائی نہیں۔ سو پھر جاوینگے اپنے ماں باپ کے دین پر یعنی اللہ صاحب نے سورہ برأت میں فرمایا ہے کہ اللہ
نے بھیجا رسول کو سچا دین دیکر اور سچا دین دیکر اسکو غالب کرے سب دینوں پر اگرچہ برا مانیں مشرک لوگ تو اس سے سمجھیں سو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

واسطے - مردوں کی نذر حرام ہونے کی دلیل رد المختار سے ہے - کہ اعلم ان النذر الذی یقع للاموات من اکثر العوام وما یؤخذ من الدراہم
والشمع والزیت ونحوہا الی ضرائح الاولیاء الکرام تقربا الیہم فہو بالاجماع باطل وحرام ما لم یقصدوا صرفہا لفقراء الانام
وقد ابتلی الناس بذلک ولا سیما فی ہذہ الاعصار وقد بسطہ العلامۃ قاسم فی شرح درر البحار - نذر کے غیر کا
تقدیر اسکے معنی کی طرف لام سے ہونے کی دلیل اسی کتاب سے - ثم قال ولو نذر لفقراء مکۃ جاز الصرف الی فقراء غیرہا لما تقرر
فی کتاب الصوم ان النذر غیر المعلق لا یختص بشیء بخلاف النذر المعلق فانہ لا یجوز تعجیلہ قبل وجود الشرط - انتہی - نہاں ایک
بیان واجب ہو پہنچے - اللہ تعالی نے فرمایا - یستخفون من الناس ولا یستخفون من اللہ - یعنی چھپا چاہتے ہیں لوگوں سے اور چھپا نہیں سکتے
اللہ سے - یعنی اپنے برے کاموں کو لوگوں سے چھپاتے ہیں ان کو یہ آگے ظاہر کرتے شرماتے - پر خدا تو دیکھتا ہے - یہاں سے شرم اور حیا پر دھیان کرتے خدا سے
شرما کے بزرگ برے کام نہیں چھوڑتے - خیر اگر ہم کسی چھپی بات کو لوگوں سے چھپاویں - پر خدا سے نہیں چھپا سکتے - شیخ سعدی نے کیا خوب کہا ہے
در بستہ بروی خود ز مردم + تا عیب نگسترند مارا + در بستہ چہ سود عالم الغیب - دانای نہان و آشکارا + الا انہم یثنون صدورہم لیستخفوا منہ + واللہ
یعلم اسرارہم وما یعلنون + تم بھی لکھنے میں ہیں جو لوگ غیر اللہ کے جانور کرتے تھے - چنانچہ کسی شخص کی گائے کرتے کسی کے نام کا بکرا - اور کسی کے نام کا مرغ
اور انکی باتوں سے اور انکی نشانیوں سے ان کے دل کا عقیدہ صاف ظاہر ہوتا ہے - کہ اس جانور کو فلانے کے نام پر چھوڑنے سے یہ بزرگی پیدا ہوئی - کہ جو کوئی اسکو
ستاوے - یا چھڑا کے کھا جاوے - تو ترت سزا پاوے - اور وہ بزرگ اس جانور کو چھوڑنے کے سبب خوش ہوتے ہیں - اور ہمارے کام بناتے ہیں - پھر ان

دلبا آمیں شد ہزار نشیمنی - وہی بات کہ ہمارے مرغ کی ایک ہی بانگ - نعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا - اور لطیفہ ۱۷

ملا جیون کی تفسیر احمدی سے اس بات کی سند ہوتی ہے کہ بعض ضعفائہم ان یعتقد المنۃ وتقرب للاولیاء کما ھو الرسم فی زماننا حلال

طیب لانہ لم یذکر اسم غیر اللہ علیہا وقت الذبح وان کانوا ینذرونہ لہ انتہی - سو ان کو اس میں کچھ دلیل نہیں بلکہ اس کے

معنی ان کے مقصد کے خلاف ہیں - اس واسطے کہ عبارت دلالت کرتی ہے - کہ یہاں معلوم ہوتا ہے - کہ جو گائے نذر کی جاتی ہے - اولیاء کے لئے جیسی کہ اس

زمانے میں عادت ہے - سو حلال طیب ہے - گو کہ یہ معنی ہو گیا ہے نام غیر اللہ کا اس پر ذبح کرتے وقت کے اگرچہ نذر کئے ہوں اسکو غیر اللہ کیلئے تو

مراد یہ ہے - کہ لوگوں میں جو یہ بزرگ مشہور ہوتے ہیں - سو ان کے فائدے کے واسطے کوئی بہلانے کو واسطے اللہ کی جناب میں کرتے ہیں - اس

گائے کو عوام یہ سمجھتا - کہ جب اسکو ذبح کرتے ہیں - تو اللہ ہی کے نام سے ذبح کرتے ہیں - نہ اس بزرگ کے نام سے - اگرچہ اللہ سے عہد کرتے ہیں

میں گائے کو پہنچانے کا اس بزرگ کو یہاں وہ بزرگ نذر کی ہوئی گائے کا مصرف ہے - نہ منذور لہ - پھر اگر یہ حدیث سچی - تو وہ نذر

غیر اللہ کے تقرب کے لئے ہوتی ہے - اس کا گوشت حلال نہ ہوتا - نہ طیب گو کہ یہ غیر اللہ کی نذر - اور نذر کی یہی چیز کو در مختار اور عالمگیری وغیرہ

میں اجماع سے حرام کہا ہے - اور یہ بات بزرگ بات حضرت کی ہے - اور یہ مسئلہ ظاہر ہے - اور نذر کے مصارف کا تذکرہ بھی کی

خیر کی طرف ہی لازم - اس طور پر کہ نذرت ہذا الشیء للہ لفقراء مکۃ مثلاً - میں نے نذر کی یہ چیز اللہ کی جناب کے [illegible]

سولہ برس کی عمر تک آپ نے فرمایا۔ لوگوں نے سوال کیا کہ گوشت نہ کھاؤ گے اہل خیر الہیہ

اور ابن عباس کی حدیث سے ظاہر ہے۔ کہ لا تاکلوا من معاقرة الاعراب۔ الحدیث تیسرا یہ کوئی سمجھ بھی نہ اس طرح کا ذبح کیا ہی نہ کریگا مگر

بالفرض کرے تو اس کا ذبیحہ صنم کے نام پر کیا ہوا بھی حلال ہو۔ کیونکہ وہ تو صنم کے باب میں الوہیت کا اعتقاد نہیں رکھتا۔ اور مسلمان معاذ اللہ

نہ کہ بلکہ ذبح کرے۔ تو وہ ذبیحہ تم حلال سمجھتے ہو۔ پھر اس واسطے مسلمان کا ذبیحہ صنم کے نام سے بھی تمہارے عقیدہ میں حلال ہوا۔ ۵

تعقید وہ مقلد بے معنی۔ مقام نہ بندرا جواں مرداں ہرا۔ اور یہ جو کہیں کتب ملا نے لکھا ہے کسی بزرگ کا جانور اس کے ہاتھ میں کھانا جائز ہے یا نہیں

فاتحہ عرف عادت میں یا مردوں کے دن تہوار کی بابت لکھتے ہیں۔ یہ بات تو ہم پری بدعتوں اور اسراف اور ریا اور سمعہ اور کسی چھوٹی سی قرآن اوزار

کھانے اور لینے کے باعث جٹے ہیں۔ تمہیں انہوں نے بہتیرے واسطے لی لیے ملکوں کے جائز ہونا فتوی دیا۔ اور لیتے ہیں اپنے ہم مشربوں کے

مردار خواری کی راہ کی۔ مگر ان ملوں کے دوست گرہا ریتہ تو جیداں اتباع سنت کے موافق یہ کرکے اپنا جنبہ چاہیے تو دوں تو نہ ہا

۱۵۱ الغرض ماہل نذر ایسی کے کھانے کی کوئی وجہ عجب طبیعتی اسکا حرام ہونا اور دلیل سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔ تو کوئی اس کے کھانے کو ترک نہ کیا

کرتے۔ مگر یہ حیلہ لاتے ہیں۔ کہ اگر چہ کسی بزرگ کا جانور کہا نذر ان وہ نام حرام ہو۔ لیکن اگر کا گوشت اس نیت سے حرام ہوگا۔ کہ اس کا نذر

کر دیا اس بزرگ کی تعظیم و تقرب سے نہ ذبح کیا۔ دیکھو اس حوزہ عالمگیری کا مقابر ہے۔ کہ مسلم ذبح شاة للمجوسی لبیت نارھم

صلیب کے نام پر الوہیت کے اعتقاد سے نہیں ہو سکتا۔ اس واسطے اس صورت میں کہ بت کے لئے ذبح کیا گیا ہو گنجائش ہے۔ پھر بھی کہ بعض [illegible]
اس پہلی قسم کے ذبیحہ کو نہ کھانا چاہئے۔ پر اس دوسری قسم کے ذبیحہ کو کھایا جائے۔ نعوذ باللہ منہا۔ اور یہ جو کہا ہے۔ کہ اگر کوئی مسلمان تقیہ اللہ یا رسول اللہ
کے نام پر ذبح کرے تو وہ ذبیحہ کھایا جائے۔ اور اگر صنم کے نام پر کیا۔ تو نہ کھایا جائے۔ کیونکہ مسلمان رسول اللہ کے حق میں الوہیت کا اعتقاد نہیں رکھتا
اس قیاس فاسد کا جواب یہ ہے۔ کہ اکثر بے سبب مسلمان [illegible] جو آپ کو بڑے فقیر کہلاتے ہیں۔ سو حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عین اللہ مانتے
اور اپنے عقیدہ میں بیان مقصود فاسد پر اولیا کا اجماع نقل کرتے ہیں۔ اور اس مسئلہ [illegible] یہ متواتر [illegible] بھی سند لاتے ہیں۔ کہ انا عرب بلا عین
اور انا احمد بلا میم۔ اور اپنے عقیدے کا اظہار نظم و نثر سے بھی کرتے ہیں۔ چنانچہ اس مسئلہ کا اکثر آگاہ [illegible] ہیں اور یہ بیت [illegible] کہ سے
اپنے تئیں ظاہر غریب بلد یا [illegible]۔ عین رب در حقیقت ذاتی۔ اور یہ بھی سے محمد ظاہر آمد [illegible] مگر عین رب آمد۔ اگر علما میں ایسے عقیدے [illegible]
دیتے ہیں۔ چنانچہ یہ کہا۔ کہ ایسے مسلمان حضرت کا نام مبارک لیکر ذبح کریں۔ تو اس کا ذبیحہ حرام ہے۔ یا وے مسلمان ہی نہیں ہیں مگر
مشرک ہیں۔ ان کا ذبیحہ مردار ہے۔ دوسرا یہ کہ ایسے ذبح مخالف نص آیت اور حدیث اور اجماع اور قیاس کے ہیں۔ کیونکہ وما اہل لغیر اللہ کی
آیت اور ملعون من ذبح لغیر اللہ کی حدیث مطلق واقع ہے۔ اس میں یہ قید مفہوم نہیں ہوتا کہ صنم غیر کے نام سے ذبح کرنا [illegible]
[illegible] اور صحابہ کا اجماع ہے۔ کہ غیر اللہ کوئی ہووے۔ اس کا نام پر ذبح کرنا جائز نہیں۔ اور وہ ذبیحہ مردار ہوتا ہے۔ اور حضرت [illegible] نے فتوی بھی [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

رضائے اہل قبور کیلیئے - یا جن وپری کے واسطے ذبح کرنا یہ سب حرام ہیں اور تقرب و تعظیم کی وجہ سے تو کفر ہوتے ہیں چنانچہ یہ مسائل تمہارے علماء بھی
لکھے ہیں اب بعضے علماء نے اپنے مذہب کی معتبر کتابوں سے ایسے ذبح اور ذبیحوں کے جائز اور حلال ہونے کے فتوی دیئے پھرتے ہیں ہم ان مفت خوار مفتیوں
سے پوچھتے ہیں کہ کیا تمہارے عالموں نے کہا ہے کہ سنت سنیہ میں اس طرح ذبح کرنا اور ایسے ذبیحے کا کھانا رواج تھا - یا یہ کہتے ہیں کہ اس ڈھب کے
ذبح اختیار کرنے سے توحید اور اتباع سنت کو قوت ہے یا انتہا ہے - عالموں نے یہ تجویز کی ہے کہ جاننے دو جانیوں سے عوام کالانعام شرک و بدعت میں
اس ڈھب کے ذبح اور ذبیحوں کے آسرے میں شرک و بدعت کر سکیں ارمان نکال لیتے ہیں ہم اس بات کو حرام کیوں نہیں اس ان بیچاروں کی
آرزو بر آنے کے مانع کیوں ٹھیریں - یقین جانو کہ سب تمہارے سچے عالم تھے - تو ایسی نتیش نہ کرتے ہونگے - کیونکہ ان کا ارادہ یقینی یہی ہوگا کہ اتفاقا کسی
مسلمان کے ہاتھ سے ایسا ذبح ہو جائے - تو ہم اس کو برا جاننا جب تک ہو سکے - نہ کہ اس کے کام کو بے وجہ ہرگز حلال کرکے سمجھنا یا اس کے باطنی اعتقاد کو
عالم الغیب پر سونپ دینا - نہ یہ کہ بد معاملگی اور بد اعتقادی معلوم مشہور ہوتے ہوئے اس کے ذبیحے کو کہ وہ صاحب خطا تھا تم مقام علم سکتے - سو غور کیجیے
اس کے شرک و بدعت کے روادار اور شرک [illegible] ذبح کسی حال بدستور ہی - تم خوش ہو کہ ناخوش - باقی نصرانی وغیرہ کا ذبح مسیح اور مخلوق
کے نام پر نص آیات سے حرام ہے - کسی عالم کا کہا اس نص کو منسوخ نہیں کر سکتا - ایسے نص صحیح کے مقابل کسی قول کا ماننا اس بات سے بھی کہ تحریم و تحلیل میں
غیر اللہ کا کہا مان کے اتَّخَذُوا اَحبَارَهُم وَرُهبَانَهُم اَربَابًا مِن دُونِ اللّٰه کی وعید میں داخل ہونا ہے - اور یہی جانیے کہ جب

طرح اپنے لغوی معنی میں استعمال کیا گیا ہے۔ اس قسم کی مثالیں کتابت میں کتنی ہی موجود ہیں۔

مستقبل کو مستقلی بنا دیا تو کاتب کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے لیکن حال ہی میں ایک کاتب صاحب نے اس سے بڑھ کر ذہانت کا ثبوت دیا۔ دیوانِ غالب لکھ رہے تھے۔ اسی زمانے میں ایک دوست سے ملاقات ہوئی۔ فرمانے لگے۔ میں نے دیوانِ غالب کے متعلق ایک نئی بات دریافت کی ہے جو آج تک کسی کو معلوم نہیں اور لوگ جس وقت سنیں گے تو حیران رہ جائیں گے۔ دوست نے پوچھا وہ کونسی نئی بات ہے؟ کہا جس طرح نور الٰہی اور محمد عمر صاحبان نے مل کر ناٹک ساگر لکھی ہے اُسی طرح دیوانِ غالب کی تصنیف میں آتش کا بھی ہاتھ ہے اور اگر پورا دیوان نہیں تو کم سے کم ایک غزل ضرور دونوں نے مل کر کہی ہے ثبوت اس کا یہ ہے کہ مقطع میں دونوں کا تخلص موجود ہے اور وہ مقطع یہ ہے:

عشق پر زور نہیں ہے یہ وہ آتش غالب
کہ لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بنے

کاتب کا دوست بھی کاتب ہی تھا۔ اس نئی تحقیق پر دل کھول کر داد دی۔

مولینا حالی کے شعر میں لفظ "مغربی" کا جلی قلم سے لکھا ہونا محض اس امر کا مزید ثبوت ہے کہ کاتب اور گدھا ایک ہی خاندان سے ہیں۔ حیرت ہے کہ یہ علامہ لوگ ایک علمی بحث میں عقلِ سلیم کو چھوڑ کر ایک "کالحمار" کو اپنا رہنما کیوں بناتے ہیں۔ دوسری دلیل ان حضرات کی یہ ہے کہ:

"پیروی مغربی" کا مفہوم وہ نہیں ہے جو "پیروی مغرب" کا ہے۔ معقول ہے اگر مغربی شاعر مراد نہیں لیا جائے گا تو پھر ترکیب اضافی کے بجائے اپنی موجودہ شکل میں یہ مرکب توصیفی ہو جائے گا اور پھر اس کا مطلب یہ ہوگا کہ ایسی پیروی جو مغربی ہو یعنی مغربی انداز کی ہو۔ اس مقام سے یہ مطلب بالکل ہی غیر پیدا ہے۔ اب یہ امر کہ "پیروی مغربی" مغربی

سلہ الکاتب کالحمار

انداز فکر کے لئے استعمال کر دیا گیا ہو تو نئے ادیبوں کے یہاں اس قسم کی ترکیبوں کی گنجائش خواہ کتنی ہی نکلے مگر حالی سے مسلم الثبوت استاد کے یہاں ایسی بھونڈی ترکیبوں کا گذر نہیں۔"

خلاصہ اس گفتگو کا یہ ہے کہ اگر مولینا حالی کو یہ کہنا ہوتا کہ "آؤ مغرب کی پیروی کریں" تو وہ "پیروی مغرب" لکھتے۔ پیروی مغربی نہ لکھتے۔ کیونکہ پیروی مغربی سے یہ مطلب ادا نہیں ہوتا۔ اگر ہم یہ فرض کرلیں کہ حالی نے "پیروی مغربی" کو "پیروی مغرب" کے مفہوم میں استعمال کیا ہے تو قواعد کی رو سے یہ ترکیب اس معنی میں غلط ہے اور غلطی حالی سے ہو نہیں سکتی کیونکہ وہ ایک مسلم الثبوت استاد تھے۔

(۱) حالی ایک مسلم الثبوت استاد تھے اس میں کوئی شک نہیں

(۲) پیروی مغربی اور پیروی مغرب کا مفہوم جدا جدا ہے اس میں بھی کلام نہیں

(۳) مغربی سے مراد اگر مغرب ہے تو حالی کو پیروی مغرب کہنا چاہئے تھا۔ یہ بھی درست ہے۔

(۴) پیروی مغرب کے معنی میں پیروی مغربی لکھنا قواعد کی رو سے غلط ہے۔ اس سے بھی انکار نہیں۔

ان تمام امور میں ہم علامہ لوگوں کے ساتھ ہیں لیکن ان کا یہ کہنا کہ مولینا حالی سے ایسی غلطی نہیں ہو سکتی۔ موصوف کو سہو و خطا سے ترکیب پائی ہوئی انسانی فطرت سے محروم کرکے ایک معصوم فرشتہ بنا دینا ہے۔ اور یہ علامہ لوگوں کے امکان میں نہیں۔

مولینا حالی سے فقط یہی ایک تسامح نہیں ہوا بلکہ ایسی اور بھی کتنی ہی فرو گذاشتیں ان کے کلام میں موجود ہیں اور جن حضرات کو اس موضوع سے دلچسپی ہو وہ ہمارا مضمون "مسند" مطبوعہ سالنامہ شاعر (آگرہ) بابت ۱۹۴۵ء ملاحظہ فرمائیں۔ لیکن اس قسم کی فرو گذاشتوں سے مولینا حالی یا کسی دوسرے مسلم الثبوت استاد کی بزرگی میں کوئی فرق نہیں آتا۔ بھول چوک بڑے انسان سے ہوتی ہے۔ اور مولینا حالی بھی آخر

کی ہے۔ سو اب ہی کیا کریں۔ یا وہی عمل ارواح لوگوں کو اس سے منع کرنا کچھ ضرور نہیں۔ خیر یوں تو کسی نے نہیں کیا۔ کیونکہ یہ کہے کہ حقیقت
میں اس طرح ذبح کرنا بدعت قبیحہ ہے۔ کہ عہد نبوی سے لیکر آئمہ مذہب کے زمانے تک کہیں ایسا واقع نہیں ہوا۔ رواج کا تو کیا ذکر بلکہ
جن فقیہوں نے ایسے مسئلوں کو لفظاً اگر لکھے ذکر کیا ہے۔ سو دلیل اس بات کی یہ کہ اگر بعض اتفاقی صورت واقع ہو تو اس کا حکم حل و حرمت
اور جواز و کراہت بیان ہوئے ہیں۔ یہ مقصود نہ تھا کہ ارادہ ہرگز یہ نہیں کہ ایسی ایسی بدعتیں عملوں میں جاری رہیں۔ یا اس زمانے میں کوئی شخص
غیر اللہ کے واسطے ذبح کیا کرے۔ اور مخلوق کا سجدہ بجا لاوے۔ مگر اس زمانہ فاسد میں کہ لوگ غرق شرک و بدعت ہیں سو کسی فقیہ نے
جان بوجھ کے ایسی ایسی فعلی باتیں کہ جن سے لوگ شرک و بدعت میں چل بچے تو نہ رہ سکے۔ لکھ کے عوام کے ہاتھ میں ہتھیار فساد
دیوے۔ سو بیشک خطرہ ایمان ہے اور ماہل کی عادتیں محلہ آتوں ہے۔ ورلا تاکلوا من معاقرة الاعراب فانی لا آمن
ان یکون مما اہل لغیر اللہ کی حدیث سے اور حضرت علی کے اثر سے کہ آپ نے عجم کے فخر سے ذبح کئے ہوئے اونٹوں کے گوشت حرام
ہونے کا فتوی دیا تھا۔ سو ہمارے علماء نے یہی پایا۔ کہ جس ذبیحہ کے ذبح کا موجب کھانے کھلانے کے سوا اور ہو تو وہ
قدیم اور ذبیحہ مما اہل لغیر اللہ کی جنس میں داخل ہو کے حرام ہوتا ہے۔ اس واسطے انہوں نے فرما دیا ہے کہ بادشاہ کے تشریف لانے کی تعظیم پر ذبح
یا اس کے بیٹوں کے واسطے یا اس کی سرکار سے خلعت ملی پر اسکی عزت کے واسطے ذبح کرنا یا کسی کی خاطرداری کے واسطے ذبح کرنا جیسا

ان کے بدگویوں کے حق میں اس سے زیادہ کیا کہوں ــ حسدوا الفتی اذ لم ینالوا سعیه ۔ فالکل اعداء له

وخصوم ۔ معترض کو اس اعتراض سے اپنی ناموری مقصود تھی تا لوگ کہیں ۔ کہ دیکھو یہ ایسا بڑا عالم ہے کہ مولٰنا عبد العزیز کی تفسیر

پر اعتراض کرتا ہے ۔ یہ نالائق ایسا ہی ہے جیسا کسی نے اپنی ناموری کے واسطے زمزم کے پاس [illegible] تھا جس کا نام تاریخوں میں آج تک باقی ہے [illegible]

اے مردار خوارو ۔ تمہارے کٹ ملا نے تم کو مردار خواری کا فتوی دیا ہے ۔ وما اہل بہ کے اصنام سب چٹ کیا کرو ۔ مگر ایک ہی قسم ہمارے یہاں کو [illegible]

وہ جو کوئی نام مسلمان شرک سے اپنی نیت سے فقط غیر اللہ کا نام پکارے کوئی جانور ذبح کرتا ہو ۔ سو یہ صورت الا ما ذکیتم

باقی الوداع وما اہل بہ لغیر اللہ کی تھی کے اس کا تو اب اس نیم ملا نے نام اہلال میں لکھا کر ۔ اور اس سے موی یہ کسی سے کو ٹھہرایا کر

تو شنہ عاقبت ہمیشہ کیں ۔ ف ــ سوال جب نظم قرآنی دلالت کرتا ہو کے معنی اعم پر ایک جنس کی محرمات کی ۔ اور وہی نظم محمول ف ١٨٠

ہو سکتا ہو ۔ معنی اخص پر یعنی ایک نوع محرمات پر تو حمل ایسے نظم کا معنی اعم پر لازم ہے ۔ یا صرف اس کا معنی اعم سے معنی اخص طرف

اور اہمال و تعطیل اس معنی اعم کی ۔ یہاں تک کہ بعضے نوع کی حرمت مفہوم ہو ہے ۔ جواب ۔ دو ای ہدی عالم کہلانے والے محسن تو ۔ فان لم

تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا النار الخ اللھم اجرنا من النار ۔ اور یہ بھی جان رکھو ۔ کہ کہنے والوں نے یوں لکھا ہے کہ اگر ذبح کے

وقت قوم نے ایسا کہا ۔ تو ذبیحہ حرام ہو ۔ کیونکہ ملحد ہیں ہرگز نے یوں نہیں کہا ۔ کہ لوگوں نے جو ذبح کے وقت ایسی ایسی باتیں کہتے ہیں ذبح کر چکی تھی

وبدعت کو نور نے اٹھے - تو عرق حمیت جاہلیہ علمائے سو کی حرکت میں آئی - سو ان کے رد میں قلم پکڑا ہاں حسنی اسکو کہتے ہیں سکہ
مردہ دو درم میں جائے یا بہشت میں ملا کو حلوا سانڈ سے سے کام - جب حلوا ماند امسک کرد - تو ملا کے منہ میں خاک پڑی - اس واسطے وہ البتہ
خاک چھانتا پھر گیا - چنانچہ اس زمانے میں یہی کیفیت نظر آتی ہے - ان بیہودہ اعتراضوں کے رد میں اپنی قلم فرسائی ہمنے جو کی ہے اس کا سبب
کہ اس معترض و لدف اپنی طالب علمی کہتا ہے - اگر کوئی صرف جاہل اعتراض کیا ہوتا - تو ہم اس کا جواب لازم نسمجھتا - چنانچہ الخیرات الحسان
میں جو امام ابوحنیفہ کے مناقب میں ہے لکھا ہے کہ کسی بیوقوف نے اس جناب پر اعتراض کرکے معذرت خواہی کی - تب آپنے اسکو معقول کیا تو وہ
عذر خواہی کرنے لگا - اور معافی چاہی آپ نے فرمایا کہ جب علم میرے جنس کا ہی جانتا ہے - سو اسکو میں نے بخشا - جو کوئی علم والے نے مجھی دوش لگایا
ہو میں نے اسکو نہیں بخشا - کیونکہ علم والے کے دوش لگانے سے آدمی بر ملک رہ جاتا ہے - ہمنے حاصل قصہ کہہ دیا - پھر کوئی کم فہم یہ کہے
کہ یہ مذکورہ قصے کا لفظی ترجمہ نہیں ہے دوسری بات یہ ہے - کہ جو ترجمہ میں خوض کرنا اور ان کے دقائق و لطائف کو پہنچانا نصیب ان
لوگوں کا ہے - کہ حنفیہ پیشوا کے حق میں یہ حدیث آئی ہے - کہ لو کان العلم معلقا فی الثریا لناله رجال من قوم ھؤلا
او کما قال صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - گویا ہیں ان کے حق میں امام شافعی علیہ الرحمۃ نے فرمایا - کہ الناس عیال علی ابی
حنیفۃ فی الفقہ - مولینا عبد العزیز کو اور ان کے شاگردوں کو اللہ تعالیٰ نے فقہ حنفی کی برکت سے سرفراز کیا ہے لیکن

کہ مولٰنا کی عبارت جو آواز برآوردہ شد اور شہرت دادہ شد سے خلاف لغت ہے۔ کیونکہ اہلال کے معنی فقط آواز کرنا کرنے کے لکھے ہیں

شہرت دینا کرکے کوئی نہ لکھا۔ ندا کرنے میں اور شہرت کرنے میں بڑا فرق ہے۔ انتہی جواب اس کا یہ ہے کہ مولٰنا نے کب لکھا ہے

کہ اہلال کے معنی شہرت دینا ہے۔ بلکہ اہلال کے معنی آواز برآوردہ شد فرما کے اس کے بعد لازم کو ذکر کیا ہے کیونکہ شہرت دادہ شد

کیونکہ تمہارے کاٹ ابرا کا نام مرغ پر پکار دینے سے اس کا شہرہ بھی لازم آتا ہے۔ چنانچہ ہم سب لوگ کہتے ہیں کہ دیکھو کاٹ بابا کا

مرغ ہے اسکو کوئی نہ ہانکو نہ چیراؤ۔ علی ہذا القیاس۔ اب اہلال شہرت کا مستلزم ہے۔ مگر جو ٹے طالب علم بدعتی مردہ پر تو ہاں

سوال جانوروں پر جیسے چیلنغ الیہ کا اہلال کرتے ہیں۔ اور ان مردار جانوروں کو آپ کھاتے اوروں کو کھلاتے ہیں ایسی صورت میں البتہ

اہلال کی شہرت نہ ہوگی۔ جب کوئی عالم کہلانے والا کسی نوع بدعت کے باب میں سہل انگاری کرکے جواز کے وجوہ نکالے تو ان بدعتوں کی

وہ بدعت اور اس قسم کی بدعت کرنے پر جرأت ہوتی ہے۔ اور ان کی اور ان کے اقران و امثال کی شہرت اور مقصدی اور بدعت ایجادی زیادہ

ہوتی ہے۔ چنانچہ ایسی ہی سہل انگاریاں کرتے کرتے بدعتوں کی نوبت یہاں تک پہنچی۔ اس سبب میں مُصِر بدعتی سے اتنا ضرر نہیں پہنچتا جتنا

مداہن اور مسائل جاننے عالم سے۔ کسی جانور بزرگ مرکر سو اسکو ان کے فاتحہ میں خرچنا کسی سچے محدث اور مفتی نے تو نہیں لکھا مگر بہتیرے بدعتی ہمیشہ کا

لوگ شرک اور بدعت کے کام کرتے ہیں سالہا سال دراز گذرے مفت خوار مفتیوں نے ان کا رد و قدح نہیں کیا۔ جب اہل سنت نے شرک

کیواسطے ذبح کر کے کھلاتے کھلاتے ہیں سب جانوروں سے مقصود ذبح ہے اور تعظیم غیر اللہ کی تو کوئی معترض نے یوں کہا۔ کہ وما اہل لغیرہ

یعنی ما ذبح لغیر اللہ۔ کیتوں نے یوں کہا۔ کہ وما اہل لغیر اللہ ای رفع الصوت بہ لغیر اللہ بان ذبح علی اسمہ وغیرہ۔ کیتوں نے یوں لکھا۔ کہ وما اہل

لغیر اللہ بہ یعنی ما ذبح للاصنام والطواغیت مولانا نے عام تر رکھا۔ اور کسی نے جو یوں کہا۔ کہ صحاح جوہری میں ما اہل بہ لغیر اللہ کے معنی ۱۹

ما نودی علیہ باسم غیر اللہ لکھا ہو تو تفسیر عزیزیہ والے کے لکھنے کو مفید نہیں بلکہ ما نودی فیہ لغیر اسم اللہ ہوتا۔ تو ان کے لکھنے کو مفید ہوتا کس

واسطے کہ انہوں نے لکھا ہے۔ کہ وما اہل بہ دیگران جانور کہ آواز برآوردہ شد و شہرت دادہ شد در حق آں جانور۔ کہ لغیر اللہ یعنی برائے

غیر خداست خواہ آں غیریت باشد الی آخر قولہ ملعون من ذبح لغیر اللہ۔ جواب اس معترض کا یہ ہے۔ کہ اگر کوئی کہے نادیت علی ہذا العبد

انہ لفلان۔ اس کا مفہوم یہی ہے۔ کہ میں نے مشہور کر دیا۔ اس غلام کو کہ وہ فلانے کا ہے۔ یہ بات اس قوہ میں ہے۔ کہ میں نے شہرہ کیا

اس کے حق میں کہ وہ زید کا ہے۔ اب ایسی ترکیب میں فیہ کا واجب ہونا تم نے کہاں سے نکالا۔ اور علیہ کو ممنوع کیونکر سمجھا یہاں علی

کلمہ استعلا اور فوقیت حقیقت کے واسطے نہیں ہے۔ اگر فیہ ہوتا۔ تو بھی ظرفیت حقیقت کے واسطے نہ ہوتا مگر علی تحقق نسبت

کے واسطے ہے۔ اگر فیہ ہوتا تب بھی اسی تحقق کے واسطے ہوتا۔ پھر اس محل کو فیہ من علی پر ترجیح دینا خوش فہمی سے ناشی ہے

مگر اس میں فیہ ہی ہو یا تمہاری نادانی ہے یا تعصب اور حسد بدعتیوں کی خوشامد یا لذت نیاز کھانے کا شوق۔ اور معترض نے جو کہا ہے

اور علمائے حقانی مگر مومن مستور الحال حسن ظن اگر اپنے جانور کو کسی بزرگ کا جانور کہے۔ تو اس کو غیر اللہ کا ناسک اور ناذر نہ کہا جائے

جب تک کہ اس کا ارادہ معلوم نہ ہو۔ پھر جب اس کا ارادہ معلوم ہو۔ کہ اُسے غیر اللہ کی تعظیم اور تقرب کا ارادہ کیا ہے تو بیشک شرک ہے

جو تمامی فقہا کے اتفاق سے پھر یہاں سے منافق نما مومن کا حکم ظاہر ہو گیا۔ باقی رہا فاسق مومن۔ سو اگر وہ اپنے جانور کو کسی محترم کا

جانور کہے۔ تو البتہ محل تہمت ہے۔ ویسے جانور سے کہانیکا احتراز کرنا ضرور لیکن جب اس کا صاف ارادہ غیر اللہ کی تعظیم اور تقرب کا معلوم

ہووے تو اس جانور کے حرام ہونے میں اور اس شخص کے فاسق مشرک ہونے میں کیا تردد۔ باقی رہے وہ لوگ جو مسلمان کہلا کے غیر اللہ کو پوجا کرتے

ہیں۔ اور کلمات کفر بکا کرتے ہیں۔ پھر جب انہوں نے کسی بزرگ کے نام کا جانور کیا تو وہ جانور حرام اور اس کا چھوڑنا شرک کا کام کیوں نہ سمجھا جائے

سب ظاہر حال مقام علم کے ہے۔ باوجود اس کے اوپر نیک گمان کر کے ان کے کئے ہوئے جانور کو حلال ٹھیرانا محض مردار کھانا اور مردار کھلانا

ہے۔ اور لوگوں کو شرک کے کام کی جرأت دینی نعوذ باللہ۔ وبیان کرو کہ ما اهل به لغير الله میں اطلاق ظاہر ہے۔ اس قسم کے سب

چیزوں کو شامل خواہ جانور ہوویں یا سوائے اس کے کچھ سوائے ان کے اور جب بلاغت قرآنی سب بلاغتوں سے منتہائی درجے میں واقع ہے

اور لا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین۔ قرآن کریم کی شان ہے۔ اس واسطے غیر اللہ کے نام کے منذورات اور مذبوحات کسی ایک

قسم کے ہوویں۔ سوائے چیزوں ما اهل به لغير الله میں داخل ہیں جب ما اهل به لغير الله مذبوح کی قسم سے ہووے۔ تو مشرکوں کے ذبیحوں

کیس واسطے اس عاجز نے اس کے خلاصۂ مطالب کو بربانیات کے طور پر لکھا۔ واللہ اعلم بالصواب۔ باقی رہا یہاں ایک

مسئلہ جواب طلب۔ کہ اگر کوئی مومن اپنے جانور کو کہے کہ یہ جانور فلانے بزرگ کا ہے۔ تو اس کا کیا حکم۔ جواب۔ مومن اقسام

پر ہیں مومن حق منصوص علیہ۔ مومن مشہود لہ بالخیر۔ مومن مستور قابل حسن ظن۔ مومن مستور منافق البطن۔ مومن مجاہر

بالفسق۔ مومن مرتکب کفریات۔ مدعی ایمان۔ ہر ایک کا حکم اس کے حال کے موافق ہے۔ کیونکہ مومن حقانی منصوص علیہ

جو جماعت صحابہ کرام کی اور اہلبیت اطہار کی ہے سو انہوں نے تو کبھی ایسے جانور نہ کئے ہاں حضرت علی نے حضرت علیہ الصلوٰۃ

والسلام کی نیابت سے حضرت کی قربانی کی ہے۔ کیونکہ آپ نے انہیں یہ وصیت کی تھی۔ چنانچہ مشکوٰۃ کے باب الاضحیٰ کی

دوسری فصل میں ہے۔ کہ عَنْ حَنَشٍ قَالَ رَاَیْتُ عَلِیًّا یُضَحِّیْ بِکَبْشَیْنِ فَقُلْتُ لَہٗ مَا ھٰذَا فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَوْصَانِیْ اَنْ اُضَحِّیَ عَنْہُ فَاَنَا اُضَحِّیْ عَنْہُ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ

نحوہٗ۔ نہ اپنے بھائی جعفر طیار کی۔ نہ اپنے چچا سید الشہدا کی۔ العقیقہ الیسی قربانی کرنی جانور کرنے کی قسم سے نہیں کیونکہ

انہوں نے اس قربانی کے گوشت کو اچھوتا تبرک نہیں ٹھیرایا۔ اور اس قربانی کر لینے کو کوئی حاجت اور مراد نہ مانگی۔ اسکو آنحضرت

کی نذر نیاز نہ جانا۔ اور اسی طرح مومنین مشہود لہم بالخیر نے بھی ایسے جانور نہیں کئے۔ جیسے تابعین اور مجتہدین [illegible]

باسمہ غیر اللہ۔ ان مختلف تعبیروں سے یہی معلوم ہوتا ہے۔ کہ انہوں نے کبھی تیسری نوع کا کبھی چوتھی نوع کا لحاظ کر کے اس اس طرح
سے لکھا ہے۔ ان کے ویسے لکھنے سے دوسری نوعوں کا موجود ہونا یا مقصود ہی نہ ہونا کہاں سے لازم آتا ایسی ہی جگہ پا
تو ہم حنفیوں کے اصول میں لکھا ہے۔ کہ فہم الصحابی لیس بحجۃ وفہم غیرہ بطریق اولی۔ یعنی اطلاق نص کو تقیید کرنے میں یا عموم
ایسے ہی مقدمات میں جس میں نص کے حکم سے کچھ بڑھ جانا کچھ گھٹ جانا لازم آتا ہووے سو ویسی صحابی کی سمجھ کی وجہ سے
نص کے مطالب کو کم زیادہ نہ کرنا چاہئیے۔ کیونکہ ایسی جگہوں میں صحابی کی سمجھ اوروں پر حجت نہیں ہو سکتی۔ اگرچہ اس صحابی کو وہ سمجھ
حجت ہو سکتی ہو۔ دوسروں کی سمجھ بطریق اولی حجت نہ ہو۔ اور ظاہر ہے کہ جیسا وما اہل تواتر ہو کر اپنے اطلاق پر اور ظاہریت پر باقی ہے؛
ویسا ہی اس کو ظاہریت اور اطلاق سے پھیرنے کو ویسی ہی متواتر دلیل چاہئیے۔ نہیں تو فقط ان تعبیرات سے اس اطلاق اور ظاہریت کا
امتناع محض خیال ہے۔ یا تو صب بھر اگر کوئی شخص اپنی کم فہمی سے اس اطلاق کا اور ظاہریت پر مانع ہو کر وما اہل بہ لغیر اللہ کے معنی کو ذبح
علی اسم غیر اللہ ٹھیراوے۔ اور باقی اطلاق اور ظاہریت کا منکر ہووے۔ تو ایسی صورت میں قریب ہے۔ کلام اللہ کی تحریف معنوی کی
تامل کرو انصاف سے۔ لیکن اس بیان کو حضرت مولانا عبد العزیز علیہ الرحمۃ نے مصلحت عام کیواسطے اور خاصوں کی سمجھ کے اعتماد پر
خطابیات کے نہج پر لکھا تھا اور تمام خصوصیات اور قیود (جو اس مقدمے میں ہم نے لکھے ہیں سو) مولینا ممدوح کی عبارت میں موجود
ہیں صاحب عقل سلیم منصف طبیعت اس بات کا منکر نہ ہو گا۔ لیکن بعضے طالب العلموں نے مولینا کی عبارت میں کچھ بیچ پیچ

پھر مَا اُہِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ۔ کلام اللہ میں اپنے اطلاق لوظاہریت کی جہت سے گویا اس مفہوم پر منطبق ہوا ہے۔ جو بتوں کی تعظیم سے اہلال کرنیوالوں
کے پاس منزلۂ جنس کے ہے۔ کیونکہ بعض چیزوں کے اہلال کرتے ہیں انکو استعمال میں نہیں لاتے۔ چنانچہ بیلوں کو سانڈ کرتے ہیں بتوں کے
نام پر اور بعضے عورتوں کو بھی انکے نام پر اسیطرح چھوڑتے اور بعضے کھانے میوے کپڑے وغیرہ بلکہ زمین کو بھی سو یہ وما اہل کی ایک
نوع ہے۔ دوسری یہ کہ غیر اللہ کے نام پر اہلال کرتے اور انکی تعظیم کیواسطے انکو چھوڑتے اور اس کو استعمال بھی کرتے اور اسکو پرشاد یعنی
تبرک جانتے جیسے نرسو کے گلگلے اور پریوں کے ملیدہ کا میوہ اور کھیر وغیرہ اور شیو کا آٹا اور آتے کا چراغ اور ایسی ہی چیزیں تیسری
وے جانور ہیں جو بتوں کے نام پر اہلال کرتے اور انکو تعظیم کے واسطے چھوڑتے اور ان ہی کے نام پر نام پکار کے ان کو ذبح کرتے جیسے
کالی وغیرہ کے نام پر بکرا مارتے ہیں اور بل دیتے ہیں۔ چوتھی غیر اللہ کے نام پر جانور کرتے اور غیر اللہ کی تعظیم و تقرب کے واسطے اس
جانور پر اس غیر کا نام پکار دیتے اور جانور اس غیر کے نام سے مشہور کرتے۔ اور اللہ کے نام سے ذبح کرواتے مگر باطن میں اس غیر اللہ کی
تعظیم جیسی کی تیسی باقی ان پہلی دونوں نوعوں میں ذبح مَا اُہِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ کی ماہیت کا خارج لازم ہے۔ اسی واسطے بعض مفسروں نے
ان دونوں نوعوں کو ملحوظ رکھا ہے۔ سوانہوں نے کسی نے وما اہل کی تعبیر یوں کی کہ وما رفع بہ الصوت باسم الاصنام والطواغیت
اور بعضوں نے تعظیم غیر اللہ کا قید بھی لگایا۔ اور بعضوں نے یوں تعبیر کی کہ وما ذبح للاصنام اور بعضوں نے یوں کہا کہ وما رفع بہ الصوت عند ذبحہ

ایک انسان ہی تھے۔ چوک ہو گئی۔

حالی کے استاد مرزا غالب جو امیر خسرو کے سوا کسی ہندی نژاد کی فارسی دانی کے قابل نہ تھے جنہوں نے حزیں، صائبؔ، نظامیؔ، خاقانی، جلال اسیرؔ، اہلی شیرازی، اور خواجہ حافظ جیسے مسلم الثبوت ایرانی اساتذہ کی گرفت کی اور اکثر بجا کی۔ جنہوں نے صاحب برہان قاطع کو مردود، قتیل کو کھتری بچہ اور اُلو کا پٹھا۔ مُلا غیاث الدین صاحب غیاث اللغات کو ملانے مکتبی (اور غیاث اللغات کو کتہ "حیض") عبد الواسع ہانسوی کو گھاکس اور دوسرے ہندی نژاد فارسی دانوں کو ان کی "جہالت" کی بنا پر اسی قسم کے رکیک الفاظ سے یاد کیا۔ جنہیں اپنی فارسی دانی پر بڑا ناز تھا۔ جو ایک ایک لفظ کو پورے غور و فکر اور کامل تحقیق کے بعد استعمال کرتے تھے ذرا اُن کی پنج آہنگ سامنے رکھیے اور اُن کی ٹھوکریں کھانے کا تماشا دیکھیے۔ جن غلطیوں پر دوسروں کو ٹوکتے تھے خود اسی قسم کی لغزشوں کا شکار ہوئے۔ چند مثالیں ملاحظہ فرمائیے۔

پنج آہنگ صفحہ ۱۳۳۔ مصارف راہ۔ مصارف یعنی اخراجات کا ٹھیٹھوں کی فارسی ہو تو ہو ایرانیوں کی نہیں وہ خرچ اور اخراجات بولتے ہیں۔

صفحہ ۱۴۰۔ نوید فراق دائمی۔ نوید اچھی خبر کو کہتے ہیں۔ فراق دائمی یعنی موت اور وہ بھی ایک دوست کی موت کی خبر کو نوید کہنا مرزا صاحب ہی کا حصّہ ہے۔

صفحہ ۱۴۴۔ ورق اشتہار۔ فارسی میں اعلان کہتے ہیں۔ اشتہار نہیں کہتے۔

صفحہ ۱۴۸۔ مثل مقدمہ۔ اس معنی میں مقدمہ ہندوستانی ہے ایرانی مرافعہ کہتا ہے۔

صفحہ ۱۶۵۔ در عرصۂ سہ روز۔ عرصہ یعنی مدت اُردو ہے۔ فارسی میں عرصہ کے معنی میدان کے ہیں۔

صفحہ ۱۶۹۔ شادی جواہر سنگھ۔ شادی یعنی بیاہ اُردو ہے۔ فارسی میں عروسی کہتے ہیں۔

صفحہ ۱۵۷۔ ملازمت۔ یعنی نوکری اُردو ہے۔ فارسی میں خدمت، نوکری اور استخدام کہتے ہیں۔

اس کے ساتھ مرزا صاحب کا یہ شعر بھی رکھنے کے قابل ہے۔

غلطہائے مضامین مت پوچھ ۔ لوگ نالے کو رسا باندھتے ہیں

غلطی فارسی میں نہیں آتا۔ اردو میں البتہ بولتے ہیں مرزا صاحب نے غلطی کی جمع فارسی کے قاعدے سے غلطیہا بنائی یہ ایک غلطی۔ اور پھر اسی پر اکتفا کی بلکہ اس کے ساتھ اضافت کا استعمال بھی جائز رکھا اور "غلطہائے مضامین" کہا یہ دوسری غلطی۔

اب اگر ان علامہ لوگوں سے کوئی پوچھے کہ مرزا صاحب جیسے مسلم الثبوت استاد سے کہ وہ حالی جیسے مسلم الثبوت استاد کے استاد تھے اس قسم کی غلطیاں کیونکر سرزد ہوئیں تو سوائے اس کے کہ وہ بغلیں جھانکنے لگیں اور کوئی جواب اُن سے نہ بن پڑے گا۔ لیکن یہی سوال اگر کوئی ہم سے پوچھے تو ہم بلا تامل کہہ دیں گے۔ کہ مرزا غالب انسان تھے۔ اور سہو و خطا لازمۂ بشریت ہے۔ لہٰذا اُن سے غلطی ہو گئی لیکن اس غلطی سے عظمت و بزرگی میں کوئی فرق نہیں آتا۔

اس محل پر یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ پیروی مغرب کے بجائے پیروی مغربی کہنا کوئی ایسی باریک غلطی نہیں کہ مولینا حالی کے لئے اُن کا سمجھنا دشوار ہو۔ یہ ایک بالکل اتفاقی امر ہے کہ مولینا کی نظر اس طرف نہیں گئی اور وہ اپنی لاعلمی میں پیروی مغرب کے بجائے "پیروی مغربی" لکھ گئے۔

جو حضرات "پیروی مغربی" کے معنی ایران کے مشہور شاعر "مغربی تبریزی کی پیروی" لیتے ہیں۔ وہ یا تو مولینا حالی کے حالات و خیالات سے واقف ہی نہیں۔ یا جان بوجھ کر انہیں نظر انداز کر دیتے ہیں۔ نہ صرف اس قدر بلکہ وہ اس حقیقت کو بھی بھول جاتے ہیں کہ مولینا حالی کی شاعری کا ایک معتد بہ حصّہ ایسا ہے جس میں یقیناً مغرب کی

اُجِق کسی پر نیا چاند ہوا۔ جب جاہلیت میں عرب ستاروں کی تعظیم بلکہ ستارہ پرستی کرتے تھے۔ تو ہر مہینے کے چاند کے دیکھنے سے خوشی ہو کر اسکی تعظیم

کر کے آواز بلند کرتے تو کبھی اس میں اپنے بتوں کے نام بھی لگاتے۔ تو اس واسطے ایسے پکارنے کا نام اہلال ہو۔ پس چاند دیکھ کے ان کے پکارنے کے

باب میں اہلال کا استعمال لغوی ہے۔ اور پیدا ہوئے بچے کے پہلے چلا رونے کے باب میں اہلال کہنا مجازی علاقے سے تشبیہ کے نئی حالتی

جہت سے۔ اسی طرح لبیک پکارنے کے مقدمے میں اہلال مجاز ہے۔ تو تعظیم و تقرب کے علاقے سے بکثرت استعمال سے اہلال عام ہوا۔ تعظیم و تقرب

سے پکارنے کے باب میں اور وہ متعدی ہوتا ہے۔ تین مفعول طرف ہوتا وہ لفظ جس کو اہلال کرنے کے وقت میں بولتے ہیں دو مراد وہ شی جس

پر اہلال ہوتا ہے۔ تیسرا وہ شخص جس کی تعظیم کے واسطے اہلال ہوتا ہے۔ پس اہلال ما تقدیر مفعول اول کی طرف باء سے ہوتا ہے۔ اور دوسرے کی طرف علیٰ

تیسرے کی طرف لام سے۔ جیسا کہ اہل بالسنۃ علی الذبیحۃ لاللہ۔ تب ان کے عرف میں اہلال کی تمام ماہیت یہ ٹھیری۔ کہ کسی چیز پر کسی کا نام

پکارنا۔ اسکی تعظیم و تقرب سے۔ پھر اگر کوئی شخص کسی گائے کو زید کی گائی کہے اور پکارے۔ اور مشہور کرے بھی یا بھوتی اضافہ و نسبت سے بتانا

مقصد اسکی تعظیم و تقرب کے تو یہ کام اہلال نہ ہوا۔ اسی طرح اگر کوئی شخص جانور وغیرہ کو غیر اللہ کی تعظیم کے واسطے چھوڑے لیکن بالکل اظہار نام

تو ظاہر میں اہلال نہ ہوا۔ اسی طرح اگر کوئی تخصیص کرے تو سمجھے۔ کہ نفس الامر میں حرام اور شرک ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص غیر اللہ کی تعظیم و تقرب کیلئے

نذر و نیاز کرے۔ یا جانور پالے۔ ظاہر میں لوگوں کو بتلانے خالص اللہ کا نام لے تو یہ بھی ظاہراً اہل لغیر اللہ نہ ہوا۔ اگرچہ نفاق و شرک ہوا

کے طور پر اللہ کا نام کہا جاوے۔ حقیقت میں ذبح غیر اللہ کے نام ہوا۔ ظاہر میں اللہ کا نام لیا گیا۔ باطن میں غیر اللہ کا۔ اور ظاہر ہے کہ نیت پر

انحصار عمل ہے۔ کہ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَاِنَّمَا لِکُلِّ امْرِیٍٔ مَّا نَوٰی۔ حضرت علی مرتضیٰ نے ایک کتاب میں کئی حدیثیں

پیغمبر خدا کی لکھوا کر رکھی تھیں سو تھی لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ غَیَّرَ مَنَارَ الْاَرْضِ۔ یعنی لعنت کرے اللہ اسکو جس نے لعنت کی اپنے ماں

باپ کو۔ اور لعنت کرے اللہ اس کو جسنے ذبح کیا اللہ کے غیر کیلئے۔ اور لعنت کرے اللہ اسکو جسنے جگہ دی شرع کے خلاف بدعتی کو

مارے کو۔ لعنت کرے اللہ اس کو جس نے بدل دیا زمین کی حد بندی کو۔ روایت کی اسکو امام احمد اور مسلم اور نسائی نے جیسا

انہیں میں کی یہی ہے۔ ف یعنی لَعَنَ اللّٰہُ مَنْ ذَبَحَ لِغَیْرِ اللّٰہِ۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسی کے نام پر جانور ذبح کرنا

یہ بھی انہیں کاموں سے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خاص اپنی تعظیم سے ٹھیرائے ہیں۔ اور یہ ف غیر کی تعظیم کیلئے ذبح کرنا ہی شرک کی بات ہے

ش۔ اور اس ذبیحہ کا کھانا حرام ہے۔ جیسا اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ حُرِّمَتْ عَلَیْکُمُ الْمَیْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِیْرِ وَمَا اُھِلَّ

لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّیَةُ وَالنَّطِیْحَةُ وَمَا اَکَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَکَّیْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَی النُّصُبِ

وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ۔ وما اہل لغیر اللہ کی حرمت کو اللہ تعالیٰ نے اس سے چار جگہ قرآن مجید میں بیان فرمایا ہے دوسرے جزو کے

پانچویں رکوع میں اور آٹھویں جزو کے پانچویں رکوع میں اور چودھویں جزو کے اکیسویں رکوع میں۔ فائدہ جاننا چاہیئے۔ کہ اہلال مشتق ہے ف ١٢٩

خاص یہ کہتے ہیں کہ اَھَلَّ فُلَانٌ نیا چاند دیکھا فلانے نے اُھِلَّ الشَّھْرُ ہلالی مہینے کا چاند نظر آیا۔ مہینا شروع ہوا

حق کے اس بد رسم کے جاری ہونے کے باعث ہوتے ہیں۔ اور رسول کے دشمن اس وجہ سے کہ آپ کی دعوت کو جو اصل توحید اور اتباع سنت ہے

تھا اس کو اچھی طرح چلنے نہیں دیتے۔ اس وقت اس سے بڑھ کر اور کیا دشمنی ہو سکتی ہے۔ دشمن کئی طرح کے ہوتے ہیں ایک تو جان لینے کے۔

دوسرے مال ضائع کرنے کے۔ تیسرے آبروریزی کرنے کے۔ چوتھے منصب اور عہدے اور حکومت کے لوازم چلنے نہیں دینے کے۔ پانچویں دین کے

قاعدے کی باتیں چلنے نہیں دیتے۔ کہ منکر کے شعار بنتی جاتی ہیں۔ سو چوتھے اور پانچویں قسم کے دشمن ہیں آنحضرت کے۔ کیونکہ نبوت کے

حکموں کو اور دین کے قاعدوں کو اچھی طرح چلنے نہیں دیتے۔ جیسے اخرج مسلم عن ابی الطفیل ان علیا رضی اللہ عنہ اخرج صحیفة

فیها لعن الله من ذبح لغير الله مسلم نے ذکر کیا۔ کہ ابو طفیل نے نقل کیا کہ حضرت علی علیہ السلام نے ایک کتاب نکالی

اس میں لکھا تھا۔ کہ لعنت کرے اللہ اس شخص پر۔ کہ ذبح کرے واسطے غیر اللہ کے ف یعنی جو کوئی اللہ کے سوا کسی اور کے نام کا جانور

ذبح کرے۔ سو وہ ملعون ہے۔ ف جانور ذبح کرنا انکی اصطلاح میں دو معنی پر بولا جاتا ہے۔ کہ کسی جانور کو کسی بزرگ کے نام پر نذر کر کے ذبح کرنا

میں اس کو ذبح کرنا مقصود نہیں۔ دوسرا یہ کہ کسی جانور کو کسی بزرگ کے نام پر نذر کر کے چھوڑنا پھر اس بزرگ کی خوشنودی کیلئے

ذبح کرنا اور جن قیدیوں سے اس بزرگ کی روح کو خوش ہونا اپنے عقیدے میں مقرر ہو اسی تفصیل سے کرنا کہ تا مقصد پایا جاوے

کسی بزرگ کے نام کا جانور کرتا ہے سو اسی بزرگ کی تعظیم اور تقرب کی نیت سے ذبح کرنا اور کروانا ہے اگرچہ ذبح کے وقت مقرری عادت

[illegible]

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ اُمَّتِیْ بِالْمُشْرِکِیْنَ وَحَتّٰی تَعْبُدَ قَبَائِلُ
مِنْ اُمَّتِی الْاَوْثَانَ۔ مشکوٰۃ کے کتاب الفتن میں لکھا ہے۔ کہ ترمذی نے ذکر کیا۔ کہ نقل کیا ثوبان نے کہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ نہیں آئیگی قیامت
یہاں تک کہ مل جاوے کئی گروہ میری اُمت میں سے مشرکین میں اور یہاں تک کہ پوجنے لگیں میری امت میں سے تھانوں کو۔ ف یعنی
شرک دو طرح ہوتا ہے۔ ایک یہ کہ کسی کے نام کی صورت بنا کر پوجے۔ جس کو عربی زبان میں صنم کہتے ہیں۔ اور دوسری یہ کہ کسی کا تھان
مانیے۔ یعنی کسی مکان کو درخت کو یا کسی پتھر کو یا لکڑی کو یا کاغذ کو کسی کے نام کا ٹھہرا کر پوجے۔ اس کو عربی زبان میں وثن کہتے ہیں جیسے
وثن ہے۔ قبر کا اور کسی کا چلہ اور لحد رکھنا کسی کے نام کا چھڑی اور تعزیہ اور علم اور شدہ امام قاسم کی اور پیر دستگیر کی مہندی امام کا مقبرہ اور شادہ اور
پیروں کے بیٹھنے کا چلہ اور سالار کی چھڑیاں کہ لوگ اس کی تعظیم کرتے ہیں۔ اور منتیں چڑھاتے ہیں۔ اور منتیں مانتے ہیں۔ اور اسی طرح سب کے نام کا
طاق اور نشان اور اسی طرح اپنے مکان ہر ایک کے نام سے جیسے سیتلا کا تھان یا بھوانی یا کالی کا تھان۔ غرض پیغمبر خدا نے خبر دی ہے کہ ان
جو قیامت کے نزدیک ہو جاوینگی۔ تو اول شرک اسی قسم کا ہوگا ایسی چیزوں کو ملینگے۔ بخلاف ان شرکوں کے جیسے ہندو یا مشرکین
عرب کہ اکثر صنم پرست ہیں۔ یعنی مورتوں کو مانتے ہیں۔ اللہ سے پھرے ہوئے اور رسول کے دشمن تھے وہ اگلا فرقہ بھی ان کا پچھوڑا بنا ہوا ہے ١٨٦
ہے کہ من وجہ اللہ سے پھرے ہوئے ہیں۔ اسکی توحید میں تھانوں وغیرہ کے پوجنے سے آپ خلل ڈالتے ہیں اور آئندہ

کو نقل کیا معاویہ نے کہ رسول خدا نے فرمایا کہ جس شخص کو خوش آوے یہ کہ تصویر کی طرح کھڑے رہیں لوگ اس کے روبرو سو ٹھیرالیوے اپنا ٹھکانا دوزخ
میں ف یعنی جو شخص چاہے کہ اس کے روبرو لوگ ہاتھ باندھ کر کھڑے رہیں نہ ہلیں جلیں نہ بولیں نہ ادھر ادھر دیکھیں بلکہ تصویر کیطرح کھڑے رہیں
سو وہ شخص دوزخی ہے۔ کیونکہ یہ تعظیم اللہ کی خاص ہے۔ کہ اس کے بندے اس کے سامنے نماز میں ہاتھ باندھے ادب سے کھڑے رہتے ہیں موافق اس ارشاد
کے بموجب کہ وَقُوْمُوْا لِلّٰہِ قَانِتِیْنَ مر سو وہ اپنے لئے چاہتا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا۔ کہ کسی کی محض تعظیم کے واسطے اس کے روبرو ادب سے
کھڑے رہنا انہیں کاموں سے ہے۔ کہ اللہ نے اپنی تعظیم کیلئے ٹھیرائے ہیں۔ سو اور کسی کیلئے نکیا چاہئے۔ ف۔ اس واسطے صحابہ کی بہت
میں ثابت نہیں ہوا۔ کہ وے اس طرح سے ہاتھ باندھکر حضرت کے سامنے کھڑے رہا کرتے تھے حالانکہ ان بزرگوں کے پاس کوئی آدمی حرمت
اور بزرگی میں حضرت کے برابر نہ تھا۔ اور وے سب حضرت کی جناب سے تربیت پائے اور ادب سیکھے ہوئے تھے جب انہوں نے ایسا نہیں کیا
پھر جو لوگ ان کے بعد ایسی رسمیں نکالیں کے شہرت دینی ہو سو سند پکڑنے کے لائق نہیں۔ بدعتیوں کا اعتراض ہے۔ کہ کسی مکرم بزرگ کے
پاس اگر ہاتھ باندھکر نہ کھڑے رہے تو کیا بیٹھ جاتے یا لیٹ جاتے۔ انکا جواب یہ ہے کہ حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ملاقات میں بعض
جو کچھ صحابہ کرتے تھے۔ اور روایت صحیح سے ثابت ہوا ہے۔ وہی بزرگوں کی ملاقات اور زیارت میں بھی کرنا اس سے زیادہ کا حکم
شریعت مقدسہ میں نہیں ہے۔ لوگوں کی تراشی ہوئی بدعت سے ہم کو کچھ کام نہیں ہے۔ اَخْرَجَ التِّرْمَذِیُّ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ

پھر پادری نہ پنڈت کے ماننے کی کیا کہئے۔ اس کے کفر میں کس کو شک ہے۔ مگر جو نام کے مسلمان نصاری اور ہندؤوں کی صحبت میں
پرورش ہوئے ہیں۔ سو ان کے پادریوں اور پنڈتوں کی پوچ باتوں کو معقول سمجھا کرتے ہیں۔ خصوصاً پنڈتوں کی نجوم کی باتیں اور ٹونوں کی
اور چھینکوں کی فال اور دوسرے مبارک نامبارک کے مقدمات جو شادیوں اور غموں میں ہند کے مسلمان کہلانے والوں کے بیاہ شادی میں
زیادہ رواج رکھتی ہیں اور انکی شرارت کا نتیجہ بھی انہی رسموں پر پڑا ہے۔ اس واسطے سب کفر کے کام ہیں۔ اسی مضمون مصنف نے تو ہر سال ف ۱۷۴
کے فروع کا یہ درجہ بیان کیا ہے۔ اور اس کے ماننے کی ایسی تاکید لکھی ہے۔ پھر وہ لوگ جو اس کو رسول کی توہین کرنے والا کرکے
بدنام کیا ہے سو بیشک جھوٹے اور عاقبت خراب ہیں۔ مسلمان پر جھوٹے بہتان کرنے کی برائی حدیث کی رو سے پہلے لکھی گئی
دیکھ لیجئے۔ اور اس کے سوا یہ حدیث ہے کہ ۱۔ اِعفُوا السنتکم عن المسلمین واذا مات احد منھم فقولوا فیہ
خیراً رواہ الطبرانی فی معجمۃ الکبیر عن سھل بن سعد۔ یعنی اٹھا لیو اپنی زبانوں کو یعنی بند کرو اپنی
زبانوں کو مسلمانوں سے یعنی ان کو برا کہنے سے اور جب مر جائے۔ ان میں سے کوئی ایک تو کہو اس کے باب میں بھلا اخرج الترمذی
وابوداؤد عن معاویۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم من سرہ ان یتمثل لہ الرجال
قیاماً فلیتبوأ مقعدہ من النار۔ مشکوۃ کے باب القیام میں لکھا ہے کہ ترمذی اور ابوداؤد نے ذکر کیا۔ کہ

ہر کرن خواں خلاف شرع اشعار کو کسی بزرگوں کی طرف نسبت دیکھے اسی کو اپنا امام بنائے۔ اعتقاد ٹھیرا لیا ہے۔ افسوس شریعت برباد ہو تو

ہو پر ان کے اعتقاد میں فرق نہ آوے اور بعضے کچے طالب العلم جنہوں نے فقہ کا نام سیکھ کر رکھا ہے۔ سو سمجھتے ہیں کہ مجتہدوں کے استحسان اور استصحاب کے آگے

بلکہ ان کے خطائی اجتہاد کے مقابلہ میں حدیث صحیح صریح غیر منسوخ نہ قبول کیجے۔ اس سے زیادہ عجب یہ ہے کہ غیر مجتہد فقہ نویسوں کی

الٹی باتیں اور ضعیف کتابوں کے غلط مسئلے اور خوشامد گو اور حاسد اور دنیا طلب اور الٹے فتوے دینے والے بدعت پسند ملاؤں کے

فتوی پیغمبر کے معتبر حدیثوں سے بھی زیادہ معتبر جانتے ہیں۔ اور آج ان پر عمل جاری ہے۔ سبحان اللہ کیا نفع والی ہے امام اعظم نے

تو فرمایا ہے۔ کہ لا یجوز لاحد ان یفتی بقولنا حتی یعلم من این قلنا۔ یعنی جائز نہیں کسی کو ہمارے

کہے پر فتوی دینا جب تک کہ نہ جانا ہو کہ ہم نے کہاں سے کہا۔ اور اس امام سے اور امام شافعی سے صحیح روایت ہے فرمایا کہ اذا

صح الحدیث فاضربوا بقولی هذا الجدار یعنی جب صحیح حدیث آوے۔ تو میرے کہے کو دیوار پر پھینک مارو اور

امام ابو یوسف نے اپنے آخر وقت میں فرمایا کہ میں نے جو جو فتوے دیے ہیں۔ سب سے پھر گیا پر ان فتووں سے نہ پھرا جو

قرآن و حدیث کے موافق ہیں۔ بس علما کی بہت سی سندیں ہیں۔ یہاں اتنی بس ہیں۔ یہاں سے بدعت اور بدعت کو سنت

نبوی کے مقابل میں ٹھہرانے کی برائی اور بادشاہی دستور العمل کو شرعی قاعدوں پر برسائی دینے کی قباحت ظاہر ہے

کی یا ماں باپ کی یا دادوں کی یا کسی بادشاہ وزیر کی یا پادری پنڈت کی بات کو اور کسی راہ و رسم کو اللہ و رسول کے فرمانے سے مقدم سمجھے
اور آیت و حدیث کے مقابلے میں اپنے پیر استاد ماں باپ دادا کے قول کی سند پکڑے اور خود پیغمبر ہی کو یوں سمجھے کہ شرع انہیں کا حکم ہے۔ ان کا جو جی چاہتا تھا
اپنی طرف سے کر دیتے تھے۔ اور وہی بات انکی امت پر لازم ہو جاتی تھی۔ سو ان سب باتوں سے شرک ثابت ہوتا ہے۔ ش یعنی شرک فی التشریع
بلکہ یوں جانیے۔ کہ اصل حاکم اللہ ہی ہے۔ اور پیغمبر ش کا مفہوم ہے جو خبر دینے والا ہے۔ پھر جو کسی کی بات اس کی خبر کے موافق ہو تو مانیے،
اور جو موافق نہ ہو تو نہ مانیے۔ ش از بسکہ مصنف نے ہر مسلمان کو توحید اور شرع اور اتباع سنت پر اطلاع دینے کے واسطے یہ کتاب لکھی ہے اس واسطے ف ١٧٣
اس میں ایسی باتیں لکھیں کہ ہر طور ہر مسلمان کے کام آوے۔ جب رافضیوں کا فرقہ اماموں کے قولوں کو اپنی جھوٹی بھی روایتوں سے ثابت ٹھہرا کے
حدیث صحیح صریح غیر منسوخ پر بیش جانتے ہیں بلکہ امام مہندی کے جعلی دستخط کے رقعوں میں جو فتوے ہیں جو ایسی حدیثوں میں اور خلاف سمجھتے ہیں
چنانچہ مولانا عبدالرشید نے اسبات کو شیعہ کے سفیروں کے احوال میں بیان فرمایا ہے۔ اس واسطے مصنف نے یہاں امام کی بات کو رسول کی بات پر بڑا
جاننے کی برائی بتلادی۔ اسیطرح پیر پرست لوگ اپنے پیروں سے خلاف خواہ نقلیں روایتیں مشہور کرکے حدیث صحیح اور صریح غیر منسوخ سے بھی زیادہ
سمجھتے ہیں۔ خواہ وہ پیر سچ مچ غوث قطب ہو دیں یا جعلی جیسے مداریے اور جلالیے اور ملحد تمام آزاد اور کئی پوش زندیق۔ عجب یہ ہے کہ
کہ بعضے چشتیے کہتے ہیں۔ کہ نظام الدین اولیا نے الست بربکم کے خطاب کو عالم ارواح میں پوربی کی راگنی میں سنا تھا۔ اور کئی ملا میں

میں کہا ہے فرقۂ دوازدہم از غلاۃ آنہا نصیریہ اند گویند کہ حق تعالیٰ بعد از پیدائش دنیا امور دنیا را تفویض بہ پیغمبر فرمودہ و ہر چہ در دنیاست برائے او مباح ساخت

وطائفہ ازیشاں قائل اند کہ بر بعضے و بعضے بر ہر دو انتہی گویا انہوں نے یہ عقیدہ نصرانیوں سے لیا ہے جو عیسیٰ کو خدائی کا مختار سمجھتے ہیں اور بت پرستوں سے

چنانچہ ہندو برہما بشن مہیش کے باب میں ایسا عقیدہ رکھتے ہیں اور یونان کے بت پرست جوپیٹر وغیرہ کے باب میں اور آتش پرست یزدان وغیرہ عقول و نفوس

ف ١٧١ اور ستاروں کے باب میں مراد جس کا نام محمد یا علی ہے۔ وہ کسی کام کے مختار نہیں۔ سو ایسا شخص کہ اس کا نام محمد یا علی ہو اور اس کے اختیار میں عالم

کا سب کاروبار ہو حقیقت میں کوئی ایسا شخص نہیں۔ بلکہ محض اپنا خیال ہے سو اس قسم کے خیال باندھنے کا اللہ نے تو حکم نہیں دیا پھر

اور کسی کا حکم اس کے مقابل معتبر نہیں بلکہ اللہ نے تو ان سے خیالات باندھنے سے منع کیا ہے۔ پھر وہ کون ہے اور کہاں کے کہنے

سے ایسی باتوں کا اعتبار ہو۔ یہی اصل دین ہے۔ کہ اللہ ہی کے حکم پر چلیئے۔ نفس۔ یعنی رسول کی تابعداری پر کہ وَمَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ

فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ۔ اور کسی شخص کا حکم اس کے سامنے ہرگز نہ مانیئے۔ لیکن اکثر لوگ یہ راہ نہیں چلتے۔ بلکہ اپنے بڑوں کی رسموں کو اللہ

کے حکم سے مقدم سمجھتے ہیں۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ کسی کی راہ و رسم کو ماننا اور اس کے حکم کو اپنی سند سمجھنا یہ بھی انہیں باتوں

میں سے ہے کہ خاص اللہ نے اپنی تعظیم کے واسطے ٹھہرائی ہیں۔ پھر جو کوئی یہ معاملہ کسی مخلوق سے کرے۔ تو اس پر بھی شرک ثابت ہوتا ہے

سو اللہ کے حکم پہنچنے کی راہ بندوں تک رسول ہی کی خبر دینا ہے۔ پس جو کوئی کسی امام یا مجتہد کی یا غوث و قطب کی یا مولوی و مشائخ

اور سید الاولیا کے بارے میں کارخانہ الٰہی کے مختار ہونے کی رسول سے خبر نہیں آئی - تو اور کس سے خبر آئی - پھر جس جوان کا مول کا مختار ہے
اس کا نام اللہ ہے - محمد یا علی نہیں - اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ کے فقرہ صادقہ سے اور کُلُّ عَبْدٍ لَیْسَ بِفَاعِلٍ
مُخْتَارٍ کے واجب الاعتقاد مقدمہ سے یہ نتیجہ نکلا - کہ خود سید المرسلین فاعل مختار نہیں - پھر سارے کارخانہ الٰہی کے فاعل مختار ہونا تو
جدی بات ہے - پھر حضرت علی کیونکر مختار ہو سکیں اس جہت سے رسول مختار کا معنی پیغمبر برگزیدہ ہے - نہ کارخانہ کے مختار - اسی مضمون
میں کسی بزرگ نے کہا ہے کریم لعبدہٖ رسولہٗ مختلف اقرار + ہر بندہ بفعل خود نباشد مختار - پس معنی اصلی رسول مختار این
کہ پیغمبر گزین واوار پھر جو بعضی لوگ نہایت غلو کرکے ان حضرتوں کو کارخانہ الٰہی کے مختار سمجھتے ہیں سو محض خیال ہے - اور اپنے
خیال میں ایسے مختار بزرگوں کو بغیر الیکر مشہور بزرگوں کے نام ان پر رکھ دیتے ہیں چنانچہ رافضی لوگ امام علی موسیٰ رضا کو رزق دینے
سلامتی کے نگاہبانی کے ضامن ٹھہراتے ہیں اور اکثر سالگرہ کرنے والے بدعتی خواجہ خضر کو عمر درازی کے مالک تصور کرکے ان کا نام
پیر عمر دراز رکھتے ہیں اور گرہ کے وقت عمر کی درازی کے واسطے ان کو مناکر مٹھائی اور انکی ضعیفی سے منہ میں دانت نہ رہنے کے خیال سے
مالیدہ اور لونڈیاں انکی نیاز کرتے ہیں اور اکثر بدعتی سنی کہلانے والے ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اور شیعہ غالی اور نصیری نے حضرت علی
کرم اللہ وجہہ کو سبھی کارخانہ جات الٰہی کے مختار سمجھتے ہیں جو یوں نہ سمجھے اس کو کافر کہتے ہیں چنانچہ مولانا شاہ عبد العزیز قدس سرہٗ نے تحفہ اثنا عشریہ

مثالاً ہی یعنی انگریزی شاعری کی تقلید کی گئی ہے اسکے برعکس اُن کے پورے کلام میں چند شعر بھی ایسے نہیں ملتے جن میں مسئلہ حدوث وجود کو نظم کیا گیا ہو کہ صرف یہی مسئلہ مغربی تبریزی کا سرمایہ افتخار ہے اور جب تک کوئی اس مسئلہ خاص کو اپنی شاعری کا موضوع نہ بنائے اُسے مغربی کا مقلد کہنا مذاقِ صحیح کی آنکھوں میں خاک جھونکنا ہے۔ آئیے اب ہم آپ کو مختصراً وہ حالات بھی سنائیں جو حالی کی روائتی شاعری میں انقلاب کا باعث ہوئے اور انہوں نے میر و مصحفی کی پیروی ترک کرکے یورپ کی تقلید شروع کی۔

"شیفتہ کی وفات کے بعد حالی جہانگیر آباد کو چھوڑ کر لاہور چلے گئے اور یہاں گورنمنٹ بک ڈپو میں ملازم ہو گئے یہیں وہ تراجم کے ذریعے مغربی ادب سے روشناس ہوئے اور اُنکی طبیعت پر اس کا نہایت خوشگوار اثر پڑا۔ یہیں سے اُن کی ادبی زندگی میں انقلاب شروع ہوا۔ انگریزی شاعری کی وسعتیں اور اس کی سادگی، پاکیزگی اور بلندی انہیں بہت بھائی اور انہوں نے ان چیزوں کو اردو میں رائج کرنے کا تہیہ کر لیا" (تاریخ ادب اردو از رام بابو سکسینہ۔ صفحہ ۲۱۳۔ انگریزی)

"مولینا بحیثیت ایک شاعر کے اول اول ۱۸۷۴ء میں پبلک سے روشناس ہوئے جب کہ آپ نے پنجاب گورنمنٹ بک ڈپو کی ملازمت کے زمانے میں چار مثنویاں۔ برکھارت، نشاطِ امید، حب وطن، اور مناظرہ رحم و انصاف اُس مشہور و معروف تاریخی مشاعرے میں پڑھیں جس کو کرنل ہالرائڈ صاحب بہادر ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم پنجاب کی زیر سرپرستی شمس العلماء مولوی محمد حسین آزاد نے قائم کیا تھا اور جس میں بجائے مصرع طرح کے مختلف مضامین دیے جاتے تھے جن پر شعرا طبع آزمائیاں کیا کرتے تھے" (دیباچہ جواہرات حالی۔ از خواجہ غلام الحسنین)

یہ ہیں اُن حالات میں سے بعض جو مولینا حالی کے خیالات میں انقلاب کا باعث ہوئے۔ اب خود مولینا کی زبان سے اُن کے خیالات سنیئے

"باغ جوانی کی بہار اگرچہ قابل دید تھی مگر دنیا کے مکروہات سے دم لینے کی فرصت نہ ملی نہ خود آرائی کا خیال آیا نہ عشق و جوانی کی ہوا لگی نہ وصل کی لذت اٹھائی نہ فراق کا مزا چکھا البتہ شاعری کی بدولت چند روز جھوٹا عاشق بننا پڑا۔ ایک خیالی معشوق کی چاہ میں برسوں دشتِ جنوں کی وہ خاک اڑائی کہ قیس و فرہاد کو گرد کر دیا۔۔۔ کبھی نالۂ نیم شبی سے ربع مسکوں کو ہلا ڈالا۔ کبھی چشم دریا بار سے تمام عالم کو ڈبو دیا۔۔۔ بارہا تیغ ابرو سے شہید ہوتے۔ بارہا ایک ٹھوکر سے جی اٹھے میدانِ قیامت میں اکثر گذر ہوا۔ بہشت و دوزخ کی بارہا سیر کی۔ بادہ نوشی پر آئے تو خم کے خم لنڈھا دئے اور پھر بھی سیر نہ ہوئے۔۔۔ کفر سے مانوس رہے، ایمان سے بیزار رہے، پیر مغاں کے ہاتھ پر بیعت کی برہمنوں کے چیلے بنے۔ بت پوجے۔ زنار باندھا۔ قشقہ لگایا۔ زاہدوں پر پھبتیاں کہیں۔ واعظوں کا خاکہ اڑایا۔ دیر و بیت خانہ کی تعظیم کی کعبہ و مسجد کی توہین کی خدا سے شوخیاں کیں۔ نبیوں سے گستاخیاں کیں۔۔۔ بیس برس کی عمر سے چالیسویں سال تک تیلی کے بیل کی طرح اسی ایک چکر میں پھرتے رہے اور اپنے نزدیک سارا جہان طے کر چکے جب آنکھیں کھلیں تو معلوم ہوا کہ جہاں سے چلے تھے اب تک وہیں ہیں۔ نگاہ اٹھا کر دیکھا تو دائیں بائیں آگے پیچھے ایک میدان وسیع نظر آیا جس میں بیشمار راہیں چاروں طرف کھلی ہوئی تھیں اور خیال کے لئے کہیں عرصہ تنگ نہ تھا جی میں آیا کہ قدم آگے بڑھائیں اور اس میدان کی سیر کریں۔ مگر جو قدم بیس برس تک ایک چال سے دوسری چال نہ چلے ہوں اور جن کی دوڑ گز دو گز زمین میں محدود رہی ہو اُن سے اس وسیع میدان میں کام لینا آسان نہ تھا اسکے سوا جن کلوں کا بیکار اور نکمی گردش میں ہاتھ پاؤں چور ہو گئے تھے۔ اور طاقتِ رفتار جواب دے چکی تھی لیکن پاؤں میں چکر تھا اسلئے نچلا بیٹھنا بھی دشوار تھا چند روز اسی تردد میں یہ حال رہا کہ ایک قدم آگے بڑھتا تھا دوسرا پیچھے ہٹتا تھا۔۔۔ زمانہ کا نیا ٹھاٹھ دیکھ کر پرانی شاعری سے جی سیر ہو گیا تھا اور جھوٹے ڈھکوسلے باندھنے سے شرم آنے لگی"۔ (دیباچہ مسدس حالی)

"کچھ تعجب نہیں کہ اس مجموعے کو اور نیز اُن نظموں کو جو پہلے شائع ہو چکی ہیں دیکھ کر ناظرین کو یہ خیال پیدا ہو کہ ان میں نئی بات کونسی ہے نہ خیالات ہی ایسے اچھوتے ہیں جو کسی کے ذہن میں نہ گذرے ہوں اور نہ طرز بیان ہی میں کوئی ایسی جدت ہے جس سے کبھی کان آشنا نہ ہوئے ہوں پس اُن کی خدمت میں عرض کیا جاتا ہے کہ بیشک طرز ادا میں وہ بہت کم فرق پائیں گے اور گو پیالے وہی ہیں مگر شراب اور ہے (دیباچہ دیوان حالی)

ضمناً یہ بھی جان لینا چاہئے کہ مولینا حالی ۱۸۳۷ء میں پیدا

مَن تَشَاءُ وَتُعِزُّ تَنزِعُ المُلكَ مِمَّن تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ بِيَدِكَ الخَيرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيءٍ قَدِيرٌ

تُولِجُ اللَّيلَ فِي النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيلِ وَتُخرِجُ الحَيَّ مِنَ المَيِّتِ وَتُخرِجُ المَيِّتَ مِنَ الحَيِّ وَتَرزُقُ مَن تَشَاءُ

بِغَيرِ حِسَابٍ ۔ تو کہہ اے بار اللہ مالک ملک کے خاوند پادشاہی کے دیتا تو پادشاہی جس کو چاہتا اور چھین لیتا پادشاہی جس سے چاہتا اور

بڑائی دیتا تو جس کو چاہتا ہے ۔ اور بے عزت کرتا ہے ۔ تو جس کو چاہتا ہے تیرے ہی ہاتھ بھلائی ہے ۔ تو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے

گھساتا ہے رات دن میں اور گھساتا ہے دن کو رات میں اور نکالتا ہے تو جیتے کو مردے میں اور نکالتا ہے تو مردے کو جیتے میں سے تو

جس کو چاہتا ہے ۔ سو اس کو روزی دیتا ہے بے گنتی ۔ حاصل ان سب آیتوں کا یہ نکلا ۔ کہ جن لوگوں کو اقسام کی حرص طمع ہے

غیب معلق کی تلاش پادشاہی اور حکومت کی خواہش عزت طلبی اور ذلت کا دفع ہر طرح کی خوبی کی توقع ۔ بہبودی کی امید مقصد مراد دل کے

پوری کر دینا زمانے کو خاطر خواہ بنا دینا ۔ اچھی اولاد دینی یا بدخواہوں کی اولاد کو برے بنانا اور روزی کی ترقی کرنی یہ سب اللہ ہی کے اختیار

میں ہیں حضرت نے اللہ کے حکم سے امت کو یہ سب باتیں کہہ سنا دیں اس پر بھی کوئی شعبدہ طالع بن بیٹھے ۔ تو حضرت کی بات سے ۵

باب زمزم و کوثر سفید نتواں کرد ۔ گلیم بخت کسے کہ بافتند سیاہ + تہی دستان قسمت را چہ سود از رہبر کامل کہ خضر از آب حیوان

تشنہ می آرد سکندر را + اور اسی طرح آنحضرت نے حضرت علی کے باب میں بھی کارخانہ الہی کے مختاری کی خبر دی جب حبیب سید الانبیاء اور

خیال میں پڑے ہیں اور یوں نہ اللہ کے سوا کوئی کوئی ہے۔ اور نہ کسی کا یہ کام۔ اور جو کسی کا یہ نام ہے تو اس کو کسی کا رو بدل میں کچھ دخل نہیں ش
اس قاعدے میں مصنف نے کئی قاعدے صراحۃً سے یا اشارے سے بیان کئے ہیں۔ پہلا قاعدہ اللہ کا حکم بندوں تک پہنچنے کی راہ رسول ہی کا خبر
دینا ہے۔ اور کسی کا خبر دینا نہیں پھر جو کسی کی بات رسول کی خبر کے موافق ہو تو مانیئے جو موافق نہ ہو تو نہ مانیئے چنانچہ متن کے مقدمہ میں
بھی اس بات کی تصریح کی ہے۔ اور کہا ہے کہ اللہ و رسول کے کلام کو اصل رکھے اور جو اس کے موافق نہ ہو اسکی سند نہ پکڑیئے۔ انتہی دوسرا قاعدہ
جو کوئی کسی اور کے کہے کو رسول کے فرمودے پر مقدم سمجھے۔ اس پر شرک ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ اس نے خدا کے یہاں سے آیا۔ سو حکم پیاوے کی بات کو
مقدم یا برابر سمجھا۔ اور اس کو اختیار کیا۔ یہ تو عین شرک ہے۔ تیسرا قاعدہ جو کوئی یوں کہے کہ شرع خود پیغمبر کا حکم ہے الخ جو جی میں آیا تھا
اپنی طرف سے کہہ دیتے تھے۔ اور وہی بات انکی امت پر لازم ہو جاتی تھی سو ایسا سمجھنے والے پر بھی شرک ثابت ہوتا ہے چوتھا قاعدہ
پیغمبر نے امت کو نہیں خبر دی ہے۔ کہ خدا نے مجھے اپنے کارخانہ کا سونپ دیئے۔ اور ہر کام کا مختار بنایا۔ اگر یہ خبر آئی ہوتی تو ساری
امت پر اس کا ماننا واجب ہو کر ایمان میں داخل ہوتا اور اہل سنت کے عقیدوں کی کتابوں میں مذکور ہوتا ہے جب یہ نہیں ہے تو وہ
بھی نہیں۔ علاوہ یہ کہ اللہ تعالیٰ آنحضرت کو فرماتا ہے۔ کہ قُل لَّا أَقُولُ لَكُمْ عِندِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ تو کہہ
کہ میں نہیں کہتا ہوں پاس اللہ کے خزانے ہیں۔ اور میں غیب کو نہیں جانتا۔ اور یہ بھی ارشاد کیا ہے۔ کہ قُلِ اللَّهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي

ف ۱۴۴ ٹھہر چکے۔ ای سفو خدا کے واسطے ان باتوں کی داد دو۔ قال اللہ تعالیٰ یا صاحبی السجن ءارباب متفرقون خیر ام اللہ
الواحد القہار ما تعبدون من دونہ الا اسماء سمیتموہا انتم وآباؤکم ما انزل اللہ بہا من سلطان
ان الحکم الا للہ امر الا تعبدوا الا ایاہ ذلک الدین القیم ولکن اکثر الناس لا یعلمون اور کہا
اللہ صاحب نے سورہ یوسف میں کہ حضرت یوسف نے قید خانے میں او قیدیوں سے کہا کہ ای رفیقو قید خانے کے کئی مالک جدے بہتر ہیں
یا ایک اللہ زبردست ف یعنی یوسف علیہ السلام نے رب کو سنا کے بات کی دو شخص کے ساتھ سو کہا۔ کہ ہر چیز نہیں مانتے ہو۔ تم ورے اس کے
مگر کئی ناموں کو ٹھیرائے ہیں تمنے اور تمہارے باپ دادوں نے نہیں اتاری اللہ نے انکی کچھ سند نہیں حکم کسی کا سوای اللہ کے سوا اسنے
تو یہی حکم کیا ہے۔ کہ کسی کو اس کے سوا مت مانو سو یہی ہے۔ دین مضبوط۔ مگر اکثر لوگ نہیں جانتے۔ ف یعنی اول تو غلام کو حق ہے
کئی مالک کا ہونا بہت برا۔ او نقصان رکھتا ہے بلکہ ایک مالک زبردست چاہئے۔ کہ سب مرادیں اس کی پوری کرے اور سب کام بنا
اس کے بنادے اور دوسرے یہ کہ ان مالکوں کی کچھ حقیقت ہی نہیں ہے کچھ ظہور اصل میں نہیں ہیں بلکہ آپ ہی لوگ خیال کرتے ہیں
کہ فلانے کام کے مختار کا نام ہے۔ اور فلانے کا یہ پھر آپ ہی ان کو مانتے ہیں۔ اور کاموں کے وقت پکارتے ہیں پھر یہی طرح ایک مدت
میں یہ رسم جاری ہو جاتی ہے اور پچھلے لوگوں کا خیال باپ دادوں سے سنتے سنتے زیادہ مضبوط ہو جاتا ہے حالانکہ وے سب محض لغو

سو اس جانور کو اس جانور یا اس روح کیلئے چھوڑے اور کہے کہ میں نے اسکی نذر نہیں کی ہے۔ تو قرینہ دلالت کرتا ہے کہ صاف اسکی نذر کی ہے
کیونکہ احمد کبیر کی نذر گائی مقرر ہے اور شیخ سدو کی نذر بکرا پھر جو کوئی ادھر کی گائی ادھر کا بکرا کرے۔ اور کہے کہ میں نے نذر نہیں کی ہے
تو قرینے کی دلالت سے اسکی بات سننے کے لائق نہیں مگر یہ کہ دیسی گائی یا بکرے کو اور کام میں لگاوے۔ تاکہ اسکی سچائی ظاہر ہووے
اور یہ تو کہتے ہیں کہ یہ جانور ہم نے فلانے کی نذر نہیں کی ہے مگر ان کا جانور کہتے ہیں۔ سو اس واسطے کہ اس جانور کو ذبح کر کے محتاجوں کو کھلا دینگے
تاکہ اس بزرگ کو ثواب پہنچے۔ سو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ بزرگ تمہارے کچھ محتاج نہیں۔ نہ تمہارا محتاج ثواب کے۔ لیکن تم انکے مرادیں بر لانیکی توقع
رکھتے ہو اس واسطے ایک جانور ویسے سبب کہہ کہہ اپنے کس طرح اشعب طماع کی سی رکھتے ہو۔ نہیں تو انبیاء کے بعد سب امت سے افضل ابوبکر صدیق
ہیں اور حضرت کے ازواج مطہرات مومنوں کی مائیں ہیں اور امام ابو حنیفہ اور دوسرے امام مذہب کے پیشوا ہیں جب لوگوں کے مقصد بر لانیمیں مشہور نہیں ہیں
تو تم نہ انکی گیارہویں کرتے نہ چراغاں نہ جھنڈے نہ علم نہ ان کے نام کے جانور نہ بیڑی نہ بدھی نہ طوق نہ چوٹیاں نہ اور کچھ حالانکہ ان کے حق جو ہم میں
بہت ہیں سو اور بزرگوں سے بہت زیادہ ہیں۔ باوجود اس کے آپ ان سے منتیں نہیں کرتے۔ پھر کوئی بزرگ کیسی منت نہ مانے۔ تو اس کو
اس بزرگ کا منکر ٹھیراتے ہو۔ حالانکہ تم آپ تمامی انبیاء اور صحابہ اور امہات المومنین اور مجتہدین کی منت نکرنے سے بقول اپنے ہی سب کے منکر
ہو بیٹھے پھر دوسروں کو کیا کسی کے منکر کہوگے۔ تمہارے ہی قاعدے سے محمد یا چار یار پنج کے منکر نہیں ٹھیرے جب تک تم انکو کچھ نہ کھلاؤ

کام بن جاوے۔ تب وہ جاہل اتنا سونا روپا اس نیک مرد کے پاس لا کر کہے کہ حضرت شیخ آپ کی منت مانی تھی سو یہ لا دیا آپکی

یہ سونا روپا نذر ہے۔ وہ نیک مرد پھیرے تو یہاں علت اس جاہل ہی میں پائی جاتی ہے۔ کیونکہ سونا روپا کچھ کسی نذر کیلئے خاص نہیں ہے

وہ نیک مرد نذر چڑھنے کا علم نہیں کبھی ایسی علت چڑھانے کی چیز میں ہوا کرتی ہے۔ جیسا کوئی جاہل کسی گائے کے ماتھے کو صندل لگا کے

اس کے سینگوں اور گلے میں پھول باندھ کے کسی گمنام قبر کنبے کے لا کے ذبح کرے۔ تو یہ گائے کے نذر چڑھانے کی غرض سے اور وہ گائے نذر

کی صورت بن گئی۔ اہل دنیا اس کو قبول نہ کرینگے۔ اگرچہ وہ قبر نذر نیاز منت کرنے کی جگہ نہیں اور وہ بھیجنے والا کہتا ہے کہ یہ نذر نہیں کی ہے

کبھی یہ علت اس میں ہوا کرتی ہے جبکو سب لوگوں نے نذریں نیازیں منتیں چڑھانے کا علم ٹھیرا رکھا ہے پھر کوئی ویسے ہی کا مخصوص جانور

کیا ہو جیسا کہ سید احمد کبیر کی گائے اور شاہ مدار کی گائے اور حبیب یار کا مرغ اور شیخ سدو کا بکرا تو شبہ اس نے نذر کی ہے۔ کوئی دنیا والے

اس کو کھا لیگا۔ مگر یہ دنیا والوں کی بات نیاری ہے۔ اور انکو غیر اللہ کی نذر نیاز پیاری۔ اس تقریر سے صاف معلوم ہو چکا کہ جو مشکوۃ

وغیرہ کی روایت کے موافق سعد بن عبادہ انصاری صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی والدہ مرحومہ کے بعد ~~جو مشکوۃ وغیرہ کی روایت~~ کے موافق

ایک کنواں کھدوا کے ھذا لام سعد کہہ کر کے فرمایا تھا سوا یہ غیر اللہ کو نذر نیاز چڑھانے والو ہرگز تمہارے مدعا کے موافق نہیں

کیونکہ سعد رضی اللہ عنہم شرک و بدعت سے بہت دور تھے۔ اور انکی والدہ مرحومہ بھی۔ پھر یہ فرزند کے حق میں غیر اللہ کی نذر چڑھانے کے کسی ان کا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ملتا ہے ۔ و نیز گو اہل لغات حمزہ اور مردم کی اسمیں بہت سی پڑا اعتراض ہے کیونکہ ان کے کلام سے یہ نکلتا ہے ۔ کہ لغیر اللہ کو غیر اللہ کے نام پر ذبح کر گیا ہو یہ لفظ کے واسطے کرکے تعبیر کی

جائے غیر کے نام سے ذبح پکار کے کہاں سے نکلا ۔ جو اعتراض کہ ان پر اہل کا ہوا تھا کہ بعینہ یہی اہل کے معنی سے تعبیر کر لینا اور لغیر اللہ کو اللہ کے غیر کے نام سے کر کے معنی کرنا اللہ کے کلام کو بدلنے کے ترجیح

یعنی معنی تو اپنے بات کے لازم پر نظر کر کے نئے معنی لئے ہیں کیونکہ کسی جانور پر کسی کا نام تعظیم سے پکارا جانا یہ ہے کہ یہ جانور فلانے بزرگ کا ہے ۔ تو اگر یہی لازم تھا کہ اس جانور کو ذبح کر کے

اس بزرگ کی نیاز میں صرف کیجئے ۔ بنا بریں یہ معنی عرب کے مشرکوں میں مروج تھا ۔ اور اسکے کئی بت پرستوں میں اور اکثر بدعتیوں میں مروج ہے ۔ اسی لحاظ سے اہل کا معنی ذبح کیا گیا کر کے کہتے

ہیں کیا اہل کا اصلی معنی وہی ہیں کیونکہ جہاں ذبح کیا گیا کہا ہے ۔ سو اہل اتنا نہیں کہتے ۔ عرب کے محاورہ میں نہ قرآن مجید کے نہ شریعت کے عرف میں ۔ غیر اللہ کے ایسے معنی

غیر اللہ کی نذر کیا ہوا جانور کو اللہ کے نام پر ذبح کرنے سے حلال ٹھیرانا خدا کے کلام کو بدل دینا ہے ۔ اور ایک بات جاننا چاہئے ۔ کہ ہمارے لوگ حنفی علما کہتے ہیں کہ جو مسلمان ذبح

کے وقت بسم اللہ اللہ اکبر کہنے کو بھول کر نہ کہے اور ذبح کر ڈالے ۔ وہ جانور حلال ہے ۔ کیونکہ اللہ ۔ اس کے دل میں اللہ ہی کا نام پر ذبح کر کے کہا ہے نہ غیر اللہ کے نام پر ۔ اور شافعی

علما کہتے ہیں کہ اگر جان بوجھ کے بھی نہ کہے ۔ اس کا جانور ذبح کیا ہوا بھی حلال ہے ۔ کیونکہ مسلم کے دل میں ہمیشہ اللہ ہی کے نام سے ذبح کرتا ہے ۔ ان مسائل سے معلوم ہوا کہ اگر ذبح

کرنیوالے کے دل میں جس کے نام کی تعظیم سے ذبح کرنا مقصود ہو ۔ اسکا ذبح کیا ہوا جانور حلال ہوتا ہے ۔ اور جس کے دل میں اللہ کی غیر کی تعظیم کیواسطے ذبح کرنا مقصود ہو ۔ اور ذبح کرتے

وقت اللہ کا نام لے ۔ تو بھی وہ جانور مردار ہوتا ہے ۔ کیونکہ اسکے ذبح میں اسکو اللہ کے غیر کی تعظیم بھی مقصود تھی ۔ اس نے شرک کیا ۔ شرک کا ذبح کیا ہوا جانور مردار ہے ۔ اللہ تعالی

نے حدیث قدسی میں فرمایا ۔ کہ اَنَا اَغْنَی الشُّرَکَاءِ عَنِ الشِّرْکِ مَنْ عَمِلَ عَمَلاً اَشْرَکَ فِیْہِ مَعِیَ غَیْرِیْ تَرَکْتُہٗ وَشِرْکَہٗ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وابن ماجہ

یا اس کو بیچ کے اس کا پیسہ محتاجوں کو کیوں نہیں بانٹ دیتے۔ یا اس جانور سے دوسرا بدل کیوں نہیں کرتے۔ ان سب قیدوں سے

معلوم ہوا۔ کہ یہ جانور جنے اس بزرگ کو چڑھایا ہے۔ پھر یہاں حاضر ہوئے۔ تو کہتے ہیں کہ ہمنے یہاں نذریں معین کی ہیں۔ کہ اس جانور کو

ذبح کرکے پکا کے فقیروں کو کھلادیں اس کا جواب یہ ہے کہ اس نذر کا اسی طور سے ادا کرنا کب فرض ہے۔ واجب ہے یا سنت مستحب

یوں ہی روپے واسطے کوئی فقیر ذبح کرے۔ یا بیچ لے یہ سن کے منزل شعار لوگ جل بھن کے کباب ہو جاتے ہیں۔ پھر غلامی آئے

سو بکا کرتے ہیں کہ اے نزیا پاسخ فرو ماندی و خاستی۔ صف بر زہ گوئی بیا راستی یعنے ملایاں ہر کرن خوان کہتے ہیں کہ جب مسلمانوں کا ملک

کا ملک فتح کریں تو جوں کی نذر نیاز کی چیزیں اور جانور غازیوں پر حلال ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح بزرگوں کو چڑھایا ہوا جانور بھی حلال ہو جاوے گا

جواب اس کا یہ ہے کہ دار الحرب کا حکم علحدہ اور دار الاسلام کے ذمیوں کا حکم جدا۔ پھر جو ذمی اپنے دیووں کی نذر نیاز کا کھانا کھلاوے

تو شاید تم کھا جاؤ گے۔ اسی طرح دیو کو کوک دیے کا جانور دیو کے نام پر کتو دے تو تم کو جھٹکا کرکے ہضم کر جاؤ گے شاباش

اچھے ملا ہو۔ تمہارے حق میں شیخ سعدی نے خوب کہا۔ کہ چوں سگ درندہ گوشت یافت نہ پرسد۔ کیں شتر صالح ست

یا خر دجال۔ مردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں ملا کو حلوے مانڈے سے کام۔ یہاں بعضے معترض کہتے ہیں کہ اس مصنف کا

یہ قول مولانا عبد العزیز کے اس قول سے کند ہوا ہے جو انہوں نے سورہ بقرہ کی آیت کہ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَیْرِ اللّٰهِ ہے اسکی تفسیر میں

آداب اسکو بجا نہیں لاتے۔ برخلاف بدعتیوں کے جو بزرگوں کے نام کے کھانیکو متبرک سمجھتے ہیں اس کے آگے ہاتھ باندھ کے کھڑے ہوتے عود اگر جلا

کے کبھی پڑھا پڑھا کے سر جھکا کے آداب بجا کے کس کس تعظیم کے کھانے کھلاتے ہیں پھر اوروں کو پڑھانا نہیں تو بیلے یہ لعینہ ہندوؤں

کی رسم و رسوم ہے ان کو جو اپنے بڑوں کی ارواح کا پوجا کرتے ہیں۔ پھر بدعتی بزرگ شعار اس کے واسطے ظاہر اچھا نام تراش کے جاہلوں کو

بہکلاتے ہیں۔ کہتے ہیں یہ فاتحہ ہے یہ تبرک ہے۔ نیاز ہے توشہ ہے۔ صحناک ہے۔ اچھوتا ہے۔ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ۔ اللہ خوب

جاننے والا ہے۔ جو انہوں نے جمع کر رکھا ہے۔ اپنے دلوں میں اپنے نامۂ اعمال میں وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ

اور اللہ کی مدد مانگی گئی ہے۔ اس بات کے رو برو جو تم لوگ بناتے ہو۔ اور اسی طرح بزرگوں کے نام پر چڑھایا ہوا جانور ان کے شرک داروں

کے یہاں عزت رکھتا ہے۔ اس کو دانے چارے پر ڈالتے ہیں۔ اس کے چارے اس کے کھانے سے ڈرتے۔ خدا جانے ان کی تراشی ہوئی

کہانی نقل ہے۔ کہ کسی فلانے بزرگ کی نذر کا مرغ چرا کے کھایا تھا سو وہی مرغ اس کے پیٹ میں بانگ دیا کیا۔ یہ رسم بھی شرک والوں

نے ہندوؤں سے سیکھی ہے۔ کہ وے لوگ دیوتاؤں کے نام پر چڑھائے ہوئے جانور کو کسی چیز کے کھانے سے منع نہیں کرتے اور اس کی فضیلت

میں ایسی خرافاتیں بکا کرتے ہیں پھر مشرک شعار لوگ سنیوں کے ملنے وقعی سے عاجز ہو کے کہتے ہیں کہ فلانے بزرگ کا جانور ہم نے سمجھا یہ عا

ہے۔ کہ ہم اس کو ذبح کر کے کھا جائیں گے۔ فقیروں کو کھلا دینگے۔ تا اس بزرگ کو ثواب حاصل ہو اس مدلک کا یہ جواب ہے کہ اس جانور کو جیتے جی کیوں نہیں دیدیتے

ہوئے تھے اور لاہور کے زمانۂ قیام میں اُن کا سن سینتیس اڑتیس سال کا تھا یہی وہ زمانہ ہے جب انہیں اپنی شاعری کی روایتی مصنوعی اور تقلیدی نوعیت کا احساس ہوا اور انہوں نے انگریزی طرز کی شاعری کو اردو میں رواج دینا چاہا۔ اسی زمانے میں اُنہوں نے اس راہ میں پہلا قدم اٹھایا یعنی انجمن پنجاب کے مشاعروں میں وہ چار نظمیں پڑھیں جنکی تفصیل اوپر بیان کی جا چکی ہے

کیا مذکورہ بالا واقعات اور مولینا حالی کے ان خیالات سے واقف ہونے کے بعد بھی کوئی شخص یہ کہنے کی جرأت کر سکتا ہے۔ کہ مولینا نے مغربی یعنی انگریزی شاعری کی تقلید نہیں کی؟ میر و مصحفی کی روایتی اور عاشقانہ شاعری سے بیزار ہونے کے بعد مولینا کو شاعری کیلئے نئے اور وسیع میدانوں کی تلاش تھی۔ ان نئے اور وسیع میدانوں کی طرف انگریزی شاعری نے اُن کی رہنمائی کی۔ انگریزی شاعری کی انہوں نے تقلید کی۔ وہ ایک بڑی حد تک کامیابی کے ساتھ کی۔ مغربی تبریزی بیچارے کے یہاں لیا لکھا تھا کہ مولینا اُس کی پیروی کی آرزو کرتے۔ لے دے کر وہی ایک وحدت وجود کا مسئلہ اور بس۔ سو وہ کسی حیثیت سے بھی مولینا کے لئے جاذب توجہ نہیں ہو سکتا تھا۔ انہیں مسدس حالی جیسی نظموں کے لکھنے کی خواہش تھی۔ وہ خواہش مغربی تبریزی کی تقلید سے پوری نہیں ہو سکتی تھی اور اگر یہ کہا جائے کہ مولینا عاشقانہ شاعری کو ترک کر کے متصوفانہ شاعری کرنا چاہتے تھے تو ان کے حالات زندگی سے یا اُن کی تحریروں سے کہیں اس میلان کا پتا نہیں چلتا۔ بفرض محال اگر وہ زندگی کے کسی دور میں متصوفانہ شاعری کی طرف مائل ہو بھی گئے ہوں اور اُنہوں نے کسی صوفی شاعر کو اپنا آئیڈیل بنانا چاہا ہو تب بھی یہ ناممکن ہے کہ اُن کی نظر انتخاب مغربی تبریزی پر پڑی ہو۔ ایسا سوچنا بھی مولینا کی طبع سلیم اور ذوق لطیف سے سوءِ ظن ہے۔ عارفانہ شاعری کرنا ہی اگر اُن کے پیش نظر ہوتا تو وہ رومی کو اپنا پیشوا بناتے یا عطار و سنائی کا اقتدا کرتے۔ مغربی بیچارہ دوسرے درجے کا شاعر جس کے کلام میں نہ سوز و گداز نہ کیف و تازگی نہ تاثیر و جدت مولینا حالی اُسے اپنا رہنما کیونکر بنا سکتے تھے۔

مولینا حالی کے زیر بحث شعر میں ایک طرف میر و مصحفی کی یعنی ہماری مشرقی شاعری ہے۔ جس سے مولینا کا جی بیزار ہو چکا ہے۔ اور دوسری طرف مغربی یعنی انگریزی شاعری ہے۔ جس کے حسن و جمال نے مولینا کو گرویدہ کر لیا ہے۔ تو گویا مقابلہ مشرقی اور مغربی شاعری کا ہے مغربی تہذیب و تمدن کی تقلید کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ لہذا مسٹر شبلی م۔ ل۔ کام۔ ڈ کا یہ کہنا کہ۔

" اگر ہمارے نقاد سرسری نگاہ سے بھی دیوان حالی کا مطالعہ کریں تو اُن کو مغربی تمدن کی مخالفت میں متعدد اشعار نظر آئیں گے"

غلط مبحث سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔

خاتمۂ سخن کے طور پر صرف ایک بات اور کہنا ہے اور اس کی اہمیت کا اندازہ قارئین خود ہی لگا سکتے ہیں۔ ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور پروفیسر عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد اپنے ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں :-

" مولوی وحید الدین سلیم مرحوم نے ہم کو دیوان حالی پڑھایا تھا اور انہوں نے مغربی سے مطلب یورپی بتایا تھا "

مولوی وحید الدین سلیم پانی پتی کا جو بیان ہے اس لحاظ سے ساقط الاعتبار نہیں سمجھا جا سکتا کہ وہ بھی ایک یونیورسٹی میں پروفیسر تھے۔ کیونکہ اُنکی علمی و ادبی قابلیت مسلم ہے وہ شاعر بھی تھے اور ادیب بھی۔ پانی پت کے رہنے والے اور مولینا حالی کے دوست تھے اور شاید دور کے عزیز بھی۔ اسلئے وہ مولینا حالی کے حالات و خیالات کو اُن علامہ لوگوں سے کہیں بہتر جانتے تھے۔ جو واقعات کی طرف سے آنکھیں بند کر کے محض قیاسی گھوڑے لگاتے ہیں اور "پیروی مغربی" کے معنی مغربی تبریزی کی پیروی ٹھہراتے ہیں۔

الغرض "پیروی مغربی" کا مطلب اس کے سوا اور کچھ نہیں کہ مولینا اپنی پرانی وضع کی دقیانوسی عاشقانہ شاعری سے کنارہ کش ہو کر انگریزی طرز کی شاعری کرنا چاہتے تھے۔ بیچارے مغربی تبریزی کو علامہ لوگوں نے خواہ مخواہ کا نٹوں میں گھسیٹا ہے۔ مولینا حالی نہ مغربی کی پیروی کرنا چاہتے تھے نہ کی۔ انگریزی وضع کی شاعری کرنا چاہتے تھے اور کی۔

سید احتشام حسین صاحب پروفیسر لکھنؤ یونیورسٹی نے یکم جولائی ۱۹۴۷ء کے خیام میں اس موضوع پر تفصیل کے ساتھ لکھا ہے تعجب ہے کہ اسکے مطالعے کے بعد بھی لوگوں کو شبہ ہے۔

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

پہنچا پہنچانا ثواب و شک نہیں ہے اور یہ بھی معلوم ہووے کہ کسی روایت میں یہ بات نہیں کہ حضرت نے سعد کو حکم فرمایا۔ کہ کنواں کھدوا کر اپنی والدہ کا کر کے شہرت
دے یہ بات آنحضرت پر بہتان ہے۔ اب کا ایک آدھ نیم ملا جو اس بہتان کو اختیار کیا ہے۔ سو شاید اس کا سبب یہ ہے۔ کہ ایک بڑے
محدث کی فارسی کتاب میں جہاں اس قصہ کا بیان ہے۔ وہاں کاتب کی غلطی سے گفت کی جگہ بگو لکھا گیا ہے۔ سو یہ نیم ملا اس کے
وہم کے پیرو ہمت نہ کر کے سمجھا۔ القصہ ان سب روایتوں سے یہ ثابت ہوا۔ کہ سعد اپنی ماں کی نذر مطلق ادا کرنے کیواسطے کسی طرح کے خیر کے کام
میں کہ کر سکتی نذر ہو سکتی تھی سو حضرت سے پوچھا۔ شاید ان سب کاموں کو بھی اس بزرگوار نے ادا کیا تو اس ضمن میں ادا ہو جاوے۔ جب یہ بات
ان کی ماں کی جانب سے ادا کرنے کی تھی اس واسطے کنواں کھود کے هذه لام سعد کہا۔ یعنی ان کے ذمہ تھی نذر کی بابت کا کنواں ہے
ام سعد کا پہنچا سا تا سوان بیسواں چالیسواں سب بات جہاں نوبانی برسی حاضری توشہ صحناک چھوٹا بڑا سال بسال کا عرس کہاں
نکلا۔ اور یہ جو بعضا نیم ملا کہتا ہے۔ کہ مردوں کا کھانا کہنا اس حدیث سے جائز نکلتا ہے جواب بقول تمہارے اگر هذه لام سعد
کا معنی ام سعد کا کنواں کر کے فرض کریں۔ تو مردے کا کھانا کہنے کو اس پر قیاس نہ کیا جائے۔ ہاں اگر برتن میں پانی بھیجے اسکو جھوٹا اور تبرک اور ام
کی روح کا اس پر نام رکھ کے۔ اور اس پانی کو یہاں بانٹنے سے وہاں ام سعد کو پہنچتا ہے۔ کرتے یا ام سعد سے کسی مراد بر آنے کے واسطے پانی چڑھانے کی منت
مان کر کام سعد کا پانی کہا جاتا تو اس مردے کا کھانا کہنے کا قیاس اس پر صحیح ہوتا۔ تامل کیا چاہیے۔ کہ هذه لام سعد کی عبارت میں لام ملک

اور یہ بات تو یہی صحیح ہے - کہ سعد نے حضرت سے عرض کی - کہ میری والدہ ایکبارگی گذر گئیں - اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر بات کرتیں تو وصیت
کی ہوتیں - کیا پھر ان کی طرف سے میں خیرات کروں تو آپ نے فرمایا کہ ہاں اور نسائی نے اس خیرات کا بیان یوں کیا ہے - کہ پھر سعد نے پوچھا کہ بہتر خیرات
کونسی ہے - تو آپ نے فرمایا کہ پانی پلانا - اور یہی حدیث اداء کے باب صدقہ المرء میں صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں لکھی ہے سو اس کی عبارت
کے معنی یہ ہیں - کہ بی بی عائشہ نے نقل کی - کہ ایک مرد نے یعنی سعد بن عبادہ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کہ میری ماں اچانک
مرگئی - میں سمجھتا ہوں کہ اگر بولی ہوتی تو کچھ خیرات کی ہوتی - سو کیا اس کو کچھ ثواب ہوگا - جو اگر میں اس کی طرف سے خیرات کروں - تو آپ نے فرمایا
کہ ہاں - اور ایک روایت میں یوں ہے کہ سعد نے حضرت سے فتویٰ پوچھا - کہ میری والدہ گذر گئی - اور اس پر نذر باقی رہ گئی آپ نے فرمایا کہ تو
اس کی طرف سے نذر ادا کر - نسائی نے اس حدیث سے ظاہر یہ لایا ہے - کہ سعد نے عرض کی کہ کیا اس کو بس ہوگا - جو میں اس کی طرف سے
بردہ آزاد کروں - اپنی ماں کی طرف سے - پھر محدثوں نے ان روایتوں کے مضمونوں کو ملایا ہے - کہ شاید سعد نے ان سب باتوں کو اکٹھے کہا یا کہ
پوچھا - یا ترتیب سے ایک ایک کا حکم جدے جدے وقتوں میں تحقیق کر لیا ہو پھر قاضی عیاض نے کہا کہ سعد کی ماں پر کیسی نذر تھی سو اس
مقدمے میں جدی جدی باتیں ہیں - بعضوں نے کہا - کہ مطلق نذر اور بعضوں نے کہا کہ روزہ - بعضوں نے کہا کہ بردہ آزاد کرنا - اور بعضوں نے
کہا کہ کچھ خیرات دینی - پھر اپنے ذہن ان لفظوں پر دلیلیں گذرانتے ہیں - القصہ ان سب روایتوں کو ملانے سے غرض یہ کہ یوں واضح
معلوم ہوئی اور اہل حدیث کو خوب مردوں کے باب میں یہیں اور یادیں ارشاد کرتے ہیں اس کی سند علیٰ سے لینے میں سو گنجائش نہیں ہے -

قَالَ الْمَاءُ قَالَ فَحَفَرَ بِئْرًا وَقَالَ هٰذِهٖ لِأُمِّ سَعْدٍ رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ ۔ خلاصہ یہ کہ انصار میں سے سعد بن عبادہ خزرج کے

قبیلے کے سردار تھے۔ وے دومۃ الجندل کی لڑائی کو حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ گئے ہوئے تھے۔ انکی والدہ شریفہ

عمرہ مسعود کی بیٹی قیس کی پوتی جو مسلمان ہو کے حضرت کی صحبت سے مشرف ہوئی تھیں۔ سو مدینہ منورہ میں یکایک مرنے لگیں تو

حاضروں نے کہا۔ کہ وصیت کیجیو۔ تب انہوں نے کہا۔ کہ کس چیز میں وصیت کروں۔ مال جو ہے سو سعد کا ہے۔ لیکن ایک مہینے کے سعد بن عبادہ

حضرت کے ساتھ مدینے کو آئے۔ تب حضرت نے اس بی بی کی قبر پر جنازے کی نماز پڑھی۔ سعد نے اپنے والدہ کے انتقال کے وقت

کا تذکرہ حضرت کی جناب میں عرض کی۔ کہ یا رسول اللہ کیا میری خیرات کرنی اس کو فائدہ دیگی تو آپ نے فرمایا۔ کہ ہاں تب سعد نے کہا فلانا باغ

اسکی جانب سے صدقہ ہے۔ یعنی محتاج لوگ اس کا کھایا کریں کوئی اس باغ کو کبھی نہ بیچے۔ نہ مالک نے۔ اور ایک روایت میں آیا ہے۔ کہ سعد نے عرض کی

کہ میری ماں مر گئی ہے۔ پھر کونسی خیرات بہتر ہے۔ آپ نے فرمایا کہ پانی یہ حدیث مشکوٰۃ کے باب فضل الصدقہ کی دوسری فصل میں سعد بن عبادہ

کی روایت اس عبارت سے لکھی ہے۔ کہ اس نے عرض کی۔ کہ یا رسول اللہ میری ماں مرگئی پھر کونسا صدقہ بہتر ہے تو آپ نے فرمایا۔ کہ پانی سعد نے

تب کنواں کھودا۔ اور کہا یہ کنواں سعد کی ماں کیلئے ہے۔ کہ سعد نے کہا۔ یعنی اس کی نیابت سے مقصود ایا ہوا اور ایک وجہ یوں روایت ہے کہ سعد نے کہا

کہ کیا اگر میں اسکی طرف سے بردہ آزاد کروں تو اوسکو ثواب ہے۔ یعنی نفع ہے۔ تو آپ نے فرمایا کہ بردہ آزاد کر اپنی ماں کی طرف سے

يا رسول الله أينفعها إن تصدقت عنها فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم نعم فقال سعد حائط كذا وكذا

صدقة عنها لحائط سماه وقال الشارح منسوباً إلى النسائي أنه أي سعد بن عبادة قال إن أمي ماتت فأي

صدقة أفضل قال الماء وله أخرى أنه أي سعد قال أينفعها أن أعتق عنها قال أعتق

عن أمك ثم قال قدس روحه إن لا تنافي بينهما لجواز أن يكون السؤال بالكل معاً أو مرتباً في أوقات مختلفة

وفيه أيضاً مالك عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشة زوج النبي صلى الله عليه وآله وسلم أن رجلاً

وقال الشارح هو سعد بن عبادة قال لرسول الله صلى الله عليه وآله وأصحابه وسلم إن أمي افتلتت نفسها

وأراها لو تكلمت لتصدقت أفأتصدق عنها فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم نعم قال الشارح

وبين النسائي جهة الصدقة المذكورة أنه أي سعد قال لهم وذلك فأي الصدقة أفضل قال سقي الماء

قال القائل وقد روي هذا الحديث في المشكاة الذي للمئين بإيراد كلمة اطمئنا مكان أراها وبالجملة

الاستفهامية بدل لما أجر إن تصدقت عنها نعم أن التصدق عنها في الفصل الثاني من فصل

باب الصدقة منها عن سعد بن عبادة قال يا رسول الله إن أم سعد ماتت فأي الصدقة أفضل

إن أمي توفيت وما عليها عتاق فهل ينفعها أن تصدق عنها وفي أخرى للنسائي أي الصدقة أفضل

الاحتمال أن يكون سأل عن النذر ومن الصدقة معاً أو في أوقات مختلفة ومن أفضل الصدقة أيضاً

انتهى وقال والأظهر أنه كان نذراً في المال وأما أحاديث الصوم فقد علله البيهقي أهل الفن

بالاختلاف في سنده ومتنه وشذوذه واختلافه وأما رواية العتق فموافقة أيضاً فإن العتق

من الأموال قال ابن عبد البر استشهد من قال إن النذر كان صياماً بحديث ابن عباس أن رجلاً

قال يا رسول الله إن أمي ماتت وعليها صوم رواه الشيخان ثم ترددوا بأن في بعض الروايات عن ابن عباس

جاءت قصة أخرى وقد أوضحه الشارح لعبد الإيمان بجوابه صلى الله عليه وآله وسلم أعتق عن

عن أمك وظاهره أن الواجب كان نذراً الإعتاق وعلى تقدير كونه نذراً مطلقاً أو غيره فيكون الإعتاق

كفارة اليمين انتهى وقال البخاري مالك عن سعيد بن عمرو بن شرحبيل بن سعيد بن سعد بن عبادة

مع رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم في بعض مغازيه فحضرت أمه الوفاة بالمدينة فقيل لها أوصي فقالت فيم

أوصي إنما المال مال سعد فتوفيت قبل أن يقدم سعد بن عبادة فلما قدم ذكر له ذلك فقال سعد

سعد بن عبادة استفتى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ان امي ماتت وعليها نذر لم تقضه فقال رسول الله صلى الله
عليه وآله وسلم اقضه عنها وقال الشارح زاد فيها اي من طريق سليمان بن كثير عن الزهري في ذلك الحديث عنها قال سعد
ايكفي عنها ان اعتق عنها قال النبي صلى الله عليه وآله وسلم اعتق عنها وقال الشارح الضيا مغيا الى الطبقات ابن سعد
الحديث المشهور اتفاقا اي ام سعد بن عبادة الصحابي هي عمرة بنت مسعود بن قيس اسلمت وبايعت ماتت ورسول
الله صلى الله عليه وآله وسلم غائب في غزوة دومة الجندل وكانت في شهر ربيع الاول في سنة خمسة كان ابنها
سعد معه فقدم النبي صلى الله عليه وآله وسلم فجاء قبرها فصلى عليها وقال القائل ان في جامع الاصول عن
ابن المسيب ان ام سعد ماتت والنبي غائب فلما قدم صلى عليها وقد مضى لذلك شهر اخرجه الترمذي ثم
الشارح كون الحديث السابق المرسل مسندا جعلت نقول للنسائي من طريق سليمان بن كثير عن الزهري عن عبيد الله
عن ابن عباس عن ابن عبادة انه استفتى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فجعله من مسند سعد ثم قال الشارح
قال عياض اختلفوا في نذر ام سعد فقيل كان نذرا مطلقا وقيل كان صوما وقيل كان عتقا وقيل صدقة واستدل
كل قائل بأخبار مختلفة في قصة ام سعد قال الحافظ ولا يبعد قوله احب قول سعد في الحديث الآخر ان

سو کا حرم للمدینۃ عندنا۔ اس کا بیان آگے مفصل ہو چکا ہے مگر وہاں کے جانور اور درخت کی رعایت کرنی کئی حدیثوں میں آئی ہے
سو رعایت رسول کے فرمودہ کی ہے۔ یہ بات اللہ ہی کے واسطے ہے۔ اور حقیقت میں تعظیم اللہ کی ہی ہے کیونکہ اللہ نے فرمایا کہ ما آتکم الرسول
فخذوہ وما نہکم عنہ فانتہوا۔ جو کچھ دیا تم کو رسول نے سو لو اور جس سے منع کیا باز رہو۔ سو بار ہویں یہ بات کہ مدینہ کے اطراف کی عزت قبر مکرم
وہاں ہونے ہی کی جہت سے نہیں۔ اگر قبر مکرم ہی کی جہت سے ایسی بات کوئی مقرر کیا جاتا۔ تو اس وقت میں تو معترض کا اعتراض ہو سکتا سو ایسا تو نہیں اسکے سوا کلام
میں عمل صحابہ سے۔ اور ثبوت صحیح بھی ظاہر۔ برخلاف اجمیر وغیرہ زیارتگاہوں کے کہ وہاں عمل صحابہ اور ثبوت صحیح ہی نہیں کیونکہ کسی بزرگ کی قبر کے واسطے
وہاں کے اطراف کو حرم کا شبیہ ٹھہراتے ہیں اس واسطے یہ صورت یہاں شرک ٹھیری۔ کیونکہ یہ تو غیر اللہ کی عبادت کی نشان ہے اور نہی شریعت کا نہی
ف ۱۴۳ بھی ہوتی ہی ہے۔ یہ دونوں تو شرک ہیں چنانچہ آگے معلوم ہو چکا۔ قال اللہ تعالیٰ اَوْ فِسْقًا اُہِلَّ لِغَیْرِ اللّٰہِ بِہٖ۔ اور فرمایا سورۂ انعام میں
یا گناہ کی چیز کہ مشہور کی گئی ہو۔ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف۔ ف جیسا مردار اور سور ناپاک حرام ہے۔ ایسا وہ جانور بھی ناپاک اور حرام
مگر خود گناہ کی صورت بن جاتا ہے۔ کہ اللہ کے سوا اور کسی کا نام ٹھہرایا اس آیت سے معلوم ہوا کہ جانور کسی مخلوق کا ٹھہرایا جاتا ہے۔ اور وہ جانور حرام ہے
اس آیت میں اس بات کا کچھ ذکر نہیں۔ کہ اس جانور کے ذبح کرنے کے وقت کسی مخلوق کا نام لیجئے جب حرام ہو بلکہ اتنی بات کا ذکر ہے۔ کہ کسی مخلوق
کے نام پر جیسا کوئی جانور مشہور کیا یہ گائے سید کبیر کی ہے یہ بکرا شیخ سدو کا ہے۔ وہ حرام ہو جاتا ہے۔ پھر کوئی جانور مرغی یا اونٹ کسی
مخلوق کے نام کا کر دیجئے۔ ولی کا یا نبی کا یا باپ دادے کا یا کہ سید احمد کبیر کے واسطے کیا جانور اپنے جد سید احمد موصوف کی گائی اور غیرہ

کیواسطے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے خاص ٹھیرائے ہیں۔ سوائے کسی اور زیارت کے واسطے مخصوص نہیں۔ پھر اور جگہ سے ویسیوں کاموں کو مخصوص

کرنا ئی شریعت نکالنی ہے۔ اور شریعت ٹھیرانی اللہ کی صفت ہے خاص اور رسول صاحب شرع اس کے نائب ہیں پھر اگر کوئی اس صفت میں آپ دخل کرے

یا دوسرے کو دخل دے تو وہ مشرک ہو جاتا۔ اس واسطے مصنف کہتا ہے۔ کہ کسی زیارت گاہ میں جو کا سا طور اور حاجیوں کا سا بھیس نہ بنائیے کیونکہ

یہ شرک کی بات ہے۔ اور بعضے نادان طالب العلم اور گور پرست جہال اور بدعتوں کا مددگار مجاور مصنف کی اس نصیحت پر چڑھ کے مصنف کی

تکفیر کرتے ہیں۔ اس بہتان کے بہانہ سے کہ اس نے قبر شریف کی زیارت کو منع کیا ہے۔ ای منصف اس مصنف کے کلام سے روضۂ مبارک کی

زیارت کی منع کہاں نکلتی ہے۔ کیونکہ وہاں کوئی جاہل بھی حاجیوں کا سوانگ کر کے نہیں جاتا۔ اور حج کے مناسک وہاں بجا نہیں لاتا

یہ زیارت مصنف حنفیہ کے مذہب میں موکد مستحب ہے۔ مصنف آپ خود زیارت سے مشرف ہوا ہے پھر اس کا اس کو شرک ٹھیرانا کیونکر

ثابت ہوا۔ وہاں اجمیر اور کلیر سگار اور پکھن پور اور بابا بدھن کے پہاڑ اور ناگور وغیرہ کے جانیوالے اکثر حاجیوں کا سوانگ بلکہ تیرتھ جانیوالوں کا

سا بھیس کر کے جایا کرتے ہیں۔ اور وہاں ایسے کرتے جو شبیہ حج کے مناسک کے ہوویں۔ پھر ایسے زیارتوں کو جانیکی منع البتہ

مصنف کے کلام سے نکلتی ہے۔ بعض جاہل کہتے ہیں۔ کہ مصنف کے کلام سے مدینے کے حرم کا انکار نکلتا ہے۔ جواب اس کا یہ ہے

کہ مدینہ منورہ کو احرام کا حرم کہاں ہے۔ کون احرام سے اس واسطے ہوتا ہے۔ اس واسطے حنفی علمائے مدینہ کے حرم کے قائل نہیں۔ اور سب حنفی کتابوں میں لکھا ہے

احمد ندیم قاسمی

مستقیم و منحنی

راہِ پُرپیچ سے کترا کے نکلنے والو   شاہراہوں کی کراہیں بھی سُنی ہیں میں نے
تپشِ شدتِ احساس کے دوزخ کی قسم،   دامنِ برق سے کلیاں بھی چُنی ہیں میں نے

جن کی حدّت سے اتر جاتا ہے ملبوسِ حریر
ان شعاعوں سے نقابیں بھی بُنی ہیں میں نے

سب اُمڈتے ہوئے بادل نہیں برسا کرتے   سب چمکتے ہوئے ذرات نہیں زر پارے
ہر چمکتی ہوئی بجلی نہیں ٹوٹا کرتی،   اپنے ہی نور سے رخشاں نہیں تارے سارے

کتنی تاریک نگاہی ہے کہ مشرق کے غلام
آدمی ہیں مگر انسان نہیں بے چارے

راستہ راست سہی، راہنما ساتھ سہی   لیکن اس راہ پہ منزل بھی تو آئے کوئی
امن انعام سہی، خرخشے بدنام سہی   لیکن اس امن سے تسکین تو پائے کوئی

اجنبی راہوں پہ اُبھرے وہ طلائی گنبد
میری آنکھوں سے اب آنکھیں تو ملائے کوئی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

آدم کی امنیہ سے کفا - امنیۃ عربی میں ارمان کو کہا کرتے ہیں ۵ اور ش - اسی طرح تعظیم الٰہی کے مکانوں میں سے ہے - صفا مروہ تئیں سے اللہ تعالیٰ نے
فرمایا - کہ اِنَّ الصَّفَا وَالمَروَۃَ مِن شَعَائِرِ اللّٰہِ یعنی صفا اور مروہ جو ہیں یہ سو اللہ کی عبادت کی جگہوں میں کے ہیں - وہ پہاڑ ہیں ایک کا
نام صفا دوسرے کا نام مروہ - صفا کا نام اس واسطے صفا ہوا - کہ آدم علیہ السلام صفی اللہ اس پر بیٹھے - اور مروہ کا نام مرأۃ سے رکھا گیا ہے
امرأۃ عربی میں عورت کو کہتے ہیں - اس پر حوا بیٹھیں اس واسطے اسکو مروہ کہنے لگے - اور مقام ابراہیم ش - بھی اللہ کی تعظیم کے مکانوں
میں سے ایک مکان ہے - اللہ تعالیٰ نے فرمایا - کہ وَاتَّخِذُوا مِن مَقَامِ اِبرَاہِیمَ مُصَلًّی ۵ اور ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ سے نماز
کرنے کی جگہ - یعنی اس کے پیچھے طواف کا دوگانہ پڑھو - وہ ایک پتھر ہے - کہ اس پر ابراہیم علیہ السلام کھڑے ہو کر کعبۃ اللہ کی [illegible]
اٹھاتے تھے - ان کے قدم مبارک کا نقش اس پر تھا - آج کعبۃ اللہ کے صحن میں وہ پتھر موجود ہے ۵ اور ساری مسجد الحرام
ش - کعبہ اور اس کے آس پاس میں جو نماز کی جگہ ہے - ۵ مکہ سارا کہ معظمہ ش - وہ شہر جس میں کعبۃ اللہ ہے - ۵ مکہ ساری حرم
ش - جو کعبہ کے آس پاس کی زمین سے کئی کوس تک حرم کہلاتی ہے [illegible] کی دو [illegible] میں ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ حرم کی حدیں
باندھی گئی ہیں - سو مدینے کی طرف سے تین میل تک کہ آتی ہیں - تو وہاں سے حرم شروع ہوتا ہے - اگر تو اس کو کسی طرح سے جانا چاہے
اور عراق اور طائف کی طرف سے سات میل - اور جدہ کی طرف سے دس میل اور جعرانہ کی طرف جو جگہ ہے اسکی طرف سے نو میل ۵ اور لوگوں کے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ ۔ اور فرمایا اللہ صاحب نے سورہ حج میں کہ خبر کر دے لوگوں میں حج
کی۔ ش یعنی ابراہیم جب انہوں نے اس حکم کو بجا لانے کے لئے مکے کے پہاڑ پر جس کا نام ابوقبیس ہے چڑھ کے پکار دیا۔ کہ ای لوگو تمہارے
پروردگار نے ایک گھر بنوایا ہے۔ اور تم پر اس گھر کا حج فرض کیا ہے۔ سو تم کو چاہئے کہ اس گھر کی طرف یہ حکم مان کے چلے آؤ۔ اور سب نے جو طرف منہ پھیر کے
بول اٹھے۔ تو جس کی تقدیر میں حج لکھا تھا۔ یہاں تک کہ باپوں کی پیٹھ میں تھے اور ماؤں کے پیٹوں میں جواب دے چلے۔ کہ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ۔ یعنی حاضر ہوتے
ہیں ہم اے پروردگار۔ اس واسطے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ چلے آویں تیرے پاس ش اور اب اور آنے والے ہمیشہ آتے ہیں پیادے۔ ش یعنی ہر اور دبلے
اونٹوں پر۔ ش یعنی جو کہ چلے آتے ہیں۔ دور کے راستے سے کہ آ پہنچیں اپنے فائدوں کی جگہ۔ ش دین دنیا کے۔ م فائدوں کی جگہ ہیں اور یاد کریں
اللہ کے نام کئی معین دنوں میں اس چیز پر کہ دیا ہے انکو مویشی اور چوپایوں میں سے۔ م۔ سو کھاؤ اس میں سے۔ ش۔ جیسے اونٹ گائے بکری بھیڑ اور
قربانی کے جو ذبح کرتے ہیں۔ انکو اللہ کے نام پر یعنی ہیں۔ سو کھاؤ اس میں سے۔ اور کھلاؤ بد حال محتاج کو۔ پھر چاہئے کہ تمام کریں دور کریں اپنا میل
کچیل اپنا۔ ش جیسے بدن اور سر کا میل کچیل گرد و غبار اور ناخن وغیرہ۔ م۔ اور پوری کریں منتیں اپنی۔ ش جیسے نذر اور قربانی وغیرہ۔ م اور طواف
کریں اس قدیم گھر کا۔ ف اللہ صاحب نے اپنی تعظیم کے لئے بعضے مکان ٹھہرائے ہیں۔ جیسے کعبہ۔ ش جو سب تعظیم الہی کے مکانوں سے بہتر ہے۔
اور یہ سب مشہور اور حج اسلام کی جگہ اور اللہ کا حرم خاص ہے۔ اور اس کا نام کعبہ ہونے کا سبب یہ ہے کہ جو چیز اونچی ہو یا انچان۔ پر ہو یا اونچی بنائی گئی ہو

مگر جن لوگوں کے دل میں ٹیڑھا پن ہے ۔ سو پیچھے پڑتے ہیں۔ اسکی متشابہات کی فتنہ چاہنے کو۔ اور اس کے معنے الٹے چاہنے کو اور

نہیں جانتا۔ اس کے معنی ٹھیک نے کوئی الله کے سوائے ۔ اور یہی ارشاد کیا ہے۔ کہ اَبِاللّٰہِ وَآیَاتِہٖ وَرَسُوْلِہٖ کُنْتُمْ تَسْتَھْزِءُوْنَ ۔ کیا الله ہی

سے اور اسکی آیتوں ہی سے اور اس کے رسول ہی سے تم ٹھٹھول کرتے ہو۔ اعتراض ۔ ان آیتوں میں عبادت کے طور پر ادب سے

کھڑے رہنے کا منع کہاں نکلتا ہے ۔ جواب تمام عَبْدُ اللّٰہِ اور اِنَّ الْمَسَاجِدَ لِلّٰہِ کے قرینے سے کیونکہ مسجدوں کا قائم

دائمیہ نماز ہے۔ اور الله کا ذکر اور تلاوت خاص کر مسجد کے باب حدیث میں آیا ہے۔ کہ اِنَّمَا ھِیَ لِذِکْرِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃِ

وَتِلَاوَۃِ الْقُرْآنِ ۔ یعنی مسجدیں جو ہیں سو الله کے ذکر نماز اور قرآن کے تلاوت کے واسطے ہیں۔ ان میں سے نماز مافوق ہے

حسبنا الطول رکن قیام ہے۔ جس میں کھڑے الله کو اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کرکے کہنا یہی فرض اس کا سبب

مصنف نے یہ سمجھا ۔ کہ ان مکانوں کا ذکر کرے۔ جنکو الله تعالٰی نے اپنی تعظیم کیلیے مقرر فرمایا ہے ۔ انہیں کی مکان کا ذکر جو

قرآن میں صریح آیا ہے ۔ ذات کے ضمن سے نکلتا ہے ۔ سو اس آیت کی تفسیر میں مذکور کرتا ہے ۔ اور تعظیم الٰہی کے مکان

۱۲۶ کو ان میں سے ایک کرس۔ وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ لِّیَشْھَدُوْا

مَنَافِعَ لَھُمْ وَیَذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ فِیْ اَیَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰی مَا رَزَقَھُمْ مِّنْ بَھِیْمَۃِ الْاَنْعَامِ فَکُلُوْا مِنْھَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِیْرَ

عبدالحمید عدمؔ

غزل

وہ راتیں، وہ جلسے، وہ رنگیں فسانے
کہاں جا چھپے وہ مقدس زمانے

کبھی نرم رو ساعتوں کا ترنم
کبھی تلخ حالات کے تازیانے

مرے جام میں بھر دیا سرد پانی
یہ کیا ظلم ڈھایا کسی پارسا نے

وہی ابرِ رحمت، وہی ساز و بربط
وہی رقصِ مستی، وہی بادہ خانے

نہ پوچھو یہ صوفی منش لوگ شب کو
کہاں جا رہے ہیں وضو کے بہانے

کسی برقِ تازہ کو بہکا کے لانا
بڑی دیر سے سرد ہیں آشیانے

چلو خیر! اب ذکر کیا اُن ضدوں کا
نہ ہم لوگ مانے، نہ تم لوگ مانے

وہ ساون کی راتیں، وہ جنت کی باتیں
وہ کوثر کے چھینٹے، وہ شیریں فسانے

یہ کس رنگ کی گردشیں کھا رہا ہے
ارے او زمانے، ارے او زمانے

گرا لڑکھڑا کر عدمؔ جب بھی کوئی
خرد مند شیشے لگے مسکرانے

[illegible]

اور بانٹتے اور دور دور لیجاتے اور رب پر چھپر اور سائبان اور شامیانے پڑتے اور مورچھل جھلتے اور اسی قبیل کے کام کرتے سو شرک ایسے

لوگ ان کے شاگرد و نارشید سندوں جھنڈوں اور قبروں سے بعینہٖ عمل میں لاتے ہیں۔ یہ سب شرک کے کام ہیں تو سمجھ لیا ہیں۔

اور قبہ و مجاوروں کے باب سے سب شرکی کے افعال ہیں۔ یہاں سے تین نمونے از خروارے بتلائے گئے۔ عقل اعلیٰ والاس پر قیاس کر لیگا

اس لئے مصنف نے سمجھ والوں کی کم فہمی پر بھروسہ کر کے لفظ عبادت شرعی کا ذکر کیا اور کہا کہ چوتھی فصل اشراک فی العادۃ کی برائی کے بیان میں

یعنی عبادت کہتے ہیں ان کاموں کو جو اللہ صاحب نے اپنی تعظیم کے واسطے اپنے بندوں کو بتلائے ہیں۔ سو اس فصل میں یہ مذکور ہے کہ قرآن اور حدیث

میں اللہ کی تعظیم کے کون کون سے کام بتلائے ہیں۔ تاکہ اور کسی کے لئے وہ کام نہ کیجئے کہ شرک لازم نہ آوے۔ قال اللہ تبارک وتعالیٰ

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ اِنِّیْ لَكُمْ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْا اِلَّا اللّٰهَ اِنِّیْ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ اَلِیْمٍ ۔ فرمایا

اللہ صاحب نے سورہ ہود میں کہ بیشک بھیجا ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف یہ بات کہنے کو کہ بیشک میں تم کو ڈر سنانے والا صاف صاف ہوں یہ کہ نہ عبادت

کرو۔ مگر اللہ کو۔ بیشک میں ڈرتا ہوں۔ تم پر دکھ کے دن کی مار سے۔ ف یعنی مسلمان اور کافروں میں مقابلہ حضرت نوح کے وقت سے

شروع ہوا ہے۔ سو جبھی سے اس بات پر مقابلہ ہے کہ اللہ کے مقبول بندے یہی کہتے آئے ہیں۔ کہ اللہ ہی کی تعظیم کسی اور کی نہ کیجئے

اور جو کام اس کی تعظیم کے ہیں وہ اوروں کے واسطے عمل میں نہ لائیے۔ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا

بندہ تیرے بھلے کو کہتا ہے۔ اس نصیحت سے درما ہے مجھے ورنہ اس شرک اور بدعت میں اور بھی ہو خراب کیا ہے مجھے۔

چوتھی فصل کے شرح کا مقدمہ

یہاں مصنف عبادت شرعی ہی کا مذکور کرتے ہیں۔ ضرور تھا کہ طبعی اور صناعی عبادت کا بھی بیان کریں۔ کیونکہ شرک پسند لوگ مخلوق

پرستی میں طبعی اور صناعی عبادت کے لوازم بجالا کے کہتے ہیں۔ کہ ہم نے تو اسکی عبادت شرعی نہیں کی۔ اس لئے عبادت طبعی اور صناعی

کی ماہیت لکھی جاتی ہے۔ کہ جب آدمی دین کی تربیت نہ پایا ہو۔ اور کسی عزت والے شخص یا چیز سے کسی کام کے بے سبب کر دیکھا اتفاقاً دیکھے

یا بے سبب اپنی حاجت اس سے بر آتی دیکھے۔ تو اس کے دل سے اس معزز کے حضور آپ کو نہایت ذلیل کرنا اور اس بات کو اپنی دو جہان

کی بہتری کا سبب سمجھنا بالطبع صادر ہوتا ہے۔ یہی اصل ہے عبادت طبعی کا اس سے ہندو آفتاب اور چاند کو اور رام کشن کو اور بشن کے اوتاروں کو

اپنے خیال کے موافق پوجنے لگے ہیں۔ اور جب پوجا کرنے والے آپ جسکو پوجتے ہیں۔ اس کے لئے اقسام کی چیزیں اور کام اور اس کی تعظیم کے نشان

مقرر کرتے ہیں اور عمل میں لاتے ہیں۔ وہ عبادت صناعی ہے۔ اس کا منشا عبادت طبعی ہے۔ یہی طرح سے شدوں معبودوں قبروں وغیرہ کے ساتھ

شرک پسند لوگ جو معاملے کرتے ہیں۔ کبھی عبادت طبعی کبھی صناعی کبھی دونو کا مجموعہ ہوا کرتا ہے۔ چنانچہ سب بت پرست بتوں کے

روبرو جا بجا باجا بجاتے اور ناچ کراتے اور بت کے۔ دیرو جو کھانے پینے وغیرہ کی چیزیں گذرانتے ہیں۔ سوان کو پرستار ان کے کھاتے

ف ۱۲۱ [illegible]

تب حال پایا۔ اور دین میں ان کا لاابالی پن مجھے خوش نہ آیا۔ اس واسطے مناسب جانا۔ کہ وے مذکور احادیث ان کو سنا دوں۔ اور ان کے مضمون ہدایت مشحون کے موافق ایک مفید رسالہ دینی بھائیوں کے واسطے ہندی زبان میں بنا دوں۔ وے حدیثیں یہ ہیں ف ابن جریر اور ابن ابی حاتم اور ابن منذر نے اپنی تفسیروں میں كَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوا أَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَأَكْثَرَ أَمْوَالًا وَأَوْلَادًا فَاسْتَمْتَعُوا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِي خَاضُوا کی آیت کے نیچے ابن عباس کا یہ قول لایا ہے كَمَا أَشْبَهَ اللَّيْلَةُ بِالْبَارِحَةِ كَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ هَؤُلَاءِ بَنُو إِسْرَائِيلَ شُبِّهْنَا بِهِمْ وَنَفْسِي بِيَدِهِ لَتَتَّبِعُنَّهُمْ حَتَّى لَوْ دَخَلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ جُحْرَ ضَبٍّ لَدَخَلْتُمُوهُ۔ یعنی کیا شبیہ ہے آج کی رات سے۔ اللہ تعالیٰ نے جو فرمایا۔ كَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ۔ یعنی تم سے اگلے اگلوں سے مراد بنی اسرائیل ہیں ہم کو ان کی شبیہ ٹھیرایا قسم ہے اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ مقرر تم پیروی کروگے اگلے لوگوں کی۔ اگر ان میں کوئی سوسمار کے سوراخ میں گھسا ہو۔ تم بھی گھسوگے اور حاکم کی روایت میں ابن عباس سے یہ حدیث مرفوع آئی ہے۔ کہ لَتَرْكَبُنَّ سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ۔ یعنی مقرر تم پیروی کروگے ان کی راہوں کی جو تم سے پہلے تھے بالشت بالشت اور ہاتھ ہاتھ اور ابو ہریرہ کی حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات آئی ہے۔ کہ لَتَأْخُذُنَّ كَمَا أَخَذَتِ

توفیق الایقان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لک الحمد یا حافظ الدین فی قلوب المؤمنین المخلصین

فصل وسلم وبارک علی سید المرسلین الممدوح بطٰہٰ و

یٰسین محمد خاتم النبیین شافع یوم الدین و

علی آلہ واصحابہ اجمعین ۔۔۔۔

منصف مومنوں پر پوشیدہ نہ رہے۔ کہ جب یہ بندہ امیدوار رحمت غفار خادم الدین

سید الابرار عبد القہار ابن عبد الجبار ساکن گوالیار نے ان احادیث شریف کو جو آگے مذکور ہوتی

ہیں عبرت کی نظر سے مطالعہ کیا۔ اور زمانے کے حال پر تطابق دیا تو اپنے دینی بھائی کی بھلائی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

جاوید قمر

یاس

روح پر مری پھیل سی گئی
تلخیٔ حیات اب کہاں نجات
گھومنے لگے شوخ دائرے
زرد زرد سے آہِ سرد کے
پٹ گئی حیات پٹ گئی اُمید
موت کامراں یاس حکمراں

مبر ۱۹۴۶

-/۸/-

ادب لطیف لاہور

ادبِ لطیف
لاہور

ایڈیٹر: برکت علی چوہدری

نمبر شمارہ ۳	دسمبر ۱۹۴۶ء	جلد ۲۴

سخنہائے گفتنی .. .. برکت علی چوہدری .. ۲

مضامین

ناٹک .. .. سید عابد علی عابد .. ۳
ہندی آریہ فلسفہ .. باری (علیگ) .. ۷
دعوت میں بات کرنیکا سلیقہ کنہیا لال کپور .. ۹

منظومات

غزل .. .. .. حفیظ ہوشیارپوری ۱۳
مجسمہ .. .. احمد ندیم قاسمی .. ۱۴
غزلیں .. .. .. کمال احمد صدیقی ۱۶
غزل .. .. .. عبدالحمید عدم ۱۶
اور ایک ساغر زہراب بھی غلام ربانی تاباں ۱۷
یادیں .. محمد حسن .. ۱۷
[illegible] سردار انور ۱۸

ایک گیت اور ایک نظم قیوم نظر .. ۱۹
ارادہ .. .. .. منظر سلیم .. ۲۰
عادتیں .. .. مسعود شاہد .. ۲۰
رُوٹھ گئے دکھیا ران کے پی سجاد حیدر .. ۲۱
قطعات .. .. لطیف انور .. ۲۱

افسانے اور ڈرامے

ناگہاں .. .. .. بیگم ث "الف" ۲۲
حرکت .. .. .. ہنس راج رہبر ۲۸
پہنیدا خاں .. .. کرتار سنگھ دُگل ۳۲
تماشا .. .. یزدانی ملک ۳۵
جانے سے پہلے .. قریشی صلاح الدین اکبر ۳۶
اور وہ ہنستی رہی .. انڈریف مترجم عبدالرحیم شبلی ۴۲
ایک رات .. .. ابوسعید قریشی .. ۴۹

ناگی پریس [illegible] لاہور میں باہتمام برکت علی چوہدری پرنٹر و پبلشر

سخنہائے گفتنی

پچھلے شمارے میں ہم نے ادبِ لطیف کے انتظامی معاملات میں چند اہم تبدیلیاں رونما ہو جانے کے بارے میں ضمنی طور پر کچھ گذارشات کی تھیں۔ ہر چند ہم جانتے ہیں کہ ان کا تعلق قارئین سے نہ تھا، علاوہ ازیں اپنے کرمفرماؤں کو پریشان نہ کیا جائے لیکن بعض باتیں ایسی ہیں جن کی طرف مزید اشارے کئے بغیر ادبِ لطیف میں لکھنے اور اسے پڑھنے والوں میں غلط فہمی کا پیدا ہو جانا ضروری ہے۔ صرف یہی نہیں بعض مخالف طاقتوں کا تقاضا بھی یہی ہے کہ ہم ان کی جائز مدافعت کیلئے حقیقت سے گریز نہ کریں۔

ادبِ لطیف میں چھپنے کے لئے بیسیوں مضامین نظم و نثر ہر ڈاک سے موصول ہوتے ہیں۔ ان میں نوجوان قلمکاروں سے لیکر ملک کے چوٹی کے فن کاروں کی چیزیں ہوتی ہیں، چنانچہ رسالے کی محدود ضخامت کو مدِنظر رکھتے ہوئے کتنے ہی مضامین اس کی اگلی اشاعتوں کے لئے رکھ لئے جاتے ہیں۔ اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بعض نہایت اچھی چیزوں کے چھپنے کی باری مہینوں تک نہیں آتی۔ گذشتہ چھ سات ماہ بلکہ اس سے بھی زیادہ مدت میں بھی ایسا ہی ہوتا رہا۔ ادبِ لطیف کے پچھلے کارکن بے شمار نظم و نثر کے مضامین فراہم کرتے رہے، تا آنکہ وہ اس سے الگ ہو گئے اور اس طرح جمع کیا ہوا اثاثہ "اندوختہ" یا تو اپنے ساتھ لے گئے۔ یا پھر ہمارے لئے چند ایسی چیزیں چھوڑ گئے جن کی اشاعت پرچے کے معیار اور اس کے رجحانات کے پیشِ نظر ممکن نہیں۔ اس لئے ہم اپنے قلمی معاونین کی خدمت میں گذارش کرتے ہیں کہ اب ہمارے پاس ان کی ایسی کوئی قابلِ اشاعت چیز نہیں جو انہوں نے اکتوبر ۱۹۴۶ء سے پہلے ادبِ لطیف کو چھپنے کی غرض سے ارسال کی ہو۔ اس لئے اگر وہ چاہتے ہیں کہ ان کی پرانی بھیجی ہوئی چیزیں کسی نئے پرچے میں چھپنے کی بجائے اب ادبِ لطیف ہی میں شائع ہوں تو وہ ان کی ایک نقل ہمیں دوبارہ بھیجنے کی زحمت گوارا فرمائیں۔ تاکہ ہمیں ان پر غور کرنے کا موقع مل سکے۔

اگست، ستمبر اور اکتوبر کا ادبِ لطیف شائع نہیں ہو سکا۔ دراصل یہی تین مہینے تھے جن میں ہمارے انتظامی معاملات نہایت درہم برہم تھے چنانچہ ان تین مہینوں میں جن حضرات نے ادبِ لطیف کے وی پی وصول کئے یا اس کا چندہ بذریعہ منی آرڈر بھیجا ہمیں ان کا صحیح ریکارڈ نہیں مل سکا اس لئے ان حضرات کی خدمت میں درخواست ہے کہ وہ اپنا وی پی کا کوپن یا منی آرڈر کی رسید ہمیں فوراً ارسال فرمائیں تاکہ ان کا نام خریداروں کی فہرست میں درج ہو سکے اور انہیں ادبِ لطیف کسی دقت کے بغیر ملنا شروع ہو جائے۔

ادبِ لطیف نے اردو ادب کا جو نیا معیار قائم کیا اور اسے جس خوبی سے برقرار رکھا، بلکہ مستقبل میں اسے بلند سے بلند تر کرنے کا جو بیڑا اس نے اٹھایا ہے وہ ہم سب کے لئے باعثِ فخر و مباہات ہے لیکن ایک بات جو ہمیں ہمیشہ سے کھٹکتی رہی اور جس سے ہمارے قارئین ہمیشہ پریشان رہے، وہ رسالے کی اشاعت میں بڑھتی ہوئی بے قاعدگی تھی۔ یوں معلوم ہوتا ہے جیسے اس کے پچھلے کارکنوں کو اشاعت میں بے قاعدگی سے کوئی خاص لگاؤ تھا۔ بہرحال ہماری آئندہ یہ کوشش رہے گی کہ ہم اس پرانی رسم کو ہمیشہ کے لئے توڑ دیں۔ اور پرچہ ہر مہینے کے پہلے ہفتہ میں پڑھنے والوں کی خدمت میں پہنچا دیا کریں۔

اور ایک بات اور ——— یعنی جواب طلب امور کیلئے دو پیسے کا ٹکٹ آنا ضروری ہے۔

اور خریداروں کو چاہئے کہ خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیں۔ ورنہ جواب میں تاخیر کا احتمال ہے۔

برکت علی چودھری

سید عابد علی عابد

ناٹک

اس بات کو پھیلا کر بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ اسٹیج کا ناٹک وہ کہانی ہے جو اس مقصد کو سامنے رکھ کر لکھی جائے کہ اسے ایکٹروں کی مدد سے اسٹیج پر کھیلا جائیگا۔ یہی وجہ ہے کہ [illegible] نے ناٹک کے لئے تین چیزیں ضروری قرار دی ہیں۔ ایک اسٹیج، دوسری کھیل دکھانے والے اداکار، تیسری کھیل دیکھنے والے یعنی سامعین اور ناظرین کیونکہ ناٹک دیکھا بھی جاتا ہے۔ اور سنا بھی جاتا ہے۔

اب یہ کہنے کی ضرورت شاید باقی نہیں رہی کہ ناٹک کے مصنف اسٹیج، اداکاروں اور دیکھنے والوں سے متاثر بھی ہوتے۔ اور انہیں متاثر بھی کرتے ہیں۔ یہی احساس کہ ناٹک کی ہر چیز کو اسٹیج پر دکھایا جانا مقصود ہے۔ قدم قدم پر مصنف کو روکے گی اور اسے سوچنے پر مجبور کرے گی۔ کہ کہیں کوئی ایسا پیچیدہ الجھا ہوا سین نہ لکھ دے جس کا اسٹیج پر دکھانا ناممکن ہو۔ اسٹیج کا طول و عرض اسے اس بات پر مجبور کرے گا کہ وہ اپنے کیریکٹروں کی آمد و رفت کو استادانہ طریقے سے استعمال کرے۔ اور اس بات کو کبھی فراموش نہ کرے کہ بہت سے کیریکٹروں کا اسٹیج پر جمع ہو جانا ناممکن تو نہیں، لیکن ان کا سنبھالنا بہت دشوار ہے۔ کیونکہ اسٹیج پر کیریکٹر یا اداکار ہر وقت گویا ہو یا خاموش، دائیں ہو یا بائیں لگاتار ایکٹ کرتا رہتا ہے۔ اور جب بہت سے کیریکٹر اسٹیج پر جمع ہوں تو اس طرح ایکٹ کرنا کہ توجہ کا مرکز وہ خاص کیریکٹر ہی رہے۔ جس کے لئے وہ سین یا منظر گرم رہا ہے۔ بہت مشکل ہے۔ انہیں باتوں اور مشکلات کو مد نظر رکھ کر یہ بنیادی قانون بنایا گیا۔ کہ تمام غیر ضروری کیریکٹروں سے ناٹک کو پاک ہونا چاہئے۔ جو کیریکٹر اسٹیج پر آئیں۔ ان کی حالت یہ ہو کہ ان کے بغیر گزارہ ہی نہ ہو سکے!

اسٹیج کے طول و عرض اور ہال کی ترتیب و ساخت کے اعتبار سے بھی ناٹک کے پیش کرنے کا رنگ، متاثر ہوتا رہتا ہے۔ اسٹیج ناٹک کی ایک خاص زبان ہے۔ تمثیل، افسانہ، اسٹیج ڈھونڈنے والے

ناٹک اور ناولوں کی طرح آہستہ آہستہ رفتار سے چلتے ہیں۔ ان کے واقعات کی رفتار کا تیز ہونا بھی ضروری نہیں۔ زبان بھی عام طور پر معمولی کاروباری زبان کی ایک اچھا یا صاف اور جھلک ہوتی ہے۔ لیکن کے برخلاف، ناٹک دو تین یا چار گھنٹے میں ختم ہوتا ہے۔ اسی عرصے میں ڈرامہ کے تمام مراحل کو طے کرتا ہے۔ آغاز، کشمکش کی ابتداء، کیریکٹروں کے کردار کا انکشاف، حیرت آفرین انجام کی ابتدا اور آخر انجام بھی کچھ ان ہی تین گھنٹوں میں ہوتا ہے۔ پھر جو لوگ اسٹیج سے دور بیٹھے ہیں۔ ان تک بھی کھیل کا ہر لفظ پہنچانا۔ اور ان کو ایکٹر کی ہر حرکت کا پیغام سمجھانا ضروری ہے۔ انہیں پابندیوں کے باعث ڈراما نویس! مجبور ہوتا ہے کہ معمولی بول چال کی زبان کو ترک کر کے عموماً ایک مخصوص زبان اختیار کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ جو عام زبان سے زیادہ موثر، مبالغہ آمیز، صناعانہ، اور چبھتی ہوئی ہوتی ہے۔ بات کانٹے کی تول ہوتی ہے لیکن بڑے تکلف سے ہوتی ہے۔ بڑی نوک پلک نکالی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر ناٹک میں کسی کا بھائی مر جائے تو یوں نہیں کہا جائے گا۔ کہ مجھے سخت افسوس ہوا۔ کہ میرے بھائی کا انتقال ہو گیا۔ بلکہ وہاں بازو کے ٹوٹ جانے سے مصیبت کا پہاڑ ٹوٹ پڑتا ہے۔ اور زندگی کی گردش تمام ہو جاتی ہے۔ جونہی یہ بات سمجھ میں آ جائے کہ ایکٹر کا ابتدائی اور سب سے زیادہ ضروری فرض یہ ہے۔ کہ اس کی آواز سب کو صاف سنائی دے۔ وہیں یہ بھی ہم پر روشن ہو جاتا ہے۔ پہلے ڈرامے نظم میں کیوں لکھے جاتے تھے۔ اور ہندوستان کے ناٹکوں کی زبان مقفیٰ اور مسجع کیوں ہوتی ہے۔ یہ زبان معمولی زبان کی طرح فطری طریقۂ اظہار نہیں ہے۔ لیکن یہ دعویٰ کس نے کیا ہے۔ کہ اسٹیج پر ہر چیز فطرت کی نقل ہوتی ہے۔ برخلاف اس کے تمام بڑے بڑے نقاد ڈرامہ کی [illegible] کہتے ہیں۔ کہ ایکٹر کے لئے اسٹیج پر [illegible]

یا قانون فطرت کے مطابق ایکٹ کرنا اور بولنا ممکن ہے۔ ایکٹر کا پہلا فرض ہے۔ کہ لوگوں تک اپنی آواز پہنچائے۔ اپنی ہر حرکت اور اپنے ہر انداز کا مطلب، الفاظ سے، اور اپنے الفاظ کا مفہوم انداز سے دیکھنے والوں کو سمجھائے۔ ایسا نہ کرے گا۔ تو ناٹک بیچ میں چھکر رہ جائے گا۔ اور دوسرے دن کوئی شخص یہ تماشا دیکھنے کیلئے نہ آئیگا۔ ظاہر ہے کہ سٹیج کی پابندیوں کو مدنظر رکھ کر جلسے ایکٹر کو اتنا حلق کا زور بلند کرنا پڑتا ہے۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ نعرے بلند کرنے ہوں تو مقفیٰ عبارت کی ترتیب سے اس کام میں آسانیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ زبان غیر معمولی ضرور ہوتی ہے، لیکن ناٹک کا مطلب دیکھنے والوں کے ذہن نشین ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اردو، ہندی ناٹکوں میں، کریکٹروں کی گفتگو میں قافیوں کے ہول بمار کھٹ کھٹ کرتے چلے آتے ہیں۔ اور مترادف فقروں اور لفظوں کے جوڑ توڑ سے، ایکٹر کو مدد پہنچاتے ہیں۔ "زینت کس حال میں ہے" "شیر لوہے کے جال میں ہے"۔ "اب بھی اگر میری بات سے انکار ہے تو، خنجر تیرے سینے کے پار ہے۔" پڑھنے سے ذرا طبیعت ضرور الجھتی ہے۔ لیکن سٹیج پر انہیں فقروں کے لئے ایسی فضا قائم ہو جاتی ہے۔ کہ خاص طور پر پچھلی نشستوں والے لوگ تو محسوس بھی نہیں کرتے کہ ایکٹر بڑے جوش و خروش سے نعرے بلند کر رہا ہے۔ اور قافیہ طرازی کا دم بھر رہا ہے۔ اجب تک ہماری سٹیج کی ساخت اور تربیت میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اس وقت تک غیر معمولی زبان اور قافیہ طرازی کی ضرورت باقی رہے گی۔ آغا حشر نے بڑی کامیابی سے یہ کھیل کھیلا ہے اور اپنی زبان کو ایسے سانچوں میں ڈھالا ہے۔ کہ سننے والے تھوڑے سے عرصے میں زیادہ سے زیادہ متاثر ہو سکیں۔

جنرل:۔ خداوند! وہ کیسا بھیانک کام ہوگا۔ جس کی ایسی ہولناک تمہید ہے۔

نادر:۔ میں پھر کہتا ہوں کہ بات ناقابل شنید ہے۔

جنرل:۔ کسی سے دغا بازی کرنا!

نادر:۔ نہیں!

جنرل:۔ ملک میں فتنہ پردازی کرنا!

نادر:۔ نہیں۔

جنرل:۔ ڈاکہ!

نادر:۔ نہیں۔

جنرل:۔ چوری۔

نادر:۔ نہیں۔

آپ نے دیکھا۔ اس غیر معمولی زبان میں ہی قافیے کے کھٹکے لگے ہوئے ہیں۔ کہیں چھوٹے چھوٹے فقروں اور الفاظ کی حرکت سے اثر پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ مختصر یہ ہے جس طرح بھی بن پڑے تھوڑے سے عرصے میں لوگوں کو کھیل کا مطلب سمجھانا اور ان کو متاثر کرنا مقصود ہے۔

ظاہر ہے کہ مصنف کی تمام جادوگری کے باوجود اگر ایکٹروں کا انتخاب اچھا نہیں ہے۔ تو یہ قافیوں کے کھٹکے اور یہ سوال و جواب کی ترتیب اور یہ چھوٹے چھوٹے ترشے ہوئے فقرے سب بیکار جائیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ ہندوستانی سٹیج ناٹک کے مصنف اس بات کا بھی ہمیشہ خیال رکھتے ہیں کہ ان کی زبان ان کے فقروں کی ترتیب آواز کے اتار چڑھاؤ کی سترلیں حرکات و سکنات کی مجموعہ طرازی ایسی ہو کہ عام ایکٹروں کے ذہن نشین ہو جائے اور سٹیج پر بھی طرح دیکھنے والوں تک پہنچائی جا سکے۔ یہ نہ ہو کہ مصنف ایسے بلند معیار کا ناٹک لکھے کہ اس کے لئے ایکٹروں کا انتخاب ہی مشکل ہو جائے یا ایکٹروں کیلئے اس ناٹک کا مفہوم ہی ذہن نشین کرانا دشوار ہو جائے۔ مثلاً برنارڈ شا کے کھیل Pygmalion میں پروفیسر Higgins کے کردار کا نمایاں پہلو یہ ہے۔ کہ ہر کام تیزی سے کرتا ہے۔ چلتا پھرتا سوچتا۔ بولتا تیز ہے۔ گویا بجلی ہے کہ ادھر سے ادھر لہرا رہی ہے۔ سٹیج پر اس کے کردار کا انکشاف نہایت مشکل ہے۔

تیز بولنا ضروری اور اس طرح بولنا بھی لازمی۔ کہ ایک ایک لفظ اور ایک ایک حرف صاف سنائی دے اور بھی ضروری خاص طور پر تیسرے ایکٹ کے اختتام پر جہاں پروفیسر ہگنز

اور کرنل پکرنگ دونوں ایک ساتھ مل کر باتیں کرتے ہیں، اس سین کو سنبھالنا بہت دشوار ہے۔ اور وہی اثر پیدا کرنے کے لئے جو مصنف کے ذہن میں تھا۔ بڑی چابکدستی اور مہارت درکار۔

جذبات کی شدت یا لطافت کے اظہار کے لئے آج سے کچھ سال پہلے تک ہندوستان کے ناٹکوں میں قافیہ طرازی کے علاوہ اشعار بھی استعمال کئے جاتے تھے۔ ان اشعار کی اثر انگیزی اور برمحل ہونے کے متعلق ہمارے نقادوں کی رائے مختلف ہے۔ کچھ بزرگوار تو یہ فرماتے ہیں۔ کہ شعر سرے سے ناٹک میں ہونے ہی نہیں چاہئیں۔ لیکن سچ یہ ہے کہ ذہن انسانی، لطیف اور نفیس جذبات کے اظہار کے لئے طبعاً شعر کا یا شاعرانہ انداز بیان کا سہارا لینا چاہتا ہے۔ اور اصول کے طور پر اس سہارے سے اسے محروم کر دینا بڑا ظلم ہے۔ ہاں بے ضرورت و بے موقع بے محل اشعار کے استعمال سے ضرور دل الجھتا ہے۔ لیکن حشر کے ڈراموں میں اشعار عام طور پر ایسے با موقع استعمال ہوتے ہیں اور شعر خود ایسے اچھے ہوتے ہیں کہ سین کا لطف دوبالا ہو جاتا ہے۔ ان کی غزل اس مرتبے کی ہوتی ہے۔ کہ بعض اوقات اس کے برمحل اور بے محل ہونے کی طرف ذہن متوجہ ہی نہیں ہوتا ۔

چھیڑی کہیں کھلے نہ نسیم بہار کی ۔ خوشبو اڑا کے لائی ہے گیسوئے یار کی

جب اتنی بے وفائی پر اسے دل پیار کرتا ہے۔
الٰہی پھر وہ ظالم باوفا ہوتا تو کیا ہوتا!

ایسے شعر سن کر یہ سوچنے کی تکلیف کون کرے گا کہ غزل یا گیت یا اشعار کے استعمال کا یہ موقع برجستہ، مناسب اور صحیح تھا یا نہ تھا۔

یہ بات واضح ہے کہ ناٹک میں کیریکٹروں کے کردار کا انکشاف مکالمے، اور حرکات و سکنات کے ذریعے ہوتا ہے۔ لیکن موجودہ زمانے کے نقاد اور سیانے اب یہ کہتے بھی سنے جاتے ہیں۔ کہ کھیل کا جو مطلب حاضرین کے ذہن نشین کرانا مقصود ہوتا ہے۔ اس کی تشریح میں سینری، روشنی اور نور و ظلمت کی جادوگری، لباس، موسیقی، اور سیٹنگ کی ترتیب و تشکیل بھی بہت معاون ہوتی ہے،

یعنی یہ تمام چیزیں مل کر، حقیقت کی فضا پیدا کرتی ہیں اور دیکھنے والے اس فریب میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ واقعی ان کے سامنے زندگی کی ایک تصویر پیش کی جا رہی ہے۔ یعنی انہیں نقل پر اصل کا شبہ ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ مستقبل کے ناٹکوں کے متعلق یہ دعوے سچ ہو جائے۔ لیکن ماضی کے اور حال کے ناٹک لکھنے والوں کی اکثریت ان چیزوں سے، کم و بیش بے نیاز رہی ہے، سوفوکلیز، شکسپیر، شیریڈن، شا، گالزوردی، بیری، بیتاب، احسن، حشر، ان سب کے سامنے "سٹیج" کا یہ معیار نہ تھا۔ نہ ان کی نظر میں سٹیج کے ان لوازم کو یہ اہمیت حاصل تھی نہ ان لوازم کو مد نظر رکھ کر انہوں نے اپنے ناٹک لکھے تھے۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ انگلستان میں، شکسپیر کے بعض کھیل، جب تکلف اور اہتمام سے کھیلے گئے ہیں۔ اور سٹیج کی آرائش اور زرق برق کا بہت خیال رکھا گیا ہے پھر بھی، ان باتوں کے ذریعے، نہ تو کردار کی فطرت کے انکشاف میں کوئی مدد ملی نہ ان سے مطلب کے ذہن نشین ہو جانے کے سلسلے میں نئے راستے کھلے، بلکہ بعض اوقات تو ایسا ہوا کہ دیکھنے والوں کی توجہ اس آرائش، اہتمام، تکلف اور بناوٹ کی طرف ایسی بٹ گئی کہ اصل یعنی شکسپیر کا ڈرامہ، ایک ضمنی سی بات ہو کر رہ گیا۔ یعنی بارات کی شان بڑھ گئی اور دولہا میاں پیچھے رہ گئے۔ بیتاب حشر اور احسن کے کھیل بھی ان تکلفات کے محتاج نہیں ہیں۔ فریبکاری، اور نقل کو اصل بنا دینا در حقیقت ایکٹر کے کمال فن کا کرشمہ ہے اور ہندوستان کے اچھے ناٹک لکھنے والے اس نکتے سے بخوبی واقف ہیں۔ وہ ہمیشہ اس بات کو ملحوظ رکھتے ہیں کہ ایکٹر ہی اپنی حرکات و سکنات، انداز کے ذریعے، مکالمے اور گفتگو کی اہمیت اور معنی خیزی کے تمام پہلو روشن کر دے گا، یہی وجہ ہے کہ اگر سٹیج ناٹک کو گھر بیٹھ کر پڑھا جائے تو وہ لطف نہیں آتا جو انہیں سٹیج پر دیکھنے میں آتا ہے۔ بیری نے اپنے ڈراموں کے مطبوعہ ایڈیشنوں میں ہدایات کی تفصیل اور پس منظر کے بیان سے وہی کیفیت پیدا کرنی چاہی ہے جو ایکٹر حرکات و سکنات اور انداز کلام سے سٹیج پر

پیدا کرتا ہے۔ لیکن پھر بھی بات پوری طرح نہیں بنتی۔ جو ناٹک البتہ سٹیج کے لئے نہیں لکھے جاتے ان میں اس قسم کی ہدایات اور تفصیلات سے پڑھنے والے بے نیاز نہیں ہو سکتے کیونکہ یہی تفصیل ایسے ناٹکوں میں ایکٹر کی ذہانت کا بدل بن جاتی ہے۔

پچھلے دنوں سینما کو جو حیرت انگیز کامیابی ہوئی ہے اس کی بنا پر کہا جا رہا ہے کہ ناٹکوں کا دور ختم ہوا۔ میرے خیال میں یہ بات غلط ہے۔ سٹیج پر جو ڈرامے کھیلے جاتے ہیں۔ ان کے دیکھنے والوں اور ان کے دکھانے والوں یعنی ایکٹروں کے درمیان بے تکلفی کا سا رشتہ قائم ہو جاتا ہے۔ دیکھنے والے ہر طرح ایکٹروں سے قریب تر ہوتے ہیں۔ یہ بات سینما میں نہیں ہو سکتی کیونکہ لینز [illegible] Dimensions ہی ہوتی ہیں۔

یہ بات بھی ہمیشہ مد نظر رہنی چاہئے کہ ناٹک، دراصل سٹیج ہی کی پیداوار اور سٹیج ہی کے سہارے سے زندہ ہیں۔ اور سٹیج کی کامیابی کا دار و مدار دیکھنے والوں کی تعلیم اور ذہنی تربیت پر منحصر ہے۔ اگر دیکھنے والے، ناٹک دیکھنے کے لئے قریب نہ جائیں تو ظاہر ہے کہ ناٹک کا خدا حافظ ہے۔ جوں جوں ہندوستان میں تعلیم عام ہوگی۔ اور ذہنی تربیت نئے سانچوں میں ڈھلے گی میرے خیال میں ناٹک کو فروغ ہوگا۔ سینما کا چراغ آپ سٹیج کی بہاروں سے کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ لیکن سینما کی آندھی بھی سٹیج ناٹک کے دیئے کو گل نہیں کر سکتی۔

(بہ اجازت آل انڈیا ریڈیو۔ لاہور)۔

باری

ہندی آریہ فلسفہ

ہندی آریوں کے عقلی دور (۱۰۰۰ ق م سے ۲۰۰ ق م) میں کپل اور گوتم بودھ کی ہستیاں بہت نمایاں ہیں۔ ایک فلسفی تھا اور دوسرا مصلح۔ ایک نے فلسفے اور دوسرے نے اصلاح سے انسانوں کی خدمت کی۔ فلسفی صرف فلسفے تک ہی محدود رہا۔ اس نے صرف غور کرنے والوں سے مخاطب کیا۔ مصلح نے ایک نیا مذہب قائم کیا۔ کپل عمر بھر فلسفیانہ سرگرمیوں میں مصروف رہا۔ وہ گوتم بودھ سے سو سال پہلے پیدا ہوا۔ اس کے نام پر جو بستی آباد کی گئی گوتم بودھ اسی میں پیدا ہوا۔ کپل دنیا کا پہلا فلسفی ہے جس نے فلسفے کو تحریری صورت میں پیش کیا۔ اس نے عقلیت کی بنا پر بڑے بڑے پیچیدہ مسئلوں پر غور کیا۔ وہ اپنے فلسفے کو سانکھیا سوتر میں پیش کرتا ہے۔ اس کے فلسفے کا مقصد انسان کو ہر قسم کے دکھوں سے نجات دلانا ہے۔ وہ قربانی کی ویدک رسموں کو نہیں مانتا۔ اس کے نزدیک انسان کی نجات گیان اور دھیان (علم و فکر) میں ہے۔ وہ اس تصور کو نہیں مانتا کہ تمام روحیں روح کل کے اجزا ہیں۔ اس کے نزدیک ہر روح کی ہستی الگ الگ ہے اور ہر روح نجات پانے کے بعد اپنی اسی جداگانہ حیثیت کو برقرار رکھے گی۔ اس کے نزدیک "روح کے سوا ہر چیز مادی ہے۔ نہ صرف عناصر، حواس اور اعضائے فعل مادی ہیں۔ بلکہ نفس، شعور اور ذہن بھی مادے ہی کے نتائج ہیں"۔ وہ تین قسم کے ثبوت کا قائل ہے۔ ادراک، استخراج اور تصدیق۔ وہ کسی ایسی شے کا قائل نہیں جو ان ثبوتوں سے باہر ہو۔ یہی وجہ ہے کہ خالق کا قائل نہیں۔ وہ عقلیت کا قائل ہے۔ "ہر وجود کی علت ہے کیونکہ کوئی وجود علت کے بغیر نہیں ہو سکتا"۔ وہ روح کے سوا باقی تمام اشیا کو مادی کہتا ہے اور تمام مادی اشیا کے سرچشمے کو "ابتدائی مادہ" (پراکرتی) کا نام دیتا ہے۔ وہ روح کے وجود کو مادے سے

الگ تسلیم کرتا ہوا روح کل کا قائل نہیں بلکہ بہت سی روحوں کا قائل ہے۔

دوسری صدی قبل مسیح میں پتانجلی نے کپل کے فلسفے میں خدا کے تصور کا اضافہ کر کے یوگ کا فلسفہ پیش کیا۔ کپل کے نزدیک روح صرف گیان اور دھیان ہی سے نجات پا سکتی ہے یعنی جسم کی آخری قید سے آزاد ہو سکتی ہے۔ پتانجلی نے اس نجات کے لئے جو ریاضت وضع کی اسے یوگ کہا جاتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ خدا کی طرف لو لگانے ہی سے روح کو جسم کی قید سے ہمیشہ کے لئے رہائی مل سکتی ہے۔ پتانجلی مشرقی ہندوستان کے ایک شہر گونارد کا رہنے والا تھا۔ اس کی زندگی کا بہت سا حصہ کشمیر میں کٹا۔

نیائے (منطق) کا بانی گوتم اپنے ہم نام گوتم بودھ کا ہمعصر تھا۔ کپل نے فلسفے کی بنیاد رکھی اور گوتم نے منطق کی۔ اس کی "نیائے سوتر" منطق کی پہلی کتاب ہے۔ پتانجلی کی طرح منطقی گوتم نے بھی کپل کے اس اصول کو مان لیا کہ "ہر شخص کی روح جدا جدا ہے۔ اور یہ روح جسم اور مدرکات سے الگ علم کا ایک مقام ہے ہر انفرادی روح لامتناہی اور ابدی ہے"۔ لیکن گوتم نیائے سوتر میں کپل کے فلسفے میں اضافہ کرتا ہوا لکھتا ہے کہ "روح عظیم ایک ہے۔ وہ ابدی علم کا مقام ہے یہی روح عظیم ہر چیز بنانے والی ہے"۔ اس کے نزدیک ہر فعل نیکی یا بدی کی علت ہے وہ کہتا ہے کہ روح کی نجات کا انحصار فعل پر نہیں بلکہ علم پر ہے وہ نیائے میں صغریٰ اور کبریٰ (سلوجزم) کے ذریعہ استخراج کرتا ہے۔ اس کا سلوجزم پانچ اجزا سے مرکب ہے:۔

۱۔ پہاڑی کو آگ لگی ہوئی ہے۔

۲۔ کیونکہ وہاں سے دھواں نکلتا ہے۔

۳۔ جہاں کہیں سے بھی دھواں نکلے وہاں آگ ہوتی ہے۔

جیسے رسوئی۔

۴۔ پہاڑی پر سے دھواں نکل رہا ہے۔

۵۔ اس لئے وہاں آگ لگی ہوئی ہے۔

گوتم کے سلوجزم کے پہلے دو یا آخری دو اجزا مٹا دیئے جائیں تو ارسطو کا سلوجزم بن جاتا ہے۔

کناد کا ویشیشک ذریت پر مبنی ہے۔ ذریت سے مراد یہ ہے کہ ہر مادی چیز، مٹی، پانی، آگ، ہوا کو فضائی ذروں اور روشنی کو روشن ذروں سے مرکب بتاتا ہے۔ اس کے نزدیک ذرات ابدی ہیں۔ اور ذروں سے مرکب اجسام مادی صرف منتشر ہونے کی صورت میں فنا ہوتے ہیں۔ آخری ذرہ مرکب نہیں بلکہ مفرد ہے۔ کناد کا ویشیشک فلسفہ کم اور طبیعیات زیادہ ہے۔ ہندوستان کے ان فلسفیوں نے مادے، حرکت، اجتماع اور انتشار کے قوانین وضع کئے۔ سارے ہندی آریہ فلسفے میں مادے کو ازلی اور روح سے الگ مانا گیا ہے۔ صرف ویدانت یہ تسلیم کرتا ہے کہ مادہ ایک ایسی روح عظیم کا مظہر ہے جو اپنے اندر سب کچھ رکھتی ہے۔

کپل کے فلسفے نے بہت سے مفکروں کو اپنشدوں کی تعلیم سے دور ہٹا دیا تھا۔ عوام بدھ مت میں شامل ہو کر ذات پات اور ویدک رسموں سے نکل چکے تھے۔ چنانچہ اس دور میں اپنشدوں کی عالمگیر روح کے مسئلے کو زندہ کرنے کے لئے فلسفے کے دو نئے اسکول جاری ہوئے۔ جنہیں میمانسا کہا جاتا ہے۔ جیمنی، پوروا میمانسا میں ویدک رسموں کے احیا پر زور دیتا ہے، ویاس، اتر میمانسا میں عالمگیر روح کی تعلیم دیتا ہے۔ اتر میمانسا کو ویدانت بھی کہا جاتا ہے۔ ساتویں صدی میں کمارل بھٹ نے پوروا میمانسا کو پھر سے زندہ کیا اور نویں صدی میں شنکر اچاریہ نے ویدانت کے فلسفے کو غالب کر دیا۔ ویاس اتر میمانسا میں کپل کے سانکھ (سانکھیا)، پاتنجل کے یوگ اور کناد کے ویشیشک کا رد پیش کرتا ہے۔ ویدانت کی رو سے "دنیا کا وجود، قرار، اور فنا خدا کے بس میں ہے۔ تخلیق اسی کے ارادے سے ہے۔ وہی دنیا کے بنانے کا مادی سبب ہے، وہ فاعل بھی ہے اور فعل بھی، وہ عظیم الشان ہستی تنہا ہے۔ اس کا کوئی ثانی نہیں"

کنہیا لال کپور

دعوت میں بات کرنے کا سلیقہ

ہر دعوت میں عموماً دو طرح کے لوگ شرکت کرتے ہیں۔ وہ جو کھاتے کم ہیں اور باتیں بہت کرتے ہیں۔ اور وہ جو کھاتے بہت ہیں اور باتیں کم کرتے ہیں یا بالکل نہیں کرتے۔ اول الذکر جماعت میں وہ لوگ شامل ہیں جن کے بغیر شہر کی کوئی دعوت دعوت کہی ہی نہیں جا سکتی۔ مثلاً رؤسا وکلا اور تجار۔ اور موخر الذکر جماعت ان لوگوں پر مشتمل ہے جو دعوت کرنے والے کے دوست یا رشتے دار ہوتے ہیں۔ یا جنہیں زندگی میں ایک آدھ بار کسی دعوت میں شرکت کا موقع ملتا ہے۔ ان دونو جماعتوں میں سب سے بڑا فرق یہ ہے کہ پہلی جماعت تقریباً ہر دعوت میں موجود ہوتی ہے۔ کیونکہ دعوتوں میں شامل ہونا اس جماعت کا مستقل شغل ہے۔ اس جماعت کے افراد ایک خاص انداز سے بات کرتے ہیں۔ مثلاً دعوت کے شروع ہونے سے پہلے اس اخباری نمائندے کی ضرور مزاج پرسی کرتے ہیں۔ جسے ان برگزیدہ ہستیوں کی فہرست تیار کرنی ہوتی ہے جو دعوت میں شریک ہوئیں۔ چہل قدمی کرتے ہوئے یہ اس نمائندے کے پاس چپکے سے جا کھڑے ہوتے ہیں۔ اور صاحب سلامت کے بعد یوں گویا ہوتے ہیں

"کہیئے صاحب! کیا حال ہے، کبھی نظر ہی نہیں آتے۔ کبھی کوٹھی پر آئیے نا، بہت مصروف ہیں کیا؟ اچھا سنو، چیف ایڈیٹر کب بن رہے ہو۔ بھئی کل کی اشاعت میں تمہارا مضمون پڑھا بخدا لطف آگیا۔ ایسی پختگی ہم نے کسی جرنلسٹ کی تحریر میں نہیں دیکھی۔ ظالم تم تو بات بات میں نکتے پیدا کرتے ہو۔ اچھا بھئی یہ بتاؤ دیوان ہرچند داس کچھ تمہاری مدد کر سکتے ہیں۔ میرے نہایت عزیز دوستوں میں سے ہیں کہو تو ان سے تمہاری سفارش کروں۔ اچھا بھئی کبھی کبھی ملا کرو۔ آخر اتنی مصروفیت بھی کیا؟"

جب انہیں یقین ہو جاتا ہے کہ اس نے ان کا نام اپنی ڈائری میں محفوظ کر لیا ہے۔ تو نہایت گرمجوشی سے مصافحہ کرتے ہیں۔ اور اگر موقع محل مناسب ہو تو بغلگیر ہونے میں بھی عار نہیں سمجھتے۔ سر سے یہ بوجھ اتارنے کے بعد ادھر ادھر گھومنا شروع کر دیتے ہیں۔ یہ لوگ صرف اپنی جماعت کے افراد سے بات چیت کرتے ہیں۔ اور دوسری جماعت کے لوگوں کی طرف یوں گھور گھور کر دیکھتے ہیں۔ جیسے کہہ رہے ہوں "تم جیسے رینگنے والے کیڑوں کو اس دعوت میں آنے کا کیا حق ہے"۔

عموماً دعوت کے شروع ہونے سے پہلے ان لوگوں کا دل پسند موضوع سیاست یا تجارت ہوتا ہے۔ ایک دوست سے کہیں گے "میرے خیال میں تو نئے آئین کی بیل منڈھے چڑھتی نظر نہیں آتی۔ کانگرس اور مسلم لیگ میں سمجھوتہ ہونا مشکل ہے۔ کم از کم مجھے جو اطلاعیں ملی ہیں ان سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے"۔ دوسرے سے پوچھیں گے "بھنا دیجیے رائے بہادر صاحب، نئی کمپنی کی رسم افتتاح کب کر رہے ہیں بھئی آج کل تو کمال کر رہے ہو ہر مہینے ایک نئی کمپنی قائم کر دیتے ہو۔ اچھا تو کہیئے کیا امکانات ہیں اس نئی انڈسٹری کے۔ اگر آپ ڈائرکٹر ہیں تو ضرور حصے خرید دوں گا"۔ تیسرے سے یوں ہم کلام ہوں گے "بڑا چار سو بیس ہے۔ لوگوں کو سبز باغ دکھا کر روپیہ لوٹنا اس کے بائیں ہاتھ کا کرتب ہے۔ دیکھئے کہیں اس کی باتوں میں نہ آجائیے گا"۔

کھانے کی میز کے سامنے بیٹھ کر ان کی گفتگو کا موضوع اکثر اپنی ذات یا "وہ بیماری" ہوتی ہے جس میں یہ مبتلا ہیں۔

"چائے لیجئے"

"نہیں صاحب شکریہ۔ ڈاکٹر ایکس (X) نے چائے بند کر رکھی ہے"

"تکلیف کیا ہے؟"

"کچھ نہیں، ذیابیطس نے پھر آن دبایا ہے۔ آج کل انجکشن

لے رہا ہوں"۔

"یہ تو آپ کی پرانی شکایت ہے"۔

"جی ہاں۔ پچھلے دنوں ڈاکٹر زیدی کے علاج سے کچھ افاقہ ہوا تھا۔ پھر تھوڑی سی بدپرہیزی کر لی۔ اور پرسوں سے تکلیف بڑھ گئی"۔

"آپ ہومیوپیتھک علاج کیجئے۔ دس برس ہوئے مجھے بھی یہی شکایت تھی۔ میں نے ڈاکٹر ایم (۲۸) سے مشورہ کیا۔ انہوں نے ایک ہومیوپیتھک دوا تجویز کی۔ یقین مانیے ایک ہفتے میں بالکل تندرست ہو گیا"۔

"سچ"۔

"جی ہاں"۔

"آپ چاہیں، تو ابھی ان سے آپ کا تعارف کرا دوں۔ وہ بیٹھے ہیں اس کونے میں۔ وہ جو کنکھیوں سے میری طرف دیکھ رہے ہیں"۔

"رس گلا کھائیے"۔

"نہیں صاحب، شکریہ! حکیم کل بھوشن نے ہر قسم کی مٹھائی سے پرہیز کرنے کو کہا ہے۔ آجکل ذرا ہاضمہ خراب ہے"۔

"میر کو نہیں جانتے آپ؟"

"جی جانتا ہوں لیکن فنش میں"۔

"تکلیف زیادہ ہے کیا؟"

"اجی کیا کہوں، کھانا کھانے کے بعد اس شدت سے درد کا دورہ پڑتا ہے، کہ چیختے چیختے بیحال ہو جاتا ہوں"۔

"حکیم وارث شاہ سے مشورہ کیجئے، پیٹ کی بیماریوں کے تو ماہر ہیں"۔

جب یہ لوگ بیماریوں کے متعلق باتیں کرتے کرتے تنگ آ جاتے ہیں تو منہ کا ذائقہ بدلنے کے لئے ذاتی امارت یا شان و شوکت کے ذکر میں دلچسپی لینے لگتے ہیں۔

"میرا خیال ہے، مسوری میں جو کوٹھی ہے وہ بیچ دوں۔ اور شملے میں دو کوٹھیاں بنا لوں۔ کیا خیال ہے آپ کا؟"

"نہیں آپ نے غلط سنا۔ میں انگلینڈ نہیں امریکہ جا رہا ہوں۔ امریکہ میں چائے کی تجارت کے کافی امکانات ہیں چائے کے ساتھ ساتھ ایک تمباکو کی کمپنی قائم کرنے کی بھی کوشش کر رہا ہوں۔ امریکہ میں ان دنوں صرف دو چیزوں کی کھپت ہے۔ چائے اور تمباکو"۔

"اب تو کہیں ہوائی جہاز سستے ہوں تو دو ایک خرید لوں موٹروں سے تنگ آ گیا ہوں۔ یہ والد کراچی موٹریں بھی کوئی موٹریں ہیں۔ بیل گاڑیاں ہیں۔ ایک گیلن میں صرف دس میل۔ "قسمت" دو ہفتے انجر پنجر ڈھیلے ہو جاتے ہیں"۔

"جی ہاں! آج کل ایک منٹ کی فرصت نہیں۔ اگلے مہینے لڑکی کی شادی ہے۔ بڑا خرچ ہو رہا ہے۔ دس ہزار کی تو صرف ساڑھیاں آئی ہیں۔ پندرہ بیس ہزار موٹر کار کے لئے چاہئیں۔ اور زیورات "آفت" اویلا پیٹ جائیگا۔ لیکن بھئی کیا کریں، اکلوتی لڑکی ہے۔ اور سمدھی ہیں دیوان کرناری لال جہیز میں پچاس ہزار نہ دونگا تو ساری شیخی کرکری ہو جائے گی"۔

اب ذرا دوسری جماعت کی طرف آئیے۔ اس میں طرح طرح کے لوگ شامل ہیں۔ کچھ ایسے ہیں جنہیں کسی دوست نے ازراہِ خیرات دعوت میں بلوایا ہے۔ اور جو بھیگی بلی بنے ہوئے اس طرح بیٹھے ہیں۔ جیسے ابھی کوئی کان سے پکڑ کر انہیں دعوت سے نکال دیگا۔ کچھ وہ ہیں جو ہر بیٹھے آدمی کی طرف آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہے ہیں۔ اور سرگوشی کے انداز میں اپنے ساتھیوں سے بار بار پوچھ رہے ہیں: "کیوں صاحب.... یہی ہیں نا خاں بہادر آصف علی"۔ "کیوں صاحب۔ وہ لمبی داڑھی والے گھٹے گھٹے سر والے کون ہیں۔ کہیں یہی تو نہیں مولوی ابراہیم"۔ "اچھا تو یہ پنڈت جمنا داس ہیں۔ میں سمجھا پنڈت گنگا دھر ہیں"۔

اس جماعت میں بیشتر لوگ گفتار کے نہیں کردار کے غازی ہوتے ہیں۔ ان کی تمام تر توجہ کھانے پینے کی چیزوں پر مرکوز ہوتی ہیں۔ آپ نے ان سے گفتگو کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے آپ کی بات سُنی اَن سُنی کر کے آہستہ سے فرمایا: "سنبوسوں کی پلیٹ ذرا ادھر سرکا دیجئے"۔ آپ نے پوچھا: "مزاج تو اچھے ہیں"۔ انہوں نے جواب دیا: "تکلیف معاف اگر آپ رس گلے نہیں کھا رہے تو ادھر دیدیجئے"۔

عموماً یہ لوگ آپس میں باتیں کرنے کی بجائے کھانا کھلانے والے نوکروں سے کرتے ہیں۔

"چائے اور لانا"۔ "بھئی۔ دیکھو دودھ پھر ختم ہو گیا"۔ "بھئی ہم نے پکوڑے نہیں گلاب جامن منگائے تھے"۔ "کیوں بھئی اس میز پر سرور

نا غلطی کیوں ہے۔ تین گھنٹے سے کیک کیک چلا رہے ہیں۔ کوئی سنتا ہی نہیں۔"

ان دو جماعتوں کے علاوہ ایک چھوٹی سی جماعت صنفِ نازک کی ہوتی ہے۔ اس جماعت کی گفتگو کے موضوعات نہایت محدود ہوتے ہیں۔ مثلاً لباس، زیورات، منگنی، شادی۔

"بہت خوبصورت بارڈر ہے بہن۔ کہاں سے خریدا؟"

"یہ وہ بمبئی سے لائے تھے۔ ادھر پنجاب میں نہیں ہوتا۔ بالکل نیا سٹائل ہے۔"

"کیوں بہن آشا کی منگنی کر دی؟"

"ابھی کہاں، کوئی اچھا سا گھر ملے تو کر دیں۔ تم ہی بتاؤ نا۔ برادری میں کوئی لڑکا۔"

"بہن آشا کی عمر بیس سال تو ہوگی۔"

"نہیں کہاں تمہاری لیلا سے چھ مہینے ہی تو بڑی ہے۔"

"بہن: ذرا سنبھل کر بیٹھو۔ تم نے تو میری ساڑھی کا ستیاناس کر دیا۔"

"ارے یہ آویزے تمہیں ذرا اچھے نہیں لگتے۔ لمبوترے چہرے کے لئے تو لمبے آویزے چاہئیں۔"

غرضیکہ دعوت میں بات کرنے کے یہ مختلف طریقے ہیں۔ لیکن ان میں سے سلیقہ کسی کو بھی نہیں کہا جا سکتا۔ دعوت میں اگر آپ سلیقے سے بات کرنا چاہتے ہیں۔ تو اس بات کا خیال رکھئے کہ آپ دعوت میں آئے ہیں، ہسپتال میں تشریف نہیں لائے۔ اس لئے اپنی بیماریوں کا ذکر مت کیجئے۔ نیز یہ مت سمجھ لیجئے کہ دعوت میں اگر سامعین کسی شخص سے گھبراتے ہیں تو وہ باتونی آدمی ہے۔ اکثر دعوتوں میں دیکھا گیا ہے کہ ایک آدھ آدمی یہ تصور کر لیتا ہے کہ باتیں بنانا صرف وہی جانتا ہے۔ اور اگر وہ خاموش رہے گا تو ساری محفل پر مردنی چھا جائے گی۔ اس وہم میں مبتلا ہو کر وہ باتوں کا لامتناہی سلسلہ شروع کر دیتا ہے۔ ابھی مغل آرٹ پر بحث کر رہا ہے۔ تو دوسرے لمحے میں پیاز اور لہسن کے فوائد گنوا رہا ہے۔ گفتگو کا آغاز ہٹلر کے انجام سے کرتا ہے اور تان شباب کے آغاز پر توڑتا ہے۔ حتیٰ کہ سامعین ایک ایک کر کے اٹھنے لگتے ہیں۔ اور وہ خالی کرسیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہتا ہے: "حضرات کہنے کا مطلب یہ ہے کہ زندگی میں عجیب لوگوں سے پالا پڑتا ہے۔"

باتونی آدمی میں یہ نقص ہوتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو کھانے کی میز کا ڈکٹیٹر Dictator سمجھتا ہے۔ کسی نے اسے ٹوکنے کی کوشش کی، اور اس نے منہ بنا کر کہا: "نہیں صاحب، یہ بات نہیں، دیکھئے میں آپ کو ایک واقعہ سناتا ہوں۔" اور پھر جو واقعہ سنایا، تو یہ بالکل فراموش کر گئے۔ کہ جو بات وہ ثابت کرنا چاہتے تھے۔ وہ ثابت بھی ہوتی یا نہیں۔ کسی نے ان پر فقرہ کسا تو ڈھٹائی سے کہنے لگے۔ "صاحب! دراصل آپ میرا مطلب نہیں سمجھے۔ ممکن ہے میں ہی مطلب واضح نہیں کر سکا۔ دیکھئے میرا مطلب یہ تھا کہ ......" اب جو آپ نے مطلب کی وضاحت کرنی شروع کی تو سارے معاملے کو یوں الجھا کر رکھ دیا کہ سننے والے سر پیٹ کر رہ گئے۔

باتونی شخص کی ضد وہ سنجیدہ آدمی ہے۔ جسے دعوت میں اس طرح چپ لگی رہتی ہے جیسے وہ دعوت میں شریک ہونے کے لئے نہیں آیا بلکہ خاموش رہنے کی مشق کرنے آیا ہے۔ آپ اس شخص کو ہنسانے یا بات کرنے پر آمادہ کرنے کی لاکھ کوشش کریں وہ گم سم مبہوت بنا بیٹھا رہے گا۔ کبھی کبھار غلطی سے مسکرا دے گا۔ اور مسکرانے کے بعد فوراً پھر سنجیدگی اختیار کر لے گا جیسے اس نے مسکرا کر گناہ عظیم کیا ہے۔ اگر آپ اس سے سوال کریں تو نہایت مختصر الفاظ میں جواب دیگا۔ جیسے بات نہیں کر رہا۔ تار کا فارم پُر کر رہا ہے۔

دعوت میں بات کرنے کا سلیقہ اردو زبان کی طرح "آتے آتے ہی آتا ہے"۔ تاہم جہاں تک تھیوری کا تعلق ہے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ مندرجہ ذیل ہدایات کو مدِ نظر رکھیں۔

(۱) لوگ دعوت میں تفریحِ طبع کے لئے آتے ہیں۔ سردرد مول لینے کے لئے نہیں آتے ہیں۔ اس لئے اگر آپ شامتِ اعمال سے باتونی واقع ہوئے ہیں، تو لوگوں کے حال پر رحم کیجئے۔ نیز اپنے علاوہ کسی اور شخص کو بھی اس قابل سمجھئے کہ وہ آپ جیسی یا آپ سے بہتر بات کر سکتا ہے۔

(۲) اگر کوئی شخص ڈینگ مار رہا ہے تو اس سے آپ پر یہ لازم نہیں آتا کہ آپ اس سے بڑھ کر ڈینگ ماریں۔ آپ کا فرض تو صرف اتنا ہے کہ اس کی باتیں سنیں اور دل ہی دل میں مسکرائیں۔

(۳) جب آپ کے منہ میں رس گلا یا گلاب جامن ہو تو بات کرنے کی کوشش مت کریں۔ کیونکہ بعض اوقات یہ فعل نہایت مضحکہ خیز صورت اختیار کر لیتا ہے۔

(۴) دعوت میں کبھار لوگ آتے ہیں۔ اس لئے حتے الوسع بے تکی باتیں کرنے سے احتراز کیجئے۔ مثلاً ایک ہی سانس میں مت کہیئے "سنا ہے بمبئی میں ایک فیکٹری کو آگ لگ گئی، تو آپ کی ہچش کا کیا حال"

ہے میر سے خیال میں آج ضرور بارش ہوگی۔ لیکن آپ تو بالکل گنجے ہوگئے ہیں"

(۵) ان تمام ہدایات کے باوجود اگر آپ دعوت میں سلیقے سے بات نہ کر سکیں۔ تو بہتر ہے کہ آپ خاموش رہیں کیونکہ خاموشی "معنے دارد کہ در گفتن نمے آید" نیز ایک یونانی حکیم نے کہا ہے "مجھے صرف ان باتوں کے لئے ندامت اٹھانی پڑی جنہیں میں زبان پر لایا۔ کاشش کہ میں بولتا کم اور خاموش زیادہ رہتا"

(بہ اجازت آل انڈیا ریڈیو لاہور)

خاص افسانوی ادب کی سہ ماہی کتاب

کہانی

مرتبہ

سہیل عظیم آبادی

اردو زبان کا افسانوی ادب جس تیزی کے ساتھ ترقی کر رہا ہے وہ ہر لحاظ سے قابل صد ستائش ہے لیکن ملک بھر میں کوئی ایسا ادارہ نہیں جو مختلف فنکاروں کی انفرادی کوششوں کو ایک مرکز پر لا کر اس مقبول ترین صنف ادب کا جائزہ لے اور آگے کی طرف رہنمائی کرے۔ اسی کمی کو پورا کرنے کے لئے "کہانی" کا اجرا عمل میں آرہا ہے۔

کہانی خالص افسانوی ادب کی ایک سہ ماہی کتاب ہوگی جس میں ہر سہ ماہی کے بہترین مطبوعہ اردو افسانوں کا انتخاب ہوگا ہر سہ ماہی میں افسانہ نگاری کی رفتار کا جائزہ ہوگا۔ مختلف مصنفین کے سوانح حیات ہونگے۔ ان کے فن پر تبصرہ اور انکے مخصوص رجحانات کا تجزیہ ہوگا۔ ہندوستان اور غیر ممالک کی مختلف زبانوں کے معیاری افسانوں کا ترجمہ اور ان کے مصنفین کا تعارف ہوگا۔ غرض کہ کہانی صحیح معنوں میں افسانوی ادب کی نمائندہ سہ ماہی کتاب ہوگی۔

کہانی بڑے ڈیمائی سائز کے دو سو صفحات پر کتابی شکل میں شائع ہوا کریگا۔ اور ہر اشاعت کی قیمت دو روپے ہوگی۔

موہن لال شیدا منیجر "کہانی"
جھریا۔ ای۔ آئی۔ آر
بہار

حفیظ ہوشیار پوری

غزل

آنے لگا ہے یاد کوئی بے وفا مجھے
ملنے لگی ہے جرمِ وفا کی سزا مجھے

کچھ اپنی بے حجاب نگاہوں کا تھا قصور
کچھ تیرے التفات نے رسوا کیا مجھے

اب تجھ کو بھول جاؤں میں؟ اچھا یونہی سہی
کس طرح بھول جاتے ہیں یہ بھی بتا مجھے

پائے طلب کی خیر ہو پائے طلب رہے
معلوم ہے خفیفتِ دستِ دعا مجھے

تم کو بھلا چکا تھا بہت مطمئن تھا میں
لو پھر تمہاری یاد نے دھوکا دیا مجھے

تم آگئے تو ذکرِ تغافل بھی آگیا
یہ اور بات ہے کہ گوارا نہ تھا مجھے

کس نے بھلا دیا ہے کسے کچھ خبر نہیں
اب بے وفا کہے گا جہاں اُن کو یا مجھے

وابستہ ایک یاد سے یادیں ہزار تھیں
وہ آگئے تو یاد نہ کچھ بھی رہا مجھے

میرا جنونِ عشق ہے اب تک جنونِ عشق
گر ہو سکے تو اور ابھی آزما مجھے

آئے نہ اس طرح بھی کسی کو کسی کی یاد
ہر اک سے پوچھتا ہوں میں کیا ہو گیا مجھے

بیدادِ حسن داد کی طالب رہی حفیظ
شوقِ جفا نہیں ہے تو ذوقِ جفا مجھے

احمد ندیم قاسمی

لمحہ بہ لمحہ

فرش پہ میٹرو کے لرزاں ہیں سائے رقاصاؤں کے
ذہن میں جیسے گڈمڈ ہو کر ناچیں راز خداؤں کے
چھن چھنا چھن! ـــــ اے محبوبہ! فن پر یہ آوازے کیوں؟
جس کی لَو سے پھول لجائیں اُس چہرے پہ غازے کیوں؟
یوں تک جیسے چاند کی کرنیں، یوں سن جیسے ربِّ قدیر
وقت کے اِس لمحے کا تاثر عالمگیر ہے عالمگیر!

جمنا کی لہروں پہ رواں ہیں قاشیں چاند ستاروں کی
کس منزل کو لپکی یہ نورانی فوج سواروں کی
چپ شپ، چپ شپ! ـــ بانکے مانجھی! تجھ کو تیرے ڈانڈ کی قسم
دھیرے دھیرے، ہولے ہولے، کاٹ یہ ابرو کا سا خم
یوں مُڑ جیسے پھول کی پتی، یوں بڑھ جیسے سرگوشی
وقت کے اِس لمحے کا تقاضا مدہوشی ہے مدہوشی

کھیتوں کی ہریاول پر یہ دھبے ہیں دہقانوں کے
یا گیتی نے اُگلے بوسیدہ تابوت انسانوں کے
سرسر، دھپ دھپ! ـــ اے ہراہی! چھوڑ درانتی توڑ کدال
چاک ہوئی دھرتی کی چھاتی مجھ کو اِس محشر سے نکال

چار طرف سے گھیر چکے ہیں تند خیالوں کے پیچاک
وقت کے اس لمحے کی حقیقت آتشناک ہے آتشناک

یہ کس راجہ کی نگری ہے ڈھانچوں کے انباروں میں
جیسے اِک بلوائی کا گھر لٹے ہوئے بازاروں میں
اُلٹی سانس اُکھتی ہچکی! — اے راہی یہ راز ہیں کیا؟
پچکے پیٹ، دریدہ رانیں! زیست کے یہ انداز ہیں کیا؟
راجہ اُٹھا ڈال کے اپنی مُٹھی میں فردا کا نظام
وقت کے اِس لمحے کا پنجہ خون آشام ہے خون آشام

معصوم اِنساں کے لاشے پر امن کا پرچم لہرایا
استبداد کی بیخ کنی میں استبداد ہی کام آیا
ہاریں استبدادی قومیں، استبداد کی جیت ہوئی
پچھم کی بے رحم سیاست کب پورب کی میت ہوئی
طوفانی یلغاریں کی تھیں مشرق کے بلوانوں نے
مالِ غنیمت بانٹ لیا مغرب کے سیاستدانوں نے!

نومیدی کی دُھند میں غلطاں جگنو احساسات کے ہیں
اوس کے پرّاں قطرے ہیں یا تارے پچھلی رات کے ہیں
جگنو چاند بنے، چکرائے! آپس میں ٹکرانے لگے
جھلمل جھلمل، ڈگمگ ڈگمگ! — ہچکولے سے آنے لگے
موت سے بھڑ جانے کے ارادے اور جینے کی تیاری
وقت کے اِس لمحے کا بلاوا بیداری ہے بیداری

کمال احمد صدیقی

غزل

وہ میری اک نگاہ تیرا شاہکار ہی نہ ہو
کسی حسین زندگی کا اعتبار ہی نہ ہو!

شفق! عروسِ شام کے لبوں کا آتشیں خیال
مہیبِ رات کا فریبِ زرنگار ہی نہ ہو!

سکوں ملا تو کتنی بھولی باتیں یاد آگئیں
سکوں کے بھیس میں بھی تیرا انتظار ہی نہ ہو!

وہ اِک نظر جو تیری سمت بار بار ہی اُٹھی
وہ میری کم نگاہیوں کی پردہ دار ہی نہ ہو!

فضا میں تتلیوں کی نرم مسکراہٹوں کی لہر
چمن کے نام کوئی مژدۂ بہار ہی نہ ہو!

پھوار کے حسین رقص میں نہ آئے زندگی
اگر یہ پتیوں پہ ہلکا سا غبار ہی نہ ہو

عدم

غزل

شام کی ٹھنڈی ہوا کے ساتھ پی لیتا ہوں میں
یا کسی اودی گھٹا کے ساتھ پی لیتا ہوں میں

ہو نہ جب میکش کوئی ہم مجلسی کو دستیاب
بے دھڑک ہر پارسا کے ساتھ پی لیتا ہوں میں

چاندنی راتوں میں سطحِ آب پر بہتے ہوئے
بادبانِ ناخدا کے ساتھ پی لیتا ہوں میں

بربط و طاؤس کا آہنگ ہی لازم نہیں
لرزشِ موجِ صبا کے ساتھ پی لیتا ہوں میں

راگ کی لہروں میں جب بہتی ہے نادیدہ شراب
مطربِ آتش نوا کے ساتھ پی لیتا ہوں میں

ساقیِ روزِ ازل کا جبر یاد آتا ہے جب
خوئے تسلیم و رضا کے ساتھ پی لیتا ہوں میں

وسعتِ مشرب سمجھئے احساسِ تقدس سے عدم
بارہا اہلِ ریا کے ساتھ پی لیتا ہوں میں

غلام ربانی تاباں

اور اک ساغرِ زہراب سہی

اور اک ساغرِ زہراب سہی
تلخیِ کام و دہن کچھ تو بڑھے
آج سینے کی جلن کچھ تو بڑھے

کتنی بے رنگ ہے بزمِ مستی
قہقہہ اشک و فغاں کچھ بھی نہیں
شمع پروانہ دھواں کچھ بھی نہیں

ڈوبتی جاتی ہے نبضِ احساس
سوزِ نغمہ زنِ ساز نہیں
درد میں لذتِ آغاز نہیں

شام کے سائے ڈھلے جاتے ہیں
بام و دیوار پہ چھایا ہے سکوت
دل سے ذوقِ تمنا مبہوت

اور اک ساغرِ زہراب سہی
تلخیِ کام و دہن کچھ تو بڑھے
آج سینے کی جلن کچھ تو بڑھے

محمد حسن

یادیں

چاندنی یا دھوئیں کی بے چین فضا میں اب تک
زندگی چھیڑ رہی ہے ماضی کے گراں صد پردے
میری جانب کوئی بڑھتا ہی چلا آتا ہے
[illegible] لہروں پہ بکھرائے ہوئے تیور لئے

ایک بہکا ہوا آوارہ و تنہا نغمہ
چاندنی رات کی معصوم اداسی لے کر
کچھ الجھتا ہوا ان نرم و خنک سایوں سے
درد بن کر مرے سینے میں رہا جاتا ہے

مسکراتے ہوئے چہروں نے اٹھائے ہیں نقاب
محو ہوتی ہوئی یادوں نے پکارا ہے مجھے
پھر کسی جام شکستہ میں مچلتی ہے شراب
آج [illegible] بھی زہر گوارا ہے مجھے

سردار انور

رات کو

سلگتی شام کے سائے بجھے! کچھ اور! کچھ اور!
شفق کے بجھتے شرارے بجھے! کچھ اور! کچھ اور!
درخت سو گئے جھونکوں کی لوریاں سن کر
چمن میں اوس کی فریاد جاگ اٹھی ہے

وہ تیرے گیسوئے مشکیں کی نرم رو لہریں
اندھیرا مجھ کو سرکتا ہوا نظر آیا
فلک سے جھانکتے تارے بکھر کے جانے لگے
تھرکتے قدموں کی آہٹ مگر نہیں آتی
اداس رات کی اب تک سحر نہیں آتی

سحر وہ اس کا دمکتا ہوا حسین چہرہ
گداز ہاتھوں میں سونے کی چوڑیوں کی چھنک
نظر میں کھلتے ہوئے شوق کے شگوفے کئی
جبیں پہ خوف کے ہاتھوں سے شبنمی ٹھنڈک

اداس رات میں وہ ایک قہقہہ ہی تو ہے
جو دل سے غم کے دھندلکے کو دور کرتی ہے
تعینات کی دنیا سے جب گذرتی ہے

یہ نکہتوں کی لپیٹ کس طرف سے آتی ہے
یہ کون سرمئی آنچل سے منہ چھپاتی ہوئی
نصیب خفتہ کا شانہ جھنجھوڑتی، بیباک
در آئی ہے مری خلوت میں مسکراتی ہوئی

قیوم نظر

ایک نظم اور ایک گیت

بہار

تمام عمر جس سے میں جھجکتا بھاگتا رہا
وہی نگارِ روزِ شب ـــــ جمالِ آفریں سحر
نئی ادا سے آج پھر چمن میں جلوہ گر ہوئی

ہر ایک برگ و شاخ سے جھلک رہی ہے تازگی
شعاعِ مہر سے لپٹ کے کتنے دانے اوس کے
بنے ہوئے ہیں پارہ ہائے برقِ آتشیں نفس

وہ مجھ سے کہہ رہی ہے دیکھ تو دمیدِ گھاس بھی!
کسی کلی سے لمس کے خیالِ تابناک میں
زمیں کے سینۂ سیہ کو چیر کر نکل گیا

ہزاروں خوش نوا طیور اپنے اپنے رنگ میں
فضا میں پھیلتی صداؤں کو اچھالتے رہے
جنوں کا پیچ ڈال کر اسے سنبھالتے رہے

وہ مجھ سے کہہ رہی ہے دیکھ سرخوشی کے ساز پر
ہوا کی سلوٹوں کس طرح سے موجِ زندگی
مچل رہی ہے، ناچتی ہے، گا رہی ہے بےخبر

وہ مجھ سے کہہ رہی ہے دیکھ وقت پھر گذر نہ جائے

گیت

پون چلی جھومے ہریالی

ناچ رہی ہیں کومل کلیاں
بھونرے کا جی ڈول رہا ہے
پی کی بولی بول رہا ہے
پتہ پتہ ڈالی ڈالی
پون چلی جھومے ہریالی

سندرتا کی پھوٹیں کرنیں
دور ہوا پاپی اندھیارا
مہکانے نکلا جگ سارا
من کے چنچل باغ کا مالی
پون چلی جھومے ہریالی

سوکھ چکے ہیں اوس کے موتی
آشاؤں کا پھیلا جادو
لے ہی گیا آنکھوں سے آنسو
آ ہی گئی پھر رُت متوالی
پون چلی جھومے ہریالی

لطیف لاہور

منظر سلیم

ارادہ

رات کی بات مری جان کوئی بات نہیں
حادثے جو شبِ ہستی کے بیت گئے بات رہی
شوخ کم سن لیے شبستاں میں تری انگڑائی
ٹوٹے ہوئے تاروں کی گذرگاہ بنی
تجھ کو معلوم ہے کس طرح حسین نیندوں نے
آہنی کانٹوں کی آغوش میں دم توڑا ہے
ان گنت خوابوں کو پیمانوں کو افسانوں کو
لڑکھڑاتے ہوئے قدموں نے کچل ڈالا ہے
گرم ہاتھوں نے محبت سے نبھائے اکثر
سونگھتے سونگھتے پھولوں کو مسل ڈالا ہے
تیری جبیں ہی تو آخر دہ جوانی ہوگی
جس کو انگڑائیاں لینے کی بھی فرصت نہ ملی

رات کی بات مری جان کوئی بات نہیں
اور ٹوٹے ہوئے تاروں سے نفرت ہے مجھے
میری ہمدم یہ کشاکش یہ ندامت کیسی
میں نے تجھ سے تو کسی بات کا شکوہ نہ کیا
تو ابھی سو کے اٹھی ہے تری انگڑائی میں
اک نیا روپ نیا رقص ہوا ہے پیدا
اس نئے روپ نئے رقص کی تقدیر نہ سوچ
خواب کو یاد نہ کر خواب کی تعبیر نہ سوچ
بات کا ٹھکرایا ہوا انجام نہیں
کچھ بھی سہی موت کا پیغام نہیں

مسعود شاہد

جاؤں میں

اور کچھ دور سہی لوٹ کے جانا ہی تو ہے
اتنی مسافت دور تو پہلے نہ کبھی آیا تھا
دور ہی دور بڑھا آتا ہوں تھمتا ہی نہیں
اب نہیں جاؤں گا میں ایک قدم بھی آگے
اب جو جاؤں گا تو بس لوٹ کے آنے کے لئے

پہلے کچھ دور بھی آتے ہوئے ڈر لگتا تھا
ہر قدم ایک تذبذب کا قدم ہوتا تھا
لیکن اب آگے بڑھوں پیچھے مڑوں آگے بڑھوں

اب وہی میں ہوں کہ چلتا ہوں چلا جاتا ہوں
اب قدم بڑھتا ہے جس سمت بڑھا جاتا ہے
اب قدم اٹھتا ہے اک بار تو رکتا ہی نہیں
آنا آسان تھا اب جانا بہت مشکل ہے

مجھے یقین آ گیا ہے کہ نہ جاؤں میں کا ہو کر
ایک دن آنے ہی والا ہے کہ یہ منزل بھی
پیچھے رہ جائیگی ہاں دور بہت دور بہت
ابھی پھر لوٹ کے آنا مجھے مشکل ہوگا

سوچتا ہوں کہ یونہی منزلیں طے کرتے ہوئے
میں خدا جانے کسی وقت کہاں جا پہنچوں
اور رہ جاؤں وہیں جیسے منزل ہو کوئی

سجاد حیدر

روٹھ گئے دکھیارن کے پی

روٹھ گئے دکھیارن کے پی ڈھونڈ رہی ہوں اب گلی گلی
انگ انگ میں آس ملن کی جیسے باس ہو کلی کلی
بھر بھر پریم اگنی کی لاٹوں میں میں پاپن جلی جلی
پل پل گونجت ہیں کانوں میں پی کی باتیں بھلی بھلی
روٹھ گئے دکھیارن کے پی۔

سُکھ سنسار کے سُندر سپنے سو گئے ساجن آہ سسک
چاہت چین کے چنچل چھینٹے چھاگل سے گئے چھلک چھلک
نیند ہارے نین بیاکل بتیاں بھرم گنوائیں پلک پلک
جاگ جاگ کٹتا ہے جیون مندھ گئیں انکھیں جھپک جھپک
روٹھ گئے دکھیارن کے پی۔

تھوڑے دن کی پریت کرن کو کیوں آئے تھے کھڑے کھڑے
من میں جوت جگا کر بالم! اب رہتے ہو پرے پرے
نین بھکاری تجھ بن پیتم! ایسے رہتے ہیں بھرے بھرے
سہمے سہمے ساون میں ہوں جیسے بادل ڈرے ڈرے
روٹھ گئے دکھیارن کے پی۔

لطیف انور

قطعات

ہر نفس حسرتِ گفتار سہی
جس طرح بن پڑے گا جی لوں گا
تو جو حق بات سُن نہیں سکتا
اے زمانے میں ہونٹ سی لوں گا

اے زمانے نہ مجھ سے برہم ہو
تیرا ہر ظلم سہہ لیا میں نے
جب زباں پر کوئی گلہ آیا
اپنے دل ہی سے کہہ لیا میں نے

قافلہ زندگی کا دم لے گا
وقت کچھ اور بیش و کم لے گا
خود پکارے گی منزلِ مقصود
جب زمانہ مرے قدم لے گا

سوچتا ہوں مآلِ نغمہ و گُل
ہاتھ ڈالے ہوئے گریباں میں
میں ترے انتظار ہی میں رہا
پھول مُرجھا گئے گلستاں میں

بیگم ف الف

تالیاں

"اچھا! یہ تو حسینی بوا چلی آ رہی ہیں۔ آج کدھر راستہ بھول پڑیں۔ ایک دیوار بیچ گھر اور تم یوں دنوں غوطے لگا جاتی ہو۔"

حسینی بوا دروازے ہی سے واری قربان ہوتی چلی آ رہی تھیں۔

"خدا اس گلے پر ندوے کر دیں۔"

"بیگم قربان جاؤں۔ فرصت ہی تو نہیں۔ نگوڑا پیٹ کا دھندا تو تھا ہی، کوئی آٹھ دن سے میرے تو اسے تپ کر بخار آ رہا ہے۔"

حسینی بوا کی آواز سن کر گلشن ماما باورچی خانہ سے لپکتی ہوئی آئی "میرا کرتا لائیں بوا۔ دیکھو تو کتنے دن ہو گئے۔"

"لو بی یہ اور سنو۔ ارمانہ سلام نہ خیر نہ خبر۔ اس مردار کو اپنے کرتے ہی کی پڑی ہے۔" حسینی بوا نے جھنجھلا کر جواب دیا۔

"کیا کریں دیکھو اس کرتے کی بھیریں لگ گئیں۔ پھر بھی تم نے ابھی تک نہ سیا۔" گلشن نے تیز ہو کر کہا

"چل خندی" حسینی بوا نے ناک سکیڑ کیا۔ "اٹھا لا اپنا کرتا۔ مجھے نہیں سینا۔ ایک تو ان نگوڑیوں کا کام کرو۔ اوپر سے دھونس سہو۔ نا بابا۔"

بیگم بات کاٹ کر بولیں "ہو گا ہاں یہ بتاؤ اب تمہارا نواسہ کیسا ہے؟ اے اچھی طرح بیٹھو۔ برقعہ تو اتار دو سر سے۔"

"اب تو اچھا ہے۔ بس کل ہی کی تو باری ٹلی ہے۔ (ادھر ادھر دیکھ کر) بڑا سناٹا سا ہے۔ منجھلی صاحبزادی کہاں ہیں؟"

"لو! وہ تو اپنے گھر خیر سے سدھار گئیں۔"

"اے ہے! مجھ کمبخت کو تو دیکھو میں صاحبزادی سے مل بھی نہ سکی۔ بیوی ان کی دلائی تو میں نے تیار کر دی تھی۔ صرف ذرا ٹانکنا رہ گیا ہے۔ سنجاف پر دھنک کی چڑیاں ڈال دی ہیں۔ خبر ہو جاتی تو وہ بھی ٹانک ٹونک کر دلائی بی کے حوالے کرتی۔"

"آ! حسینی بوا ہیں۔ سلام بوا۔" سامنے والے دالان سے آواز آئی۔

عروسی رنگ دلہن دو دھیلی سلگ پر توں ہو۔

بیگم نے کہا "بڑی دلہن یہاں تو آؤ۔ سنو وہ اپنا جالی والا دوپٹہ ان کو دے دو اور لچکا اور مسالہ بھی دے دو۔ یہ تیار کر سکیں گی تو ان کی بیٹی امانی خانم ان سے کچھ کم ہنرمند نہیں ہیں۔ تمہارا دوپٹہ بہت ہی کیل اور بہار دار تیار ہو جائے گا۔"

"ہاں ہاں دلہن بیگم دیکھ دکون کون سا گوٹا مسالہ منگوایا ہے میں خود بھی تمہیں جوڑ لگا کر بتا دوں گی۔"

نزہت اور ریحانہ دوڑتی ہوئی آئیں۔ "منطلانی بی ہماری گڑیا کے کپڑے کب سیئیں گی۔ نہیں بھئی ہماری گڑیا کے کپڑے سی دو تم بہت دنوں میں آتی ہو۔"

"اللہ توبہ، یہی گڑیا نگوڑی انسانوں سے زیادہ بھلی۔ لو مجھے پوری بات بھی نہ سننے دی۔ (دوسری طرف مخاطب ہو) دلہن مقیش مزید منگوا لینا۔ مگر دیکھنا اس کا تار لکھنؤ کا ہو نہیں تو۔۔۔"

"اتنے دنوں سے کہہ رہے ہیں کہ ہماری گڑیا کی شادی ہے۔" ریحانہ بات کاٹ کر بولی۔

"بیگم دیکھنا۔ یہ بچیاں تو منہ نوچے لیتی ہیں۔ توبہ۔ توبہ توبہ۔"

"تم یہ کھیل نہیں بتاتیں کب ہو گی۔" ریحانہ ٹھنک کر بولی۔

"لو دیکھو یہ سب لچکا مقیش۔ چکی وغیرہ ہے۔" دلہن نے صندوقچی حسینی بوا کے سامنے رکھ دی۔

"بولو کب سیئیں گی۔" ریحانہ نے پھر وہی جملہ دہرایا۔

"اے کیا دیکھوں۔ میں نگوڑی تو بالکل بھولی جاتی ہوں وہ تو یہ آج کل تالیاں۔ (کانوں پر ہاتھ رکھ کر) اس مارے کچھ بھی سمجھ نہیں آتی۔"

بیگم نے ڈانٹ بتائی "نزہت کیا بات ہے۔ کیوں بوا"

سے گذری جاتی ہو۔ وہ تم لوگ ہو۔ میں سلائی مشینوں کی تسلی کرتا ہے کے پڑے ہیں"

"بیگم انہیں خود سینا چاہئیں۔ گڑیوں ہی سے سینا پرونا آتا ہے لڑکیوں کو۔ بڑی ہو کر سیکھو۔"

یک نہ شد دو شد اتنا ادھر سے بڑی دلہن کے نیچے کو لئے ہوئے آ پہنچیں۔

"بھابھی سلام۔ تم تو بہت دن میں چمکیں؟"

"اللہ جڑا۔ پہلے تو۔ (ناک سکیڑ کر) اللہ مارن کیا بو اٹھ رہی ہے جوتی کہیں کی ——"

"تم تو برا مان گئیں۔ میں نے تو پوچھا۔ میری لونڈیا گوڑی پشواز پہنے پھرتی ہے۔ اس کا غرارہ سی دو تو اچھا ہے۔"

"یہ پوچھنے کی بات کیا ہے۔ سلے تو دے دی۔ سی دوں گی میں۔"

"ہے کہ نہیں آگئی منہ چاٹنے۔ میں تو دو گھڑی کو بیگم کو دیکھنے چلی آئی۔ بات تک نہیں کرنے دیتیں نگوڑی ماریاں —— اور سنیں تو ہاں جاؤ بی تم اپنا اپنا کام دیکھو۔ ابھی قربان کا ذرا سا بیار ہے۔ ہاں" حسینی بوا کچھ اور سلگنا دو —— بیگم نے اپنی طرف متوجہ کر لیا۔

"بیگم۔ اللہ رکھے ڈپٹی صاحب کتنے دن سے دیکھے نہیں؟"

"وہ تو دورے پر گئے ہیں کہو تمہاری چھوٹی بیٹی کا کیا حال ہے کیسی ہے؟"

"زندہ ہے بیوی۔ حال کیا وہی خاوند نگوڑے کا رونا ہے۔"

"کیا کہتی ہو،" بیگم نے ٹھنڈی سانس بھر کر کہا۔ "خدا بیٹیوں کا نصیب اچھا کرے۔"

"بس بیگم سب میں بڑی بات یہی ہے —— اسے دیکھو نا بیوی نگوڑی شبراتن بھی چلی دو دن میں چٹ پٹ ہو گئی۔ ننھے ننھے بچے چھوڑے ——!"

"اے یہ کب،" بیگم نے حیرت سے پوچھا۔ "رنج ہوا۔ بہت بے زبان تھی نگوڑی۔"

"ہاں بیوی۔ سائیں کے سو کھیل۔ جو چاہے سو کرے۔"

ایک بڑھی سی بیوی تسبیح پڑھتی ہوئی۔ بیگم کے پاس آن بیٹھیں بیگم نے کہا "مسماۃ شبراتن بیچاری مر گئی۔"

"اے ہے۔ کیا ہوا تھا اُسے؟" پھر تسبیح کے دانوں پر انگلیاں پھیرنے لگیں۔

حسینی بوا نے سینکڑوں شکنیں اپنے چہرے پر ڈال کر کہا "بس کیا کہوں ——"

"خیر بیوی۔ اللہ بچائے —— ہاں یہ تو بتاؤ اب تمہیں فرصت کب ہو گی۔ تمام سلائی پڑی ہے۔ حسنہ بیگم کی خیر سے شادی ہے نا؟"

"میں صدقے گئی بیگم کب ہے شادی؟" حسینی بوا نے اپنا چوڑا دہانہ پھیلا کر کہا۔

"اگلی عید تک۔"

"بس بیگم یہ تھا پندرہ دن سمجھو۔ پھر فرصت ہی فرصت ہے۔" پھر اپنی چھوٹی چھوٹی آنکھیں ادھر ادھر گھما کر بولیں "اے ہاں چھوٹی دلہن کہاں ہیں کیا میکے گئیں؟"

"حسینی تمہارا یہ چندرانا مجھے تو زہر ہی لگتا ہے۔" دو اخرین نے ہاتھ مٹکا کر کہا۔ "بڑھی ہو گئیں۔ جان بوجھ کر بھولی بنتی ہیں۔ بیچاری ننھی نادان۔"

"اے غورن! میں نے کہہ دیا۔ ہاں۔ مجھ سے بڑھ بڑھ کر نہ بولا کرو۔ اپنے بوڑھے چوچلے اپنے ہی پاس رکھو۔ مجھے نہیں بھاتے چندرا تی ہو گی تم۔ پڑی بیچاری راہ دا۔" حسینی بوا کا پارہ تیز ہو گیا۔

"میں کیوں کرنے لگی تھی چوچلے تم سے۔ مجھے کیا پڑی ہے۔" طورن بوا نے تنک کر جواب دیا۔ "بات کبھی نہیں جڑتا اور تم تو جیسے مرچیں لگ گئیں نازو کے۔"

"دیکھو طورن۔" حسینی بوا نے تلملا کر پاٹ دار آواز گلے سے نکالی "میرے منہ نہ لگنا۔ بات بڑھ جائے گی نہیں تو سمجھیں تو تمہارے لگتی ہیں۔ میرا آنا بیگم کے پاس بس قیامت ہے۔ تم کو تو کوئی دوسرا سہاتا ہی نہیں۔"

"ارے کیوں لڑتی ہو آپس میں۔ چپ ہو جاؤ دونوں تم ہی۔" بیگم نے کہا۔

"ہاں سب [illegible] آپس ہی میں ملتا ہی نہیں۔ بے بات کی ہر [illegible] ہر [illegible] ـــــ اُونہہ!" یہ کہہ کر آپا اپنی طرف چلی گئیں۔

حسینی بوا چھوٹی دولہن اپنے کمرے میں دولہا کے پاس پہونچیں۔ چھوٹی دولہن نے آہستہ کہا۔

"[illegible] بوا نے اچھا کے [illegible]

"اے [illegible] گر بوڑی مرد کے [illegible] ہر دم لگا رہنا۔ یہ اچھا نہیں۔ مرد کا دل الگ بھر جاتا ہے۔ عورت کو الجھن ہوتی ہے سوالگ ـــ نگوڑی [illegible] ہے ـــ [illegible] تنگ جاتے ہیں سو الگ۔ کیا بتاؤں۔ بچیاں بیٹھی ہیں رقیہ [illegible] کو نہیں دیکھا۔ کیسے کیسے جاڑے چلے۔ پھر کیا وقت ہو جاتا ہے۔"

"اے بے تو میاں اُن کو بلاتے تھوڑی تھے۔ اپنا پیار کیا [illegible]۔ وہ تو کبھی ہماری ہوئی تھی ہو گئی" ـــ خوبن پھر بول پڑیں۔ "میں کب کہتی ہوں بہن۔ زیادہ سباقہ [illegible] بڑے لوگ تنگ جاتے ہیں۔ ہم تو بیوی یہ ہی بڑی بوڑھیوں سے [illegible] آئے۔ الله ان بیگم کو رکھے ان کی ساس کو ان باتوں کا بڑا لحاظ تھا۔ بیٹوں کی کیا مجال جو گھر میں زیادہ ٹھہر سکیں۔ وقت سے آنا وقت سے جانا ـــ"

"جب کی کیا بات تھی" خوبن بولیں "وہ شرم تھی۔ بڑے بوڑھیوں کا خیال تھا"

"اں سچ کہتی ہو" حسینی بوا نے تائید کرتے ہوئے کہا "آج کل کی عورتیں [illegible] تو جل گیا گھونٹا"

"سچا" بڑی دولہن نے ہنس کر کہا "مردوں کو کچھ نہیں کہو گی"

"ہاں ہاں کیوں نہیں" حسینی بوا نے گردن مٹکائی "مرد بھی بے شرم ہوتے ہیں"

"مجھے تو بوا اس کا خیال نہیں۔ نئی عمریں ہیں۔ نیا زمانہ ہے" بیگم نے بے پروائی سے کہا۔

"بیوی نئی عمریں وقت بے وقت سے سبکی ہوتی ہیں۔ اپنا آپا ڈھا گیا [illegible] کہیں گے جنم جنم کر ـــ بیگما کے [illegible] کیا [illegible] ہے۔ کچھ دن مر ہو گیا۔ نگوڑا پیلا سم

ہو کر رہ گیا" حسینی بوا نے بڑی متانت سے کہا۔

"خدا بچائے ایسی عورتوں سے بوا" بیگم بولیں "بہتوں کو تو مردوں کا بڑا دھڑا ہوتا ہے۔"

"اے بیوی میں بتاؤں" حسینی بوا [illegible] بیٹھتے ہوئے بولیں "خدا بخشے مرزا جی کو، اہی لپیٹ کر کی تھا، کہتیں۔ میں کہتی ایسا چاہئے والا خاوند کل جہان کی بیٹیوں کو ملے۔ ایک دفعہ جینے کیسا جی میں آئی مجھ سے کہنے لگے کہ نیک بخت کبھی گھڑی دو گھڑی میرے پاس جم کر بیٹھا کرو۔ آخر میں بھی تو انسان ہوں۔ بس بیوی (بوا پچر سے پان کی پیک پر چھتے ہوئے) اتنا کہنا تھا پھر آگ تو ہماری زبان میں سر ہی تو ہو گئی۔ میں نے کہا سنو مرزا جی جم کر پاس بیٹھنے والیاں کوٹھوں پر ملتی ہیں کہ تمہارے پیچھے مردوں کے ساتھ گل چھرے اڑائیں۔ میں کیا جانوں یہ سب باتیں گھر میں بیٹھنے والی بچاری گرہست میرے پیچھے خدا رکھے بچوں کا بھی تو دھندا تم نے ہی لگا دیا ہے اور گھر گرہستی کے سینکڑوں کام پکانا ریندھنا۔ سینا پرونا۔ تمہارے آرام کا خیال تم تھکے ماندے کام سے آؤ گے کو دو گھڑی چین ملے۔ یہ تو نہ ہو اور میں ہر وقت تمہارے سر پہ سوار رہوں۔ عورت نہ ہوئی ہتھنی ہوئی واہ۔ واہ۔ وا۔ ابھی کبھی تم [illegible] عورتوں کی قدر کیا جانو۔ عورت مٹ جائے۔ مگر تم لوگوں کے [illegible] بھاویں ہی نہیں۔ چلو رہنے دو۔ مجھ سے یہ نہ [illegible] لگائی" بہن کر جتنا جی چاہتا چلے چلا جاتا ہے ـــ ارے میرا تمہارا تو آخیر تک کا ساتھ ہے۔ اے بیوی اس کے بعد مرتے مر گئے اُس جنت کے میاں نے کبھی زبان نہ کھولی۔ کہنے کو وہ ہر دم و پرستش خدا تھے۔ تندرست توانا ایسے کہ چہرے [illegible] ٹپکتے تھے۔ اے خوبن بہن دیکھا تھا نا تم نے [illegible] چاہے بڑھاپے میں بھی آج کے جوانوں سے [illegible]"

خوبن [illegible] آنکھیں گھما کر کہا "ہاں [illegible]"

[illegible] "[illegible] کلام جاری رکھتے ہوئے کہا "جب یہ دولہا نے تھے کیا حسن کیا نور ٹپکتا تھا واہ" اور حسینی بوا کی بوڑھی آنکھوں میں چمک [illegible] آگئی

گے لونڈوں کو دیکھو چڑھتی جوانی اگال پچکے۔ اجڑی ہوئی رنگتیں۔ رنگ نہ روپ پھٹکار مارے۔ اے توبہ!!" مرزا جی کے دولہا بننے کے تذکرے پر سب کھلکھلا کر ہنس پڑیں کہ اتنے میں خوبن اُنگلی نچا کر بولیں "ڈھنڈو کو بڑھاپے میں سنک آ رہی ہے" پھر بات کا رخ بدل کر کہنے لگی "بات یہ ہے حسینی بڑے آدمیوں کی بڑی بات ہوتی ہے۔ پیسہ ہے روپیہ ہے۔ سو طرح کے آرام ٹھاٹھ"

"اور کیا بوا!" حسینی بولیں "غریب دکھیا یہ چوچلے کیا جانے۔ اُسے تو پیٹ کی مار ہی ایسی ہوتی ہے سب چوکڑیاں بھول جاتی ہے۔"

خوبن نے گردن ٹیڑھی کر کے کہا "بس تو؟"

"اے نہیں بوا ایسی غریب امیر کیا لائے"۔ بیگم جو ابھی تک ڈلی کتر رہی تھیں اور ان دونوں کی باتیں زیرلب مسکراہٹ کے ساتھ سن رہی تھیں بولیں "یہ تو اپنی اپنی طبیعت ہے۔۔ اپنے ڈپٹی صاحب کو دیکھو۔ زیادہ وقت اُن کا باہر ہی گذرتا ہے" اور پھر حسینی کو مخاطب کرتے ہوئے بولیں "تم جانتی ہو ماموں ابا کا کاروبار سب باہر ہی تھا۔ کچھ یہ نہ تھا کہ ممانی اماں پھوہڑ تھیں یا بے ڈھنگی تھیں؟"

"نہیں بیگم، بھلا آپ کی ممانی اماں کا کیا رعب۔ واہ کیسے ڈھنگ اور سلیقے کی بیوی تھیں۔ سبحان اللہ۔ ہزاروں میں ایک۔"

بھئی سنو۔ بیگم نے کہا "آج کل کی لڑکیاں یہ سمجھتی ہیں کہ ہم جتنا اپنے میاں کے ساتھ رہیں گے، بیوی خواہ میری بیٹیاں ہوں یا پرائی اُتنا ہی میاں کو ہمارا خیال ہو گا۔"

خوبن نے کہا "میری بیگم یہ سب کہنے کی باتیں ہیں۔"

"اے تو کیا بڑی بیگم ہو گئیں آپ کی ممانی اماں ہوئیں۔ خدا بھلا کرے سینکڑوں بیویاں ان آنکھوں نے دیکھیں۔ میاں کی وہ وہ چاہتیں کہ نظر لگے بیویوں کے موئے پھٹتے تو ہم نے دیکھا پیا کو سر پہ سوار آٹھوں پہر نہ دیکھا۔ ساس نندیں ہو گئیں تو خیر نہیں تو نگوڑا گھر والا اوندھا پڑا ہے۔ تو یہ تو گھر والیوں کی حالت نہ ہوئی ــــ نگوڑی چہروں کی رونقیں اُڑی ہوئی ــــ!!"

"حسینی بوا بات یہ ہے کہ زیادہ باہر رہنے سے مرد بے چین ہو جاتے ہیں۔ اسی لئے تو آج کل کی عورتوں نے قابو میں رکھنے کے لئے یہ ڈھنگ رچایا ہے"۔ بڑی دلہن نے ذرا شوخ لہجہ میں کہا۔

"دلہن بیگم صدقے گئی کیا کہتی ہو۔ عورتوں کے روکے کہیں مرد بچہ رکا ہے۔ چاہے تو سب کچھ گھر بیٹھ کر ہی کر سکتا ہے۔ ــــ اور یوں تو میری بنو کونسی کشش ہے جس میں تنکا نہیں۔ ہزاروں چاہنے والے خاوندوں کو دیکھا نہ چاہنے والوں کو بھی دیکھا ان تم ہی بیویوں کے گھروں کے رنگ روپ دیکھے پڑے ہیں۔ مگر ڈھنگ سلیقہ ہر بات میں ہونا اچھا ہے میری بچی!!"

"ہاں بھئی سچ کہتی ہو۔" بیگم نے کہا۔

اتنے میں وفاقی ملازم لڑکا باہر سے بیگم صاحبہ کے پاس آیا اور کہنے لگا "بیگم صاحب، بڑے صاحب نے کہا ہے کہ وہ کھانا باہر ہی کھائیں گے۔ دو صاحب اور اُن کے ساتھ ہیں۔"

"تو دلہن جاؤ دیکھو باورچی خانہ میں جا کر۔ تمہارے میاں باہر ہی کھانا کھائیں گے۔"

"جی ہاں ٹھیک ہے۔ میں کھانا بھجوا دوں گی"۔ دلہن وہاں سے فوراً ہی جانا نہیں چاہتی تھیں۔

"آپ نے سن لیا دلہن بی صاحب۔ میں جاؤں؟" وفاقی نے ناک سڑکتے ہوئے اور انگلیاں چٹخاتے ہوئے کہا۔

"چل دور ہو موئے ایک رٹ لگا دی۔ سن لیا۔ سن لیا۔" منہ چڑا کر حسینی نے کہا۔

"تم سے کون بول رہا ہے حسینی بوا یوں ہی" ــــ وفاقی کسمسایا۔

"مجھ سے کیا بولے گا موت پڑے ــ گنوار"۔ حسینی کو جیسے اُس سے للہی بغض ہو۔

"واہ جی واہ یوں ہی ناحق کو گالیاں دے رہی ہو۔ ہیر پھیر میں۔" یہ کہہ کر وہ جانے لگا تو خوبن بول اُٹھیں۔

"اے وفاقی سن رے۔ تیری بھابی پھوپھیوں کا سایہ تھا نا اُس کی بیٹھک کب ہوگی؟"

"مجھے نہیں پتا" وفاقی نے جل کر جواب دیا اور باہر چل دیا۔

"اے ہے کمبخت سیدھے منہ بات ہی نہیں کرتا۔ تیرا کالا منہ
تو بی کیا مُنّا سا لڑکا ہے۔ خاک پڑے اُہنہ !!"
"کیا کہہ رہی ہو خوبن!" حسینی نے دریافت کیا پریوں کا
سایہ! اے کس پر"
"اس کی بہن منظو ہے نا" بیگم بولیں۔
"اے بیگم کہاں پریاں کہاں منظو۔ ارے اُس کے چہرے
کی بیر بھی نہ کھائے۔ نگوڑی مترودی چرغ۔ ڈھونگ ہے
ڈھنگ۔ پریاں اور جنات ایسی سڑانڈیوں پر تو بہت آ گئے۔
ہاں بھوت پریت ہو گا جنتی پر"
"حسینی تم باتیں ایسی کرتی ہو جی جل جاتا ہے۔ کیا حسن والوں
ہی پر جنات آتے ہیں۔ میری پھوپھی تو معمولی رنگ روپ کی عورت
ہیں، بیگم صاحبہ! مگر اُنہیں آخر جنات لے ہی گئے۔ ہزار
ار تعویذ گنڈے ہوئے کوئی ملا اور سیانا نہ بچا پردہ نہ سکے
گئے"
بیگم نے کہا "ہاں وہ اُنہیں تو کوئی شا پسند آ جائے
"

"یہ میں کب کہتی ہوں" حسینی بولی جیسے ہار مان لی ہو "مگر
تو بیگم پریوں کے لائق نہیں۔ میرے رشتہ کی نند ولایتی خانم
ہیں۔ تم جانو مغل بچی رنگ جیسے میدہ اور شہاب سیان کھاتیں
پیک گلے میں دکھتی، جنات ایسے عاشق ہوئے، ایسے عاشق
کہ دنیا کو حیرت تھی۔ اور پھر ایک دن خوب زور دار کی
سی آئی۔ اندھیر گھپ (ٹھنڈی سانس بھر کر) اللہ تیری پناہ!
جو وہ بیٹھے ہی بیٹھے غائب۔ سارا گھر سارا محلہ پڑوس
ان مارا۔ وہ نہ تھیں نہ ملیں۔ تو اللہ ہی بچائے ان
بڑوں سے یہ بہت برے ہوتے ہیں" اور پھر رازدارانہ لہجہ
کہنے لگیں "تمہارے اس گھر میں بھی کچھ ہے"
بیگم نے حیرت سے حسینی کا منہ دیکھا اور بولیں کیا کہتی ہو"
ہا تو کچھ بھی کبھی نہ معلوم ہوا"
حسینی بوا بولیں "بیوی مجھے تو معلوم ہوتا ہے میں نے تو اپنی

کانوں سے آوازیں سنی ہیں"
اُدھر سے خوبن بولی "کیا جناتوں کی آوازیں۔ اللہ کی سنوار
سننے والی کا بھی بڑا دیدہ ہے۔ ہے ہے میرے تو بدن کے رونگٹے
کھڑے ہوتے ہیں"
حسینی بوا نے کہا "بہن مجھے تو کئی مہینے ہو گئے یہ سب
دیکھتے سنتے۔ تم جانو میں تو راتوں کو کتنی کتنی مرتبہ اُٹھتی ہوں گھنٹوں
پڑی جاگا کرتی ہوں۔ چھوٹی دلہن کی چھت سے میری چھت ملی ہوئی
ہے۔ ایک دیوار بیچ ہے۔ اذانوں کے وقت بھی تو آوازیں
سنائی پڑتی ہیں"
"اے حسینی بوا مجھے تو خود حیرت ہے۔ میں نے کبھی کوئی
آواز کوئی کھٹکا یا پرچھائیں نہ دیکھی آج تک" بیگم نے کہا۔
کندن چھوکری کی جو شامت آئی تو وہ بول پڑی۔
"کیا ہے کو بوا ہم بھی تو دلہن بی کی چھت سے لیکر چوتھی
چھت پر سوتے ہیں۔ تم بھی ایسی باتیں کرتی ہو!"
"چل مردار تو کیا سنے گی۔ بھینس سی پیر پھیلا کر سوتی ہے میں
تو نمازوں کے لیے اُٹھتی رہتی ہوں"
"ہو گا بوا ہمیں نہیں معلوم" کندن غریب یہ کہہ کر چپ ہو گئی۔
"نہیں بیگم یہ ہی آوازیں ایک دفعہ اور بھی میں نے سنی تھیں۔
وہ جب بڑی صاحبزادی اور ان کے دولہا میاں رہتے تھے مگر
میں نے جب دھیان نہیں کیا۔ بات آئی گئی ہوئی۔ اور تمہاری
خلیا ساس مقبول بیگم صاحبہ وہاں رہیں۔ روزہ نماز ہوتی رہی
تو کوئی ذرا بھی کھٹکا نہ تھا۔ اب پھر جب سے چھوٹی دلہن رہنے
لگیں۔ پھر وہی آوازیں آنے لگیں"
بیگم بات تو کچھ ٹھیک سی ہے۔ خوبن نے کہا "چھوٹی
دلہن بچاری پیلی پڑتی جاتی ہیں۔ دشمنوں کو کچھ اثر دھر جائے۔
اُسے تو کیا آوازیں ہیں حسینی! جنات باتیں کرتے ہیں۔ اوئی بیوی۔"
"نہیں بیوی باتیں کیسی ہیں۔ ایسی چٹاخ، چٹاخ تالیاں بجتی
ہیں۔ کہ میں کیا بتاؤں" اور حسینی ہاتھوں سے تالیاں بجا کر کہنے
لگی "اے ہے میرے ہاتھوں میں کمبخت زور بھی تو نہیں۔ اس

سے کبھی آ وانہ دارث

اے بوا تمہارے کان بجتے ہوں گے۔ تالیاں کہاں بجیں گی۔ کتنی ان تو بے فضول باتیں شکیا کر۔ میں نے اکیلی نے سنا ہے دسیوں بار تو میرے نواسے نے مجھے بتایا کہ دیکھو تالیاں پٹ رہی ہیں۔ اب تو وہ ڈر کے مارے میرے پاس ہی لیٹتا ہے اور ــ اے ری دلہن بی آگئیں۔ میں سمجھ گئی۔ اے بچی تمہارے کمرے پر مجھے تو جنات معلوم ہوتے ہیں۔ وہاں نہ سویا کرو بیٹی؟

نہیں کیسے معلوم ہوا" چھوٹی دلہن بولیں "تم نے تو کبھی کچھ نہیں دیکھا۔"

"ارے وہ سنو! ابھی تین مہینے سے تو روز رات کو کتنی بار تالیاں پٹتی ہوئی میں خود سنتی ہوں اور میرا نواسہ بھی سنتا ہے کہو رات تو مرے دس بھی نہ بجے تھے کہ چٹاخ چٹاخ آوازیں آنے لگیں۔ توبہ میرا دل تو دہشت سے اڑا جاتا ہے۔ وہ تو یہ کہو سورہ جن کی دو چار آیتیں یاد ہیں پڑھ کر حصار باندھ لیتی ہوں"

چھوٹی دلہن کا پیلا چہرہ سرخ ہو گیا اور آنکھوں کے پپوٹے کلا ہو کر بوجھل پڑ گئے۔

ہنس راج رہبر

حرکت

فضل دین نے بیٹھے بیٹھے انگڑائی لی اور اِدھر اُدھر دیکھ کر سامنے اُگی ہوئی مٹی کی ڈلی کو دیکھنے لگا۔ مٹی ہی کی ڈلی تھی یہ شاید شاید کا لفظ اس کے ذہن کے کسی نامعلوم گوشے میں چھپا ہوا تھا۔ اور اسے یوں کھٹک رہا تھا جس طرح کسی کی آنکھ میں معمولی بہت ہی معمولی سا تنکا پڑا ہو۔ جو درد کا باعث بھی نہ ہوا۔ اور وہاں اسکی گنجائش بھی نہ ہو۔ آنکھ ذرا مل دی اور بس۔ وہ بھی تو اس ڈلی کی طرف دیکھ کر سوچ لیتا تھا مٹی ہی تو ہے۔ ٹھوس، ساکن اور جامد لیکن اس کا رنگ مٹی کا نہیں مٹھا جیسا ہے۔ نانگا تصور شاید کو پھر نمایاں کر دیتا تھا۔ اس دفعہ اس نے ایک کنکر اٹھایا، شست باندھی لیکن نشانہ چوک گیا۔ اب وہ حیران تھا کہ نوبی کا نشانہ چوک کیوں جاتا ہے۔ سامنے بیٹھے بیٹھے مورچے سرکئے تھے۔ وہ ہر ملکے محاذ پر لڑتا رہا۔ اس نے جاپانیوں کو بھاگتے دیکھا تھا۔ دشمن اس کی گولیوں کی بوچھاڑ سے پناہ مانگتے تھے۔ اسکے خطا نہ ہونے والے نشانوں کی داد چینی سپاہی بھی دیتے تھے۔

چینی سپاہی! کتنے اچھے تھے۔ وہ کس ہمدردی سے پیش آتے تھے اس کے ساتھ۔ ان میں سے ایک اس کا گہرا ساتھی بھی بن گیا تھا۔ اس کا نام تھا کچھ چن من ٹن سا، اب یاد نہیں آتا۔ لیکن اس کی صورت آنکھوں میں گھوم رہی تھی: چپٹی ناک، چھوٹی چھوٹی آنکھیں، اور گالوں کی ہڈیاں ابھری ہوئیں۔ درمیانہ قد، سڈول جسم۔ کتنا ہنس مکھ تھا وہ۔ سبھی چینی بڑے ہنس مکھ اور زندہ دل تھے۔ معمولی بات پر ہنستے تھے۔ کسی جاپانی کو ہلاک کر کے یہ ہنسی قہقہوں میں تبدیل ہو جاتی تھی۔ جسم کا ہر عضو خوشی کے مارے اچھلنے لگتا تھا۔ ہر ایک چینی سپاہی جاپانی خون کا پیاسا تھا۔ وہ اس قدر جان توڑ کر لڑ رہا تھا جیسے لڑنا اس کی فطرت ہو۔ اور وہ لڑنے کے لئے ہی پیدا ہوا ہو۔ خلوص، بہادری اور جاں نثاری کا پتلا۔ ایک مرتبہ فضل دین نے چن من سے جو اس کی زبان سمجھ اور بول سکتا تھا کہا تھا: "مجھے چینی سپاہیوں کی جیسی پھرتی اور مستعدی اور کہیں نظر نہیں آتی۔"

"اس کی ایک وجہ ہے" چن نے جواب دیا تھا۔

"کیا تمہیں تنخواہ زیادہ ملتی ہے؟"

"..... تنخواہ نہیں دوست!" چن اس طرح ہنس دیا تھا جس طرح کوئی بزرگ ایک بچے کی بات پر ہنس رہا ہو۔ "چینی سپاہی اپنے دیش کی آزادی کے لئے لڑ رہے ہیں۔"

یہ الفاظ فضل دین کے دل کی گہرائیوں میں اتر گئے۔ اس کے احساس پر چوٹ لگی۔ رگِ حمیت پھڑک اٹھی۔ قومی غیرت بیدار ہو گئی۔ اسے اپنے سوال پر ندامت محسوس ہوئی۔ ہم ہندوستانی تنخواہ کے لئے لڑتے ہیں۔ ہم آزاد نہیں ہیں۔ تبھی تو یہ گورے اور کالے کا امتیاز ہے۔ انہیں تنخواہ اچھی ملتی ہے۔ خوراک اور پوشاک اچھی ملتی ہے۔ وہ لڑنے میں اس سے پیچھے رہتے ہیں۔ مگر افسر بنائے جاتے ہیں۔ کیوں؟ کیونکہ وہ آزاد ہیں۔

گورے سپاہیوں کا سلوک اور ان کی بہت سی باتیں فضل دین کے ذہن میں کانٹوں کی طرح کھٹکنے لگیں۔ ان میں اور اس میں کوئی بھی بات مشترک نہیں تھی۔ وہ یوں بے اعتنائی سے اس کی طرف دیکھتے تھے جیسے وہ کوئی چیز ہی نہ ہو۔ چیونٹی اور تنکے سے بھی حقیر۔ ایک مرتبہ اسے امریکن سپاہیوں کے ساتھ سفر کرنے کا موقع ملا تھا۔ جتنی تنخواہ اسے مہینہ بھر میں ملتی ہے انہوں نے اسی قدر رقم دو دن میں چائے اور کھانے میں اڑا دی تھی۔ ہر وقت جو آتے جو آتے بکاتے تھے۔ کھاتے تھے اور ڈکارتے تھے تبھی تو ان کی گالوں پر سرخی ہے۔ جسم پر گوشت کی موٹی موٹی تہیں چڑھی ہیں، اور وہ؟ —— وہ بھی تو اچھی تنخواہ، اچھی خوراک اور کپڑا مفت۔ ایسی باتیں سن کر فوج میں بھرتی ہوا تھا۔ اس وقت ان الفاظ کا حسن ایک دم ماند پڑ گیا تھا۔ اس کی آنکھوں میں دیباتک دیو ناچ رہے تھے۔ کیا وہ تنخواہ واقعی اچھی تھی؟ دو دن کی چائے اور ایک ماہ کا خون پسینہ۔ ایک مول ایک تول۔ یہ تقابل کتنا بھیانک تھا۔ وہ

ڑھے گھر منتقل کر دیا گیا۔ پھر جنگی سپاہی کے الفاظ "تنخواہ نہیں دیتے؟ ہم اپنے وطن کی آزادی کیلئے لڑ رہے ہیں۔"

اور پھر اس تنخواہ سے بھی کیا بن گیا تھا؟ اس کی اپنی بھوک مٹی تھی نہ گھر والوں کی۔ وہ چالیس روپے جیسے گھر بھیجتا تھا۔ بوڑھی ماں باپ تین بہنیں اور منجھلا بھائی۔ کیا بنتا تھا چالیس روپے میں۔ لوگوں کی زمینوں میں ہزاروں من غلہ پیدا ہوا۔ اناج کے نرخ بڑھے۔ جن کے پاس زیادہ زمینیں تھیں انہوں نے زیادہ منافع اٹھایا اور مالدار ہو گئے۔ لیکن ... لیکن ان کی زمین؟ زمیندار نے ان کی زمین بہت پہلے ہتھیا لی تھی۔ صرف ان ہی کی کیوں، کتنے ہی لوگوں کی زمینیں زمیندار کے قبضے میں چلی گئی تھیں۔ لوگ چلتے ہوتے چلے گئے تھے۔ زمیندار پھولتا چلا گیا تھا۔ ڈیڑھ سو بیگھے میں سے صرف پانچ بیگھے زمین ان کے پاس رہ گئی تھی۔ یہ سب زمین زمیندار کے پاس کیسے چلی گئی؟ آج فضل دین کے دماغ میں یہ سوال آپ ہی آپ ابھرا تھا۔ لیکن پہلے ایسا کبھی نہیں ہوا تھا۔ اس نے پہلے اس مسئلہ پر کبھی نہیں سوچا تھا۔ وہ سوچ نہیں سکتا تھا۔ یہ تو ایک اٹل حقیقت تھا دن اور رات کی طرح۔ ہمیشہ ایسا ہوتا رہا ہے اور ہوتا رہے گا۔ لیکن اب ...... اسے ایک حقیقت کا انکشاف ہو چکا تھا۔ اور یہ حقیقت بہت ہی بھیانک تھی۔

وہ چار سال کے بعد گاؤں لوٹا تھا۔ اپنے کئی ساتھی اور اپنے امریکی بہت سی پرانی باتیں میدان جنگ میں چھوڑ آیا تھا۔ اب وہ فضلا نہیں تھا۔ دو چار بڑے بوڑھوں اور دو ایک لنگوٹیے یاروں کے سوا اسے کوئی فضلا نہیں کہتا تھا۔ سب فضل دین کہتے تھے۔ اس کے لئے گاؤں بدل گیا تھا۔ ماحول بدل گیا تھا۔ اگرچہ کھیت وہی تھے، درخت وہی تھے۔ انہیں دیکھنے کا زاویہ بدل گیا تھا۔ اس نے جنگ سے لوٹنے کے بعد جب پہلے دن ہل کی ہتھی ہاتھ میں لی تھی تو جہاں اس کا پانچ بیگھے کھیت ختم ہوتا ہے وہاں رکنے کو اس کا جی نہیں چاہا تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ لمبی آڑ کھینچے۔ جتنا کھیت وہ جوت سکتا ہے اتنا اس کے پاس ہو۔ لیکن آگے زمیندار کی حد تھی۔ یہ حد کیوں تھی؟ یہ حد کیا ہے؟ پہلے اس کے کھیت کی حد بہت پرے تھی۔ یہ سکڑ کر قریب کیوں آ گئی؟ اب پھر پھیل کر دور تک جا سکتی ہے۔ اس کی نظر میں حد و د کا تصور مٹ چکا تھا۔

پہلے وہ اپنے کھیت پر محنت محنت کرتا تھا۔ اناج پیدا ہونے پر ہر فصل کا لگان چکاتا تھا۔ یہ بھی نہیں سوچتا تھا کہ یہ لگان کیوں لیا جاتا ہے، اور کہاں جاتا ہے؟ اسے سوچنے کی ضرورت ہی نہیں تھی۔ محنت کرنا اور پیٹ بھرنا اس کا کام تھا۔ اپنے کھیت سے گذارہ نہ ہوتے دیکھ کر وہ دوسروں کی چاکری بھی کرتا تھا جو کچھ ملتا تھا اسی پر اکتفا کرتا تھا۔ قسمت کا لکھا سمجھ کر صبر کر لیتا تھا۔ لیکن اب ..... اب اس کی بھوک اتنی بڑھ گئی ہے کہ وہ قسمت کو بھی نگل سکتی ہے۔ صبر کا لفظ زندگی سے خارج ہو چکا ہے۔ اسے اپنا حصہ چاہیئے، حق چاہیئے۔ وہ جتنا بھی اس بات پر سوچتا ہے اس کی بھوک زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ خلا بڑھ رہا ہے۔ اس خلا کو پر کرنے کے لئے زبردست آندھی — زبردست طوفان درکار ہے۔

ہوائی جہازوں کی گونج، توپوں کی دھائیں دھائیں اور بموں کے دھماکوں نے اس کے دل کا سکون چھین لیا۔ جمود کی موٹی تہ کو توڑ دیا ہے۔ اس کے اندر ہل چل مچی ہے۔ اضطراب ہے بے چینی ہے۔ روز بروز تلخیاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ میدان جنگ میں اسے صرف غیروں سے گلہ تھا۔ گوروں سے امتیازی سلوک کیوں روا رکھا جاتا ہے۔ امریکن سپاہیوں کو تنخواہ زیادہ کیوں ملتی تھی۔ لیکن جب جنگ سے لوٹ کر آیا تو اسے اپنوں سے بھی گلہ پیدا ہو گیا۔ گاؤں کے ذیلدار کا لڑکا عبد الشکور اس کے ساتھ ہی جنگ میں بھرتی ہوا۔ اس کے ساتھ ہی لڑتا رہا اور اس کے ساتھ ہی لوٹ کر آیا۔ ان دونوں کے کاغذوں پہ لکھا تھا کہ انہیں دوسری جگہ کام مل جائے گا۔ اور ڈسچارج کرنے والے افسر نے کام دلانے والے دفتر کا پتہ بھی بتایا تھا۔ وہ سڑکوں کی خاک چھان کر دفتر کے افسر سے لڑ جھگڑ کر چلا آیا تھا۔ کسی نے اس کی ایک نہ سنی تھی۔ لیکن عبد الشکور پولیس میں بھرتی کر لیا گیا تھا۔ کہتے ہیں کچھ دنوں میں تھانیدار بن جائے گا۔ وہ لڑنے میں اس سے اچھا نہیں تھا جسم اور صحت میں بھی اچھا نہیں تھا۔ پھر اس کے ساتھ رعایت کیوں؟ وہ ذیلدار کا لڑکا ہے سا انہیں افسروں تک رسائی حاصل ہے۔ اس کے لئے بڑے وزیر کی سفارش حاصل کی گئی۔ یہ وزیر اور ذیلدار اسکی راہ کے کانٹے ہیں۔ ورنہ شکور جیسا مریل آدمی اس کے مقابلہ میں ہیڈ کنسٹیبل کیسے بن جاتا۔

اور وہ یہیں بیٹھا ہے۔ اپنے کھیت میں جس کی حدود اس قدر تنگ ہو گئی ہیں کہ اس کی ہستی کا پھیلاؤ اس کے اندر کا خلا اب اس میں سما نہیں سکتا۔ اس میں اتنا اناج پیدا نہیں ہوتا کہ اس کا اور اس کے کنبے کی گذران ہو سکے۔ کیا یہ سکڑی ہوئی حدیں پھر سے پھیل نہیں سکتیں؟ اس کی نگاہیں شیشم کے ایک بڑے درخت پر جاکر اٹک گئیں۔ یہ درخت بہت پرانا تھا۔ شاید اس کے دادا نے لگایا تھا۔ اس کی جڑیں کھوکھلی ہو گئی تھیں۔ ٹہنیوں کو خوراک خاطر خواہ نہیں پہنچتی تھی۔ اس نے جنگ سے لوٹ کر باپ سے کہا تھا کہ اب اسے کٹوا دیا جائے تو لکڑی کام میں آئے گی اور اس کی جگہ دوسرا درخت لگ سکے گا۔ لیکن باپ کو اس درخت سے پیار تھا۔ اس نے اس کے ٹھنڈے سائے میں جوانی کے دن گذارے تھے۔ اس لئے کہہ دیا نہ رہنے دو بیٹا۔ بزرگوں کی یادگار ہے۔ کبھی آپ ہی گر جائیگا"۔

اس کے قریب ایک دوسرا درخت تھا۔ جب وہ جنگ میں بھرتی ہو کر گیا تو وہ ابھی پودا ہی تھا۔ لیکن اب وہ اچھا خاصا درخت بن گیا تھا۔ اس کی شاخیں پورب، پچھم، اتر، دکن ہر طرف پھیل گئی تھیں۔ اس کی پتلی پتلی ٹہنیوں پر نرم و نازک ہرے ہرے پتے بہت ہی بھلے معلوم ہوتے تھے۔ فضل دین اس درخت کی طرف غور سے دیکھنے لگا۔ اس کے ہونٹوں پر مسکراہٹ دوڑ گئی۔ اور چہرہ ایک نوزائیدہ کونپل کی طرح ملائم ہو گیا۔ جیسے وہ کوئی اچھوتی اور بڑی بات سوچ رہا ہو۔ ہاں وہ سوچ رہا تھا: "اسے ابھی اور بڑھنا ہے۔ اور پھیلنا ہے۔ تناور درخت بننا ہے"۔

اس خیال اور اس کی اپنی شخصیت میں ایک چیز ہم آہنگ تھی۔ ورنہ ایک انسان ایک درخت کے ارتقاء پر اس قدر خوش کبھی نہیں ہو سکتا۔ ارتقاء کی عظمت اس کی رگ و پے میں سمائی ہوئی تھی۔ اور یہی عظمت اس کے ہونٹوں پر پھیلی ہوئی مسکراہٹ کا موجب تھی۔

ہاں اس کی اپنی شخصیت میں بہت سی شاخیں پھوٹی تھیں۔ جو پورب، پچھم اور اتر کو پھیل رہی تھیں۔ اب وہ برطانیہ، امریکہ، روس جرمنی اور جاپان بہت سے ملکوں سے واقف تھا۔ میدانِ جنگ میں ان کی قسمت کو بنتے بگڑتے دیکھ چکا تھا۔ بہت سے لوگوں سے ملا تھا۔ ان کے نفرت اور پیار کو دیکھا تھا۔ اس کا چینی دوست چن من

اس کے تصور میں مسکرا اٹھتا تھا۔ وہ بتایا کرتا تھا کہ اس کا ملک لمبا چوڑا ہے۔ وہاں پچاس کروڑ انسان بستے ہیں۔ یہ جنگ ان کی اور موت کا سوال ہے۔ اس دیس کے بہت سے حصے پر جاپان نے قبضہ جما لیا ہے۔ وہ اپنا ملک ان سے واپس لیں گے۔ ان کو وہاں سے مار بھگائیں گے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ انہوں نے جاپان کو مار بھگایا تھا۔

پھر اس کا اپنا دیس بھی تو گاؤں تک محدود نہیں۔ وہ بھی بہت لمبا چوڑا ہے۔ اس میں کتنے میدان ہیں۔ کتنی ندیاں اور پہاڑ ہیں۔ وہ اس کی سرحدوں کو پار کر کے برما میں گیا تھا۔ پھر سنا تھا کہ کبھی برما بھی اس دیس کا حصہ تھا۔ اور یہ سرحدیں برما سے تنگ ہوتی تھیں۔ انگریز نے ان سرحدوں کو تنگ کر دیا ہے۔ اور الگ الگ کر کے دونوں دیسوں پر قبضہ جما رکھا ہے۔

فضل دین کو سرحدوں کی تقسیم اور قبضے سے نفرت تھی۔ جرمنی اور جاپان نے دوسرے دیسوں پر قبضہ جما لیا تھا۔ اس لئے یہ جنگ لڑی گئی تھی۔ پھر اس کے دیس پر انگریز کا قبضہ کیوں ہے۔ اس نے سن رکھا تھا کہ ملک کی جماعتیں کانگرس اور لیگ اس کے خلاف لڑ رہی ہیں۔ اور انگریز نے وعدہ کیا تھا کہ جنگ کے بعد یہ قبضہ اٹھ جائیگا۔ ہمارا دیس ہمیں مل جائے گا۔ ہم آزاد ہوں گے۔ چین کے لوگ جاپان کی شکست پر اپنی آزادی پر کتنے خوش ہوئے تھے۔ جنگ نے اسے اور خواہ کچھ نہ دیا ہو لیکن یہ لفظ — یہ آزادی کا خیال ضرور دیا تھا۔ وہ اپنے دیس کی آزادی کے لئے جان تک دینے کو تیار تھا۔

اس آزادی کی فکر میں وہ ہر روز زمیندار کے لڑکے سے باتیں سن کر آتا تھا۔ وہ پڑھا لکھا تھا۔ شہر سے اخبار منگواتا تھا اور آزادی سے متعلق بہت سی باتیں سنایا کرتا تھا۔ اس نے بتایا تھا کہ انگریز نے ہماری آزادی تسلیم کر لی ہے۔ اور تین وزیر برطانیہ سے چل کر ہندوستان آئے ہیں تاکہ یہ فیصلہ کیا جائے کہ وہ آزادی کس طرح سے اور کن لوگوں کے سپرد کریں۔۔ وہ وزیر تین مہینے سے یہیں میں رہے۔ کبھی دہلی اور کبھی شملہ میں میٹنگیں کرتے رہے۔ فضل

یہ خلق نسب خبریں شوق سے سنتا رہا۔ جب اسے معلوم ہوا تھا کہ لیڈر آپس میں سمجھوتہ نہیں کر سکتے اس لئے دیر ہو رہی ہے بڑا غصہ آیا تھا۔ آخر امید بندھ گئی تھی۔ زمیندار کے لڑکے نے تھا کہ آزادی کا مسئلہ طے ہو گیا۔ اب لیگ کی حکومت بنے گی لیکن سارا کھیل ختم ہو گیا۔ اخبار والوں نے ان وزیروں کی تصویر کا مذاق اڑایا تھا۔ ان کے سامنے ایک پٹاری رکھی تھی۔ اور اِدھر اُدھر چار غیر ضروری چیزیں بکھری پڑی تھیں اور نیچے لکھا تھا

تماشا دکھا کر مداری گئے

تو یہ سب دھوکا ہی تھا؟ فضل دین نے زمیندار کے لڑکے سے دریافت کیا۔

"دھوکا نہیں تو اور کیا تھا؟"

فضل دین کا دل تلخی سے بھر گیا۔ خیالات کی رو ایک دم رک گئی نظر پھر اس مٹی کی ڈلی پر جا رکی۔ جس پر زندہ چیز ہونے کا گمان ہوتا تھا۔ اب ایک کنکر بھی اس ڈلی کے قریب پڑا تھا۔ یہ نے پھینکا تھا مگر اس کا نشانہ چوک گیا تھا۔ لیکن فوجی کا نشانہ پھیلا جا سکے۔ اسے تعجب ہوا اور کسی قدر تکلیف بھی۔ اس نے اور کنکر اٹھایا اور تاک کر اسی ڈلی پر مارا۔ نشانہ درست بیٹھا۔

اور وہ ڈلی حرکت میں آ گئی۔ ایک کنکر کی چوٹ سے ڈلی حرکت میں آ گئی۔ وہ چل رہی تھی۔ فضل دین کے اندر ہلچل پیدا ہوئی۔ جیسے اس کے اپنے اندر کوئی چیز تیزی سے چل رہی ہو۔ دراصل وہ مٹی کی ڈلی نہیں تھی۔ گوبریلا تھا۔ ویسے ہی سست پڑا تھا اور اب چل رہا تھا اس کی روح بیدار ہو چکی تھی۔

اچانک پورب سے زبردست بگولا بڑھتا ہوا آیا اور شیشم کے پرانے درخت سے ٹکرا گیا۔ شاخ ٹوٹ گئی جیسے ایک ٹہنی ٹوٹ رہی ہو۔ جیسے وہ جڑوں سے اکھڑ جائیگا۔

فضل دین کو اپنے اندر ایک طوفان سا اٹھتا ہوا محسوس ہوا۔ طوفان بڑھ رہا تھا۔ غبار پھیل رہا تھا۔ اس نے بہت سے کنکر مٹھی میں لے کر جس سمت بگولا جا رہا تھا اس سمت کو پھینکے اور زور سے کہا [illegible]

اس وقت گاؤں سے شور بلند ہوا۔ جیسے گاؤں کی سوئی ہوئی روح جاگ اٹھی ہو۔ جیسے آزادی کا بگل بج رہا ہو۔ جیسے سب لوگ ایک عظیم کوشش میں لگے ہوں اور بلند آواز سے کہہ رہے ہوں "ہم اپنے دیس کے لئے لڑ رہے ہیں"

(حلقہ اربابِ ذوق لاہور میں پڑھا گیا)

بقیہ صفحہ نمبر ۳۵

(تماشا از یزدانی ملک)

کی طرف جاتی تھی۔ چودھری شاید غلطی سے وہاں چھوڑ گیا اور سفید ٹوپی والا اس چھوٹے سے کھلونے کو دیکھ دیکھ کر ہنستا رہا تھا۔ چودھری جاتے ہوئے اسے دے گیا تھا اور اس ساتھ ان دونوں کی گردن کی رسی بندھی ہوئی تھی۔ بندیا کا بیاہ پھر کھٹائی میں پڑ گیا تھا۔ اب وہ اپنے بوسیدہ جھگے کو دیکھنے میں مصروف تھی۔ جو اس کھینچا تانی میں کئی جگہ سے پھٹ گیا تھا۔ وہ اب اپنے جسم کے رستے ہوئے ناسوروں پر بھی غور کر رہی تھی جن کا اندمال جلدی کیسے ممکن تھا۔

(حلقہ اربابِ ذوق لاہور میں پڑھا گیا)

کرتار سنگھ دُگل

پنہاخاں

پنہاخاں بہت دیر تک اس بار اپنے مکان کی طرف جاتی ہوئی گلیوں کو دیکھتا رہا۔ وہ رات بھر جاگتا رہا تھا کنوئیں پر شہتوت کی ٹھنڈی چھاؤں تلے اس کی آنکھ لگ گئی۔ رہٹ میں جُتا ہوا بیل اس کے خراٹوں کی آواز سن رہا تھا "دیں ریں، ٹنک ٹنک" کنواں چلتا رہا۔ سوتے میں پنہاخاں کا ہاتھ اس کے کشکول پیسے پر آگیا تھا۔ ہوا کی تیزی کے ساتھ ساتھ تا را میرا کے تیل سے چمکتے ہوئے پنہاخاں کے بال مٹی سے اٹے جا رہے تھے۔ بھاہی کے سوکھے چھلکے کی طرح اس کی ایڑیاں کھردری اور پھٹی ہوئی تھیں۔ اس کے چہرے بھرے بازوؤں پر لڑکیوں کی وہ تصویریں جو میلوں میں اس نے کھدوائی تھیں عجب ورچ دکھا رہی تھیں۔

پنہاخاں نے خواب میں دیکھا کہ پانچ شخص گھوڑوں پر سوار منمناتے ہوئے اس کے ارد گرد گھوم رہے ہیں۔

"مانگ پنہاخاں، کیا مانگتا ہے جو تیرے جی میں آئے مانگ۔ تیرے کنوئیں کا پانی غضب کا ٹھنڈا ہے۔ خدا کے بندوں کو ایسا ہی پانی پلا پلا کر۔ بول بھی، بولتا کیوں نہیں پنہاخاں!"

پنہاخاں گھبرا سا گیا "کیا مانگوں" اپنے دل سے پوچھا۔ "اللہ اللہ مال اور تو سب طرح سے اللہ کا فضل ہے صرف ایک لڑکا ہی نہیں ہے۔ دیکھنا! نشانی رہ جاتی ہے۔ زندگی کا تو کچھ اعتبار نہیں۔"

پہلا سوار۔ "اچھا تمہارے لئے ایک بیٹا!"

دوسرا سوار۔ "نہیں دو!"

تیسرا سوار۔ "نہیں تین!"

چوتھا سوار۔ "نہیں چار!"

پانچواں سوار۔ "نہیں پانچ!"

"اچھا ایک اور بات" پنہاخاں خوش ہو کر بولا "میرے سفید بیل کا پاؤں کچھ خراب سا ہے۔ اگر وہ۔۔۔ اگر وہ کہاں جا رہے ہو، او ہو"

سوار غائب ہو گئے!

پنہاخاں نے کروٹ لی۔ فرزو دائی قریب ہی کھڑی ہوئی تھی۔ اسے ہلتا دیکھ کر جگا نے کا حوصلہ کیا۔

"چودھری پنہاخاں چودھری پنہا۔ اٹھ بھی رہا"

"کیا ہے اماں فرزو!" دائی کی آواز سن کر پنہاخاں جھٹ اٹھ بیٹھا۔ ہاتھ ملتے ہوئے "قسمت کی بات ہے، بیٹا! گھر بیٹی ہوئی ہے"

پنہاخاں جھنجھلا سا گیا۔ لیکن جھٹ پٹ اپنے آپ کو سنبھالا چارپائی سے اٹھ کر شہتوت کے تنے سے لگ کر کھڑا ہو گیا "کیا ہوا، اماں فرزو! بیٹیاں اپنے نصیب ساتھ لایا کرتی ہیں۔ اللہ کا دیا سب کچھ ہے، کسی چیز کی کمی نہیں"

زمیندار کا جواب سن کر دائی کو حوصلہ سا ہو گیا۔ اور وہ ایک پرانی پگڈنڈی پر گاؤں کی طرف چل دی۔

پنہاخاں بہت دیر تک شہتوت کے تنے سے لگا رہا، جیسا ہی کھڑا رہا آخر جیسا بھی پیاس نے ہاتھ رکھا تھا ٹوٹ کر نیچے آرہی "لعنت" اس نے آسمان کی طرف دیکھتے ہوئے انتہائی غصہ میں کہا۔ اور رہٹ میں جتے ہوئے بیل کو کھول کر چرانے کے لئے لے گیا۔

پنہاخاں سارا دن کیکر کی چھاؤں میں بیٹھا فکر میں ڈوبا رہا۔ اگر کسی ڈھور کو ایک سے دوسری دفعہ موڑنا پڑتا تو وہ جھنجھلا اٹھتا۔ دوپہر کے وقت جب وہ مویشیوں کو پانی پلا کر لایا تو اس کے سب دھندے ختم ہو رہے تھے۔ بیٹھے ہوئے بورئیے میں سے آج اسے کیکر، کیکڑا اور ممولے کے کانٹے ہی بار بار چبھتے۔ چھوٹے چھوٹے کنکروں سے ٹھوکر کھاتا تو وہ سارا دن بھر کا پیاسا سا پڑا رہا۔ آج اس نے پیاجو سنگوائی تھی نہ کھانا کھانے کو گھر لوٹا تھا۔ جھاڑیوں میں لگے ہوئے سرخ سرخ بیر جو وہ جھولیاں بھر بھر کر کھایا کرتا تھا، آج ان کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھتا

تھا۔ شفاف چشمے کی طرح بہتی آ رہی وہ کئی چکر لگا آیا تھا لیکن اس نے پانی کا ایک چلو بھی نہ پیا تھا۔ بیٹھے بیٹھے اس پر دھوپ آ گئی لیکن وہ اپنی جگہ سے نہ ہلا۔ لاٹھی اچھی پڑی تھی کہیں کھیت میں آ پڑتی۔ کبھی دوسری طرف جا نکلتی۔ پنہدا خاں بڑا غضبناک ہوتا: "ابھی ایک بھی جاندار مرت کو پکارتی ہے" وہ لٹھ سنبھال کر اٹھا لیکن پھر رکھ دی اور بیٹھ گیا۔

اپنے بہت سے دوستوں سے پنہدا خاں نے ڈنگروں کے وعدے کئے تھے۔ بہت مدت سے اس نے ایک بکری کی ندرو بھی ہی پال رکھی تھی۔ بلکہ کچھی جھوٹ کو وہ سا ہوکار سے ایک بوری شکر دینے کے لئے بھی کہہ آیا تھا۔ کئی سالوں سے وہ سارا کام تنہا سنبھال رہا تھا: "اپنا بیٹا ہوگا تو باپ کا ہاتھ بٹائے گا:" وہ دل ہی دل میں سوچتا تھا۔ اس کے جی میں بڑی بڑی حسرتیں تھیں لیکن سب وہیں دفن ہو گئیں!

ان ملاحوں کی طرح جو اپنی ناؤ ڈبو چکے ہوں، شام کو پنہدا خاں گھر لوٹا۔ صحن میں مکمل خاموشی تھی۔ اس کی بڑھیا ماں غم میں ڈوبی سر جھکائے چولہے کے پاس بیٹھی تھی۔ بڑوں کو غمگین دیکھ بچے بھی منہ بسورے بیٹھے تھے۔ مٹھو اس کی بڑی لڑکی تو سارا دن روتی رہی۔ ایک ننھا منا بھائی کھلانے کو اس کا جی کتنا چاہتا تھا۔ بہنیں، بہنیں، بہنیں۔ اسے زہر لگتی تھیں۔ ڈنگر ڈھور کو پنہدا خاں نے تھان پر باندھا! "یا اللہ" کہتے ہوئے درانتی لی اور گھاس کھودنے کے لئے باہر چلا گیا۔ آج گھاس کھودتے کھودتے پنہدا خاں کو بڑی دیر ہو گئی۔ ہاتھ ادھر مارتا لیکن ادھر جاتا۔ دو ایک بار تو اس نے اپنی انگلی بھی زخمی کر لی تھی۔ آسمان میں جھلمل کرتے تارے دیکھ کر اسے "چناسے تیری جانی" کا آج خیال ہی نہ آیا۔ لوٹتے ہوئے جب وہ رہٹ کا ایک چکر دے کر ٹنڈ سے ٹھنڈا پانی پینے لگا تو اسے اپنا سینا یاد آ گیا۔ پانی بوند بوند ٹپک کر بہہ گیا۔ وہ سوچتا رہا، سوچتا رہا اور پیاسا ہی گھر لوٹ آیا۔

"ذرا اندر جاؤ تو۔ ایک دفعہ نور نشاں سے مل تو آؤ" بوڑھی ماں نے بیٹے سے کان میں کہا۔ لیکن پنہدا خاں نے ٹال دیا۔

"دیکھو نا بیٹا! سارا دن بیچاری چھپا چھپ روتی رہی ہے:" ماں نے اسے پھر کہا۔

آخر وہ اندر گیا!

دالان میں سب سے اندھیرے کونے میں نور نشاں بان کی چارپائی پر پڑی تھی۔ اس کے سرہانے ایک سرسوں کے تیل کا دیا جل رہا تھا۔ رو رو کر اس کی آنکھیں لال اور اس کا چہرہ نچڑے ہوئے لیموں کی طرح ہو گیا تھا۔ "اری او حرام کی بچی! آخر بیٹی ہی جنی:" پنہدا خاں تو اتنی سی بات کہہ کر باہر چلا گیا۔ لیکن جس طرح رہٹ کو ایک چکر دینے سے پانی دیر تک ٹپکتا رہتا ہے۔ نور نشاں ساری رات روتی رہی۔ اس نے نومولود کی طرف پہلو بدل کر دیکھا نہ اسے دودھ پلایا۔

وقت گزرتا گیا۔ نور نشاں کی چھاتیاں بوجھل ہوتیں تو وہ گھٹو کو دودھ پلا دیتی، ورنہ سارا سارا دن وہ ننھی جان چلاتی رہتی کوئی اس کی بات تک نہ پوچھتا۔ آنکھیں دکھنے آئیں تو آپ سے آپ ہی اچھی ہو گئیں۔ کبھی جاکسو کی ایک چیلی تک نہ ڈالی۔ مٹی میں پڑی ہوتی تو وہیں کھیلتے کھیلتے سو جاتی ماں پروا تک نہ کرتی۔ اس کی بڑی بہن کی اترن اسے پہنا دی جاتی۔ نئے کپڑے کا ٹکڑا تک بھی اس کو نصیب ہوا مگر گھٹو تھی کہ بڑھتی ہی گئی۔ بڑھتی ہی گئی!

جس دن سے گھٹو آئی پنہدا خاں کا ستارہ ڈھلتا گیا۔ پہلے تو اس کے بیلوں کے لاڈلے بوڑھے کو موت نے آ لیا۔ بیچارے کو بڑا صدمہ ہوا۔ بیلوں کے ابھرے ہوئے پیٹ پر ہاتھ پیار کرتا اور دن ہوتا بیچال ہو جاتا۔ افتاد پر افتاد یہ پڑی کہ اس کی ساری زمین میں کلر اٹھ آیا۔ وہ کتنی ہی محنت کرتا۔ مگر اس کے پلے کچھ نہ پڑتا۔ ساون کی جھڑیوں میں اس کا مویشیوں کا کوٹھا بیٹھ گیا۔ کنوئیں کی۔ ماہل ٹوٹ گئی۔

سات سال گذر گئے، مفلسی اور مصیبتوں کی کالی آندھیاں پنہدا خاں کے سر پر سے گذریں، لیکن نور نشاں کو اس نے منہ تک نہ لگایا۔ بڑے بڑے جھگڑے کھڑے ہوئے، مدت تک وہ میکہ میں رہی، پنچوں نے فیصلے کئے لیکن وہ ایک ہی بات کہتا کہ میرے ہاں جو منگ مرچا ہے کھائے۔ لیکن اسے بلانے کو جی میرا نہیں چاہتا۔ کئی دفعہ سوتے وقت اس کی آنکھوں کے سامنے وہ پانچ سا آ جاتے۔ پنہدا خاں ان کو گھور گھور کر دیکھتا اور سخت غضبناک ہو کر بار بار دانت پیستا۔ اسی حالت میں اپنے بیٹے کو اندر ہی اندر جلتا اور روز بروز کمزور ہوتا دیکھتی اور عمر بھر ایک

پھٹے کو تیار تھی اس کی بوڑھی ماں چل بسی۔ لڑکیاں تھیں کہ عشق پیچاں کی بیل کی طرح دنوں میں پھیلتی جاتی تھیں۔ گھٹو سے قطع نظر باقی چاروں کی جوانی پھٹی پڑتی تھی۔ پنہداخاں کے پاس اب پھوٹی کوڑی تک نہ تھی کہ انکا ہاتھ کسی کے ہاتھ میں دے سکے۔ آخر شلو اس کی بڑی لڑکی کھل کھیلی۔ ایک بار جب پنہداخاں باہر سفر پر گیا ہوا تھا۔ وہ میراثیوں کے ایک لڑکے کیساتھ بھاگ گئی۔ راجپوت خاندان کا نام لیوا پنہداخاں بہت نشر ہوا۔ مدتوں تک باہر نہ نکلا۔ آخر چوٹ سہ گیا۔

پنہداخاں نے بہت کوشش کی کہ باقی لڑکیوں کی کہیں آگے پیچھے کر دے لیکن برادری میں سے کسی نے اس کی مدد نہ کی۔ کئی رشتہ داروں کے پاؤں پہ اس نے اپنی پگڑی رکھ دی۔ لیکن کسی نے ہاں نہ کہی۔ رنج اور غم سے بھرا ہوا وہ گھر بیٹھ رہا۔ اچانک ایک دن شام کے قریب سر پر ایک پھٹا سا چیتھڑا اوڑھے مشلو گھر آ گئی۔ پنہداخاں غصے سے پیچ و تاب کھانے لگا۔ لیکن بات ٹالکر ایک پھٹی ہوئی جھولی کو ٹانکنے لگا۔ اس نے شلو کو بلایا نہ اس کی واردات پوچھی۔ برادری میں پھر شور ہوا کہ پنہداخاں نے اپنی لڑکی کو پھر گھر میں داخل کر لیا ہے۔ بس وہ سب کچھ ایک تلخ گھونٹ کی طرح جیسے پی ہی گیا۔

مفلسی سارے خاندان کو ستا ستا کر مار رہی تھی۔ فاقوں پہ فاقے کٹتے۔ لیکن پنہداخاں کبھی شکوہ نہ کرتا۔ خدا کے آگے جھولی پھیلاتا نہ پڑوسی کے آگے دست سوال دراز کرتا۔ ایک دن شام کو گھر لوٹا۔ عجیب چیخ و پکار مچی ہوئی تھی۔ اس نے دیکھا گھٹو کے ماتھے سے خون کا چشمہ پھوٹ رہا ہے۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا اس کی بڑی بہن نے اس کے پتھر دے مارا تھا۔ مارے غصے کے اس کی آنکھیں لال ہو گئیں۔ لیکن وہ پھر بات ٹال کر کھیتوں کو نکل گیا۔ بہت دیر تک پنہداخاں کنوئیں پر شہتوت کے تلے سے ٹیک لگا کر کھڑا رہا۔ کھڑے کھڑے جھٹ پٹا سا ہو گیا۔ اور مسجد سے مغرب کی نماز کی اذان سنائی دی۔ اس نے آنکھیں اٹھا کر آسمان کی طرف دیکھا۔ لیکن بادل کے سفید سفید ٹکڑوں میں رحم کے کنارے تھے کہ وہ اس کے دکھ کو دیکھ سکتے۔ وہ گھر لوٹنے ہی کو تھا کہ سامنے کے کھیت کے سہمے ہوئے سرکنڈے ہلتے نظر آئے۔ وہ وہیں جم گیا۔ اس نے دیکھا شانو اس کی شلو سے چھوٹی لڑکی دبے پاؤں کھیت سے نکل کر باڑ پھلانگ کر گھر آ چلی گئی۔ تھوڑی دیر کے بعد اس نے دیکھا جہاناں موچی وہیں سے نکل کر گاؤں کی جانب چلا گیا۔

پنہداخاں گھر آ کر بغیر کچھ کھائے پیئے اپنی چارپائی پر لیٹ گیا۔ آدھی رات کو جب سب سو گئے وہ آہستہ سے اٹھا۔ پچھے صحن کے ایک کونے میں گھٹو سو رہی تھی۔ وہ اسکے پاس گیا۔ معصوم پر نظر ڈالی۔ وہ ٹھٹھر گیا۔ پھر آسمان کی طرف دیکھا تارے ہنس رہے تھے۔ چاند آنکھیں پھاڑے دیکھ رہا تھا۔ فوراً ہی اس نے بچی کو اٹھا لیا۔ ایکدفعہ اللہ کہا۔ گھٹو اس کے شانوں کیساتھ لگ کر پھر سو گئی۔ پنہداخاں باہر نکل گیا۔ کنوئیں پر پہنچ کر اس نے آنکھیں بند کر لیں اور کندھے سے لگے ہوئے بوجھ کو چھوڑ دیا۔ دھڑام کی آواز آئی۔ اس نے چاروں طرف سے دیکھا۔ پتہ تک نہ ہلتا تھا۔ وہ گھر لوٹا۔ دوسری لڑکی کو اٹھایا۔ "شانو گھر کیوں چلایا کرتی ہو"۔ لڑکی بڑبڑائی۔ پنہداخاں نے اس کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا۔ کنوئیں سے پھر دھڑام کی آواز آئی۔ قدرت چپ تھی۔ تارے جھلملا رہے تھے۔ وہ تیسری لڑکی کو اٹھا کر لایا۔ شہتوت کے پاس کھڑا ہو کر اس نے سرکنڈوں کی طرف دیکھا۔ ان میں کوئی جنبش نہ تھی۔ ایک بار پھر دھڑام کی آواز آئی۔ اس دفعہ آواز ذرا دھیمی تھی۔ گویا کنواں بھر گیا ہو۔ شہتوت پر سویا ہوا فاختہ کا جوڑا اب جاگ چکا تھا۔ پنہداخاں دیر تک انہیں دیکھتا رہا۔ یہاں تک کہ وہ دونوں پھر ایک ٹہنی پر سو گئے۔

اب ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی۔ سرکنڈوں کی دھیمی دھیمی سرسراہٹ پنہداخاں کو نہ بھائی۔ وہ پھر گھر چلا گیا۔ کچھ وقفہ کے بعد کنوئیں کی طرف آیا۔ اس کے ہاتھ میں خون سے لت پت ایک ٹکوا تھا۔ شہتوت کے نیچے کھڑا ہو کر اس نے انگڑائی سی لی۔ معلوم ہوتا تھا کہ مدت کے بعد آج پنہداخاں نے اپنے تئیں ہلکا محسوس کیا۔ ٹکوے کو کندھے پہ رکھ کر وہیں گھاس پر بیٹھ گیا۔ چاند کی چاندنی شہتوت کے پتوں سے چھن چھن کر پنہداخاں پر گر رہی تھی۔

ہندوانی ملک

تماشا

ڈگڈگی کی آواز فضا میں گونج رہی تھی۔ اور لوگ جیسے دیوانے اس آواز کی طرف گویا کھنچے چلے جا رہے تھے۔ بچے بوڑھے۔ مرد۔ عورت سبھی ہمہ تن گوش بنے اس کی طرف متوجہ تھے۔ اس آواز میں وہ کچھ ڈھونڈ رہے تھے۔ کچھ پا رہے تھے۔ اپنا کچھ کھویا ہوا۔ کچھ لٹا ہوا۔ سب کے چہروں پر خوشی کی ایک لہر سی دوڑ گئی تھی۔ ایسے ہی جیسے کوئی دیر سے بچھڑا ہوا ساتھی مل جائے۔ مکانوں کی چھتیں۔ دکانوں کے چبوترے۔ کھڑکیاں۔ دروازے۔ اور درختوں کی شاخیں تک لوگوں سے بھری پڑی تھیں۔ تمام لوگ مشتاق نگاہوں سے ڈگڈگی کی آواز آنے والی سمت نظریں جمائے مداری کا راستہ دیکھ رہے تھے۔ سب کو اب کے مداری سے کوئی نیا کھیل دیکھنے کی اُمید تھی۔ پرانا کھیل دیکھ دیکھ کر تو وہ تنگ آ چکے تھے۔ وہی ایک بندر اور بندریا کا فرسودہ سا کھیل۔ دونوں کی شادی۔ اور پھر ناراضی۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مداری بھی یہ کھیل دکھا دکھا کر اکتا چکا تھا۔ اب کے وہ ضرور کوئی نیا کھیل لائے گا۔ بالکل نیا۔ اور نئے کھیل کی بہت دھوم تھی۔ دور دور سے لوگ یہ کھیل دیکھنے کیلئے جمع ہوئے تھے۔ اب مداری آ پہنچا تھا۔ ہر طرف تالیوں۔ سیٹیوں اور نعروں سے ایک ہنگامہ سا بپا ہو گیا تھا۔ بچوں نے تو خوب ہی اس کا استقبال کیا تھا۔ وہ جیسے پھولے ہی نہ سماتے تھے۔ واقعی مداری اب کے کوئی نیا کھیل لایا تھا۔ اب کے اس کے ہاتھ میں بجائے ایک بندر کے دو بندروں کی رسیاں تھیں۔ اور ایک بندریا بھی تھی وہی پرانی۔ لیکن بندروں نے اب کے ٹوپیاں پہن رکھی تھیں۔ ایک نے سیاہ اور دوسرے نے سفید۔ مداری کے ساتھ اب کے اس کے کچھ ساتھی بھی تھے۔ مداری تو خیر پرانا تھا۔ لیکن اس کے ساتھی سب کے سب نئے اور نہایت ہوشیار نظر آتے تھے۔ لوگوں کے جوش و خروش کا ان پر کوئی اثر دکھائی نہ دیتا تھا۔ وہ بڑے بڑے منصفوں کی طرح کبھی ایک کو دانت دکھاتے اور کبھی دوسرے کو۔ لیکن نہایت اطمینان سے۔ بندر دو تھے بھی ایک جیسے ہی۔ وہی ننھا سر۔ گھٹی ہوئی چندیا۔ گول مول سے چہرے۔ اور ایک ہی طرح کا لباس۔ مداری کی ایک آنکھ شاید کھوئی ہوئی تھی۔ کیونکہ اپنے ساتھیوں کی طرف وہ جب بھی دیکھتا۔ تو اسے اپنا پورا چہرہ ان کی طرف گھمانا پڑتا۔ جو لوگ مداری کے آنے سے پہلے سے اور اس کے کھیل کو شک و شبہ سے دیکھ رہے تھے۔ اور کہہ رہے تھے کہ اب کے بھی وہی کھیل ہوگا۔ فرسودہ سا۔ اور خواہ مخواہ بیٹھنے کی کوفت ہوگی۔ وہ بھی اب کچھ مطمئن سے نظر آتے تھے۔ ان کا شک و شبہ بھی اس شور و غل میں شاید ہوا ہو گیا تھا۔ آخر تماشا شروع ہوگا۔ عنقریب ہی بندریا کا بیاہ ہونے والا تھا۔ اور مداری ان دونوں بندروں کو دعوت دے رہا تھا۔ پیار سے پچکار رہے۔ ان کی پیٹھ ٹھونک کر بندریا کی جوانی کا واسطہ دیکر۔ لیکن بندر تھے کہ ٹس سے مس نہیں ہوتے تھے۔ ایک دوسرے کی طرف دیکھتے اور بس۔ جیسے آنکھوں ہی آنکھوں میں ایک دوسرے کو کہتا ہو۔ کہ آؤ نا پہلے۔ بڑھو بھیا دو۔ اور دوسرا جیسے کہتا ہو کہ تم کیوں نہیں بولتے۔ پہلے تو اتنا شور بپا کر رکھا تھا۔ اور اب جیسے منہ میں گھنگھنیاں ڈال رکھی ہوں۔ نہ جانے اوپر درخت پر ایک لمبی داڑھی والا بندر کہاں سے آ گیا تھا وہ ہاتھ میں ایک لمبی تلوار لئے اس کی چمک سے مداری اور بندروں کی آنکھیں خیرہ کئے دیتا تھا۔ اور اس کی خونی آنکھیں جیسے مداری کو کہہ رہی ہوں۔ کہ ایسا دھوکا۔ اس قدر فریب۔ ایسی طوطا چشمی۔ ابھی پچھلے ہی دنوں کی بات ہے۔ جب تمہاری ان سفید وردی والوں سے ٹھن گئی تھی۔ اور وہ تمہارے سدھائے گئے بندروں پر چھاپا مارنا چاہتے تھے۔ تمہارا ملک غصب کر لینا چاہتے تھے۔ تمہیں بے گھر کرنا چاہتے تھے۔ بلکہ دنیا سے تمہارا نام و نشان تک مٹا دینے کے درپے تھے۔ اس ہنگامے کی یاد سے اب تک تمہارے رونگٹے

ٹکڑے ہو جاتے ہیں۔ اس وقت ہم تمہارے آڑے آئے تھے۔ ایک پھلکا فوج سے تمہارا ہاتھ بٹایا تھا۔ اور ان سفید اور زرد ملائیوں کو مار بھگایا تھا۔ اگرچہ اس جنگ میں ہمارے کتنے ہی بندر کھیت رہے تھے۔ کتنے ہی زخمی ہو گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لیکن ہم نے اپنے خون سے تمہاری خدمت کی۔ تمہیں کھلانے کے لئے اپنے درختوں کے پھل دیتے رہے۔ اپنا پیٹ کاٹ کر۔ اگر اس وقت ہم تمہاری مدد نہ کرتے۔ تو تمہیں آج یہ صبح دیکھنی نصیب نہ ہوتی۔ اور اس وقت تو تم بھی خوب ہماری پیٹھ ٹھونکتے تھے گلے لگانے کیلئے ہاتھ کے ٹکڑے دیتے تھے لیکن اب تو دیدہ دلیری اتنی بڑھ گئی کہ ہماری طرف دیکھتے ہی نہیں۔ بندریا کا بیاہ اور ہمیں بلاوا تک نہ بھیجا۔ ایک اور طرف ادھر اونچا بیٹھا ہوا لمبی دُم والا لنگور ان سب کی طرف عجیب بے اعتنائی سے دیکھ رہا تھا۔ اس کے خیال میں اس کے ہاتھ کا پھل اس سب بکواس سے بہتر تھا۔ وہ پھل کھا کھا کر چھلکے ان کی طرف پھینکتا جاتا۔ جیسے کہہ رہا ہو کہ بھائی جلدی کرو بندریا کی شادی۔ آخر یہ دیر کیوں ہے کچھ پھل اور مٹھائی تو ہمارے حصہ میں بھی آئے گی نا۔ اور اب کی بار تو کچھ زیادہ ہی ملنی چاہیئے۔ اور [illegible] کہاں تو خاموش بیٹھے۔ ایک دوسرے کو تک رہے تھے۔ اور کہاں اب بندریا کے پیچھے بھاگ بھاگ کر اس کی دم پکڑنے میں مصروف تھے۔ اب مداری اپنے جوہر دکھا رہا تھا۔ کبھی ایک کی رسی کھینچتا تھا اور کبھی دوسرے کو ڈھیل دے دیتا تھا۔ اور جب کبھی دونوں بندر بندریا کے نزدیک پہنچ جاتے۔ تو چپکے سے بندریا کی رسی کھینچ کر اسے غائب کر دیتا۔ اور بندر یہ سب کچھ ہوتا دیکھ کر بھی کچھ سمجھ نہ پاتے۔ وہ دونوں ایک دوسرے کی غلطیاں جوؤں کی طرح نکالتے۔ اور ایک دوسرے پر کیچڑ اچھالتے۔ بلکہ بعض دفعہ تو ایک دوسرے سے بری طرح الجھ بھی جاتے۔ ایسے میں کالی ٹوپی والا بندر مداری کے تھیلے میں سے ایک لمبا سا چھرا نکال لاتا۔ لیکن مداری فوراً اس کی رسی کھینچ کر وہ چھرا اس سے لے لیتا۔ اور کہتا۔ کہ نہیں بھائی ابھی نہیں۔ صلح اور آشتی سے رہو۔ ایسی خوشی کے موقعہ پر تو تمہیں ناچنا چاہیئے۔ اور سفید ٹوپی والا بندر اس چھرے کی طرف ایسے تکتا

جیسے کہہ رہا ہو کہ یہ مداری بے ڈھنگا ہے۔ ورنہ یہی چھرا تمہارے سینے کے پار کر دیتا۔ ذرا جانے دو اس کو۔ دیکھ لوں گا تمہیں بھی۔ مداری کہہ رہا تھا آخر جھگڑا کیا ہے۔ کیا آفت ہے۔ تم دونوں کیوں نہیں آؤ گے بندریا کی شادی پہ! وہ آہستہ سے دونوں کو سمجھا رہا تھا۔ آخر سفید ٹوپی والا بندر بولا۔ کہ وہ ایک شرط پہ آئے گا۔ اور وہ یہ کہ یہ بندریا اس کا لایا ہوا جھنڈا پہنے۔ سفید۔ سبز۔ اور زرد رنگ کا لہراتا سا۔ قوس و قزح کی مانند۔ ہلکا پھلکا۔ بس ایسے ہی جیسے رات کی سیاہی سے دن پھوٹ رہا ہو۔ لیکن سیاہ ٹوپی والے بندر کو بھلا یہ سب کچھ کہاں پسند تھا۔ سفید اور زرد رنگ دونوں ہی اس کی نگاہ میں منحوس تھے۔ وہ صرف سبز رنگ کا حامی تھا۔ قدرت کا اپنا رنگ۔ سبز چمکتا ہوا رنگ۔ جو آنکھوں میں کھب جائے جیسے بہار آتی ہوئی نظر آ رہی ہو۔ جیسے نئی زندگی پھوٹ رہی ہو۔ مداری نے ایک بار خوب زور سے ڈگڈگی بجائی اور بچوں نے خوب ہی تالیاں پیٹیں۔ کہ یہ دونوں اس لے میں شاید کچھ بھول جائیں لیکن ایک دفعہ پھر ان پر جم گئیں۔ کہ یہ آخر کر کیا رہے ہیں۔ مان کیوں نہیں جاتے۔ گھر میں ست کی ایک تار نہیں۔ اور جا رہے ہیں پہلے ہی گتھم گتھا ہو رہے ہیں۔ یہ لباس پر جھگڑا کیسا۔ چلو بندریا باری باری دونوں پہن لے گی لیکن اب ایک اور جھگڑا شروع ہو گیا تھا۔ اس دوران میں شاید انہوں نے کچھ سوچ لیا تھا۔ اس شور و غل نے الٹا ان کے دماغ کو چلا دی تھی۔ بندریا اپنے ناز نخرے سے انہیں متاثر کرنے کی کوشش کرتی۔ اور بعض دفعہ نہایت دلفریب آنسو بھی آنکھوں میں لے آتی کہ دیکھو اگر تم شادی پہ نہ آؤ گے۔ تو میں کچھ کھا کر سو رہوں گی۔ کہیں ڈوب مروں گی۔ چوک میں بیٹھ جاؤں گی۔ اور پھر تم بجاتے پھرنا اپنی لاج۔ لیکن ان بندروں نے شاید یہ سب کچھ کھایا پیا ہوا تھا۔ ان پہ جوں تک نہ رینگتی تھی۔ ایک گھاگ تھے وہ بھی۔ اب وہ مداری سے پوچھ رہے تھے کہ ہم بیاہ پر کتنے کتنے بلند سامان لائیں۔ مداری نے انہیں ہی تجویز کرنے کے لئے کہا۔ سیاہ ٹوپی والے نے کہا۔ کہ میں تو پانچ لاؤں گا بشرطیکہ سفید ٹوپی والا بھی پانچ ہی لائے۔ سفید ٹوپی والا فوراً بولا۔ کیوں میں پانچ کیوں لاؤں۔ میں تو

بچہ لاؤں گا۔ سیاہ ٹوپی والا بھلا یہ کب گوارا کر سکتا تھا۔ فوراً بولا۔ کہ اگر تم بچہ لاؤ گے۔ تو پھر ہم بھی بچہ ہی لائیں گے۔ ہم کیا تم سے کم بیٹھے ہیں۔ ابھی پچھلے سال ہی جب تماشا ہوا تھا تو تم برابر کے پانچ پانچ ہی مان گئے تھے۔ تو پھر اب یہ کیسا جھگڑا۔ اب سفید ٹوپی والا کہہ رہا تھا۔ کہ پچھلے سال کی اور بات تھی۔ اس وقت ہمیں اس طرف سے ان سفید مدندر مداریوں کا خطرہ تھا۔ اور پھر اس مرتبہ میں نے تمہارے کہنے پر اپنے اس بزرگ بھائی کو چھوڑ دیا تھا لیکن اب نہیں چھوڑ سکتا۔ اس بیچارے نے کتنا کام کیا ہے ہمارے لئے کتنی مصیبتیں جھیلی ہیں۔ ہماری خاطر۔ تم نے تو اسے پہلے ہی بدلحاظی سے فارغ کر رکھا تھا۔ ہم بھی اس بیچارے کو جگہ نہ دیں۔ اس کے علاوہ یاد ہے۔ وہ بہت چھوٹا سوتیلا بھائی۔ جسے میں نے مداری کے کہنے پر ان پانچ میں شامل کیا تھا۔ کتنی نصرانی ہوئی تھی مجھ پر۔ سبھی کہتے تھے دیکھو اس نے باپ کے بھائی کو چھوڑ دیا۔ جب غریب تھے تو اس بیچارے نے کتنی خدمت کی۔ کتنا دکھ اٹھایا۔ اور اب بڑے بھائی کو عزت ملی۔ تو اس سوتیلے بھائی کو نکال گھر سے باہر کیا۔ اس کو دہلیز تک چھونے کی اجازت نہیں۔ حیف ہے۔ ایسے بھائی پر۔ تو بتاؤ۔ اب میں اس سوتیلے بھائی کو کیسے چھوڑ دوں۔ تمہارا کیا ہے۔ تم نے تو سب سے ہی بگاڑ رکھی ہے۔ وہ لمبی ڈاڑھی والا بندر سے تمہاری ان بن ہے۔ وہ سیاہ چھلے والے تمہیں گالیاں دیتے ہیں۔ خیر نہیں تم کیا سمجھو کہ یہ معمولی سی بات بھی نہیں سمجھتے۔ ہم بچہ نہیں بلکہ نو بندر ساتھ لائیں گے۔ پھر وہی جھگڑا ہو گیا۔ بندر ایک دوسرے پر کلکل کرنے لگے۔ اور قریب تھا۔ کہ الجھ پڑیں یہ کہ مداری نے برف منگوا کر ان دونوں کے سر پر رکھی۔ کچھ دیر تک تو برف نے اثر دکھایا اور دونوں بندر ایک دوسرے کے قریب ہو کر ہوش و حواس کی باتیں کرتے رہے۔ لیکن جلدی ہی برف کا اثر بھی زائل ہو گیا۔ اور پھر وہی دانتا کلکل۔ مداری بھی تنگ آ چکا تھا۔ اس نے ایک اور چال چلی۔ اس نے خود آرام کرنے کے بہانے ان بندروں اور بندریا کی رسیاں اپنے ساتھیوں کے ہاتھ میں دے دیں اور آپ ذرا پرے ہٹ کر سب کچھ دیکھنے لگا۔ مداری کے ساتھی بھی ویسی ہی چالیں چلتے تھے۔ شطرنج

کی سی۔ بندروں کو آگے بڑھاتے تھے۔ تو بندریا کی رسی کھینچ لیتے تھے۔ اور بندریا کو بڑھاتے تھے۔ تو بندروں کو آپس میں الجھا دیتے تھے۔ کچھ دیر تک خوب تماشا رہا۔ بچے خوش تھے۔ بس ایک ہنگامہ تھا۔ البتہ بندریا بیچاری کا برا حال تھا۔ کاٹو تو لہو نہیں بدن میں۔ اس کا رنگ زرد سے زرد تر ہوتا جا رہا تھا۔ اس کے چہرے کی ہڈیاں کسی ہوائی محرابوں کی طرح ابھر آئی تھیں۔ شاید اسے اپنی گزرتی ہوئی جوانی کا غم کھائے جا رہا تھا۔ اب مداری نے ساتھیوں نے بندریا کی شادی پر آنے والوں کی تعداد کو بڑھا کر چودہ کر دیا تھا لیکن سیاہ ٹوپی والا ابھی ناخوش تھا۔ وہ عین بیاہ کے موقع پر ہنگامہ پیدا کرنے کی دھمکی دے رہا تھا۔ مداری کے ساتھی کہہ رہے تھے۔ کہ بھائی ان دنوں قحط کا زمانہ ہے۔ اور اس جنگل میں ویسے ہی اب خوراک کم ہوتی جا رہی ہے۔ کئی درخت تو بالکل برباد ہو چکے ہیں پھل دیتے ہی نہیں۔ اس لئے اتنے ہی ساتھی لاؤ۔ جن کی اشد ضرورت ہو۔ بس کام چل جائے۔ لیکن ایسا کہنے سے بات بنتی نظر نہیں آتی تھی۔ آخر پہلا مداری ہی پھر آیا اور جانے کی تیاری کرتے ہوئے کہنے لگا۔ کہ یہ بندریا اب جوان ہو گئی ہے اپنا برا بھلا خود سوچ سکتی ہے۔ اور یہ بندر بھی اب سمجھدار اور ہوشیار ہو گئے ہیں۔ ہمیں اب ان سے کیا کام۔ اس لئے ہم اب جاتے ہیں۔ ہاں کبھی کبھی اس بندریا کی محبت جوش مارے گی تو اسے دیکھنے کے لئے آ جایا کریں گے۔ یا پھر اشیرباد کے لئے بلاؤ گے تو چلے آئیں گے۔ ہمارا کام ختم ہو گیا۔ یہ کہہ رہا تھا۔ اور اس نے دونوں بندروں کے گلے میں بندھی ہوئی رسی کو پرے پھینک دیا۔ اب مداری بظاہر جا رہا تھا۔ جاتے ہوئے ایک دفعہ پھر اس نے زور سے ڈگڈگی بجائی۔ اس کو اور اس کے ساتھیوں کو یہاں بہت دیر ہو گئی تھی۔ ابھی انہیں اور بھی تو بہت جگہ تماشا دکھانا تھا۔ اس طرف اس ریچھ کا جو بہت موٹا ہو رہا تھا۔ کیونکہ ان دنوں جو کچھ اس کے سامنے آتا تھا۔ وہ اسے نگلتا جاتا تھا۔ شہد چڑیوں کے گھونسلے اور ان کے انڈے تک نہ چھوڑتا تھا۔ مداری جا چکا تھا۔ اور اس کے ساتھی بھی۔ سیاہ ٹوپی والے بندر کی نگاہ رہ رہ کر اس

(بقیہ صفحہ ۱۳ پر ملاحظہ فرمائیں)

اچھی اچھی کتابیں

داستانِ مجاہد - از نسیم حجازی

یہ ان ماؤں کی داستان ہے جن کی گود میں تاروں پر کمندیں ڈالنے والی قوم بیدار ہوئی - یہ ان نوجوانوں کی داستان ہے جنہوں نے اپنی شمشیر سے تاریخ اسلام کا ایک روشن باب لکھا اس انداز کے ناول بہت ایسے دلچسپ ناول بہت کم لکھے گئے ہیں "داستانِ مجاہد" کا ہر لفظ موجودہ دور کے مسلمانوں کے لئے ایک نئی زندگی کا پیغام ہے - دوسرا ایڈیشن قیمت مجلد للعہ ر

زندگی - از چودھری افضل حق

زندگی کے لئے مسافروں کے لئے یہ کتاب بہترین رہنما ہو سکتی ہے - عمر رسیدہ احباب کیلئے بھی اس کے بعض ابواب عمر رفتہ کی شیریں یاد یا آئندہ کا ہولناک تصور ہو سکتے ہیں "زندگی" دور حاضر کی بہترین کتابوں میں شمار ہوتی ہے - زبان پیاری اور تخیل نہایت ہی بلند - قیمت للعہ ر

سرورِ کائنات - از سید امیر علی - مترجمہ مقصود احمد مرحوم

یہ کتاب "سپرٹ آف اسلام" کے پہلے حصہ کا ترجمہ ہے جس کو فاضل مترجم نے ایک بے مثل شاہکار کی صورت میں پیش کیا ہے - اس میں آنحضرت کی زندگی پر ایک انسان کامل کی حیثیت سے روشنی ڈالی گئی ہے اور آپ کی تعلیم کو ایسے پر جوش اور خوبصورت الفاظ میں بیان کیا گیا ہے کہ اس سے زیادہ موثر پیرایہ آج تک کوئی سیرت نگار نہیں پیدا کر سکا۔ عالہ ر

پانچ رنگ ۱۲ر - سیرت اقبال للعہ ر - بزم لطائف عہ ر - روائتی افسانے ۱۲ر - پیام مکاروارث ۱۲ر

محمد بن قاسم - از نسیم حجازی

یہ ان کمسن مجاہد کی داستان ہے جس نے سترہ سال کی عمر میں سندھ کو فتح کیا اور اس قوم کی سرگذشت ہے جس کی تاریخ کا ہر صفحہ شہیدوں کے خون سے رنگین ہے - عرب کے ریگزاروں سے ایک آفتاب نمودار ہوا - چمکا اور عین دوپہر کے وقت غروب ہو گیا "محمد بن قاسم" اس کے انداز میں تاریخ اسلام کے ان واقعات کا مجموعہ ہے جب عرب کے مجاہد دنیا پر چھا جانے اور دین کو پھیلانے کیلئے جان ہتھیلی پر رکھے تھے - قیمت مجلد عہ ر

سلطان ٹیپو - مرتبہ عبداللہ بٹ

ٹیپو کی سیرت محض ایک بلند ہمت مجاہد اور شیر دل فرمانروا کی سیرت ہی نہیں بلکہ اس کے ساتھ حفاظت وطن کا ہر ہنگامہ مر گیا - وہ فلادی بند ٹوٹ گیا - جو برسوں اجنبی اقتدار کے سیلاب کو ملک بھر پر چھا جانے سے روکے رہا - اس آزادی ہند کے سب سے بڑے علمبردار کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر ہندوستان بھر کے اہل قلم کے مقالات کا مجموعہ قیمت ۱۲ر

دل کی دھڑکن - از پروفیسر خادم محی الدین ایم اے ڈی لٹ پیرس

دوسرے ایڈیشن ڈرامے - پروفیسر صاحب اسٹیج اور تحریک کے علمبرداروں میں سے ہیں - آپ نہ صرف ڈراموں کے مصنف ہیں بلکہ انہیں خود پیش کر کے سٹیج کا وہ قابل قدر تجربہ بھی بخوبی حاصل کر چکے ہیں - جس کے بغیر ڈرامہ میں لذت پیدا کرنا بعید دشوار ہے - مختصر ڈراموں کا یہ مجموعہ اسکولوں اور کالجوں کی جماعتوں میں عموماً اور تعلیم یافتہ ہزاروں کی ڈرامیٹک کلبوں میں خصوصاً تسکین نگاہ سے دیکھا جائیگا۔ بادلوں میں عالہ ر - ابوالکلام آزاد ۱۲ر - شعلہ ۱۲ر نصب زندگی کا پہلو ۱۲ر

قومی کتب خانہ ریلوے روڈ - لاہور

قریشی صلاح الدین اکبر

جانے سے پہلے

میگارٹ تمہیں معلوم ہے مجھے انگریزوں سے نفرت ہے، میں سیاست میں نہیں الجھ رہا، اس حسین شام کو میں اس آلودگی سے پاک رکھنا چاہتا ہوں، لوگ باہر گلی کوچوں میں چراغاں کا انتظام کر رہے ہوں گے، شام کے دھندلکے میں چراغ روشن آنکھوں کی طرح دمک اٹھیں گے اور کل تو یہ ہے کہ دو سو سال کے متواتر میل جول سے سیاسی فرق رہ بھی کہاں جاتا ہے، مگر یہ نفرت! اب تو مجھے یوں محسوس ہوتا ہے کہ اگر انگریز ہم ہندوستانیوں کے حکمران نہ بھی ہوتے تو میں ان سے نفرت کرتا، مگر تم کس قدر معصوم ہو، تمہیں ذرہ بھر بھی اپنے حسن کا احساس نہیں، یہ تمہاری آنکھوں سے جھانکتی ہوئی پاکیزگی، ادھ کھلی کلی کی پتیوں کی مانند کومل رخسار اور ہونٹوں سے ٹپکتا ہوا شریں بھولپن، اصلی میں یہ کشش حسن میں یہ معصومیت ہے، اس چھوٹے سے کمرے کی ہر چیز پر تمہارے حسن کا رعب طاری ہو گیا ہے، ہر چیز خاموش ہے، امریکن سگریٹوں کا ہلکا سلیٹی دھواں خاموشی سے اس فضا میں تحلیل ہو رہا ہے۔

اگر تم اس قدر معصوم اور سادہ نہ ہوتیں تو میں تمہاری باتوں کو بھی تمہاری قوم کی Diplomacy سمجھ لیتا، تم کہتی ہو بلکہ تمہیں اعتراض ہے کہ مسلمان ہوتے ہوئے میں نے اپنے کمرے میں مہاتما گاندھی کی تصویر کیوں لگا رکھی ہے، تمہیں تعجب ہے کوئی انگریز اپنے گھر میں ہٹلر کی تصویر نہیں لگاتا، کوئی فرانسیسی اپنے گھر میں روزویلٹ یا چرچل کی تصویر نہیں لٹکاتا، تم بھی درست ہی کہتی ہو، ممکن ہے تمہارے یہاں ایسا ہی ہو، ہاں مجھے اس طرف کی کسی بات پر یقین نہیں، شاید میں یہ فرض کر لیتا کہ وہ جگہ خدا کی مملکت میں بھی نہیں، کہیں باہر ہے مگر تمہارا ملک بھی وہیں ہے، یہ احساس اسے جھٹلا دیتا ہے، تمہارا ملک حقیقت ہے اور میری باتیں محض خیال ——

لیکن تمہیں ہیڈی لمار (Heddy Lamar) کی اس تصویر پر کیوں اعتراض نہیں جو تمہاری کرسی کے سامنے، میری پشت کی طرف دیوار پر آویزاں ہے، مجھے ہیڈی لمار کی یہ تصویر پسند ہے۔ حالانکہ یہ میرے دیس کی لڑکی نہیں، اس کا انداز بھی میرے ملک کی لڑکیوں کا سا نہیں، میرے ملک کی لڑکیوں کا انداز، تم یہ پوچھ کر کیا کرو گی، آخر تمہیں میرے ملک سے اتنی دلچسپی کیوں ہے، مجھے تو ان باتوں سے ڈر لگتا ہے، جو شخص یہاں آتا ہے اسے اس ملک سے اتنی دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ یہاں سے جاتا ہی نہیں، تم لوگوں کو آئے ہوئے بھی دو صدیاں ہو گئیں اور ابھی تمہاری دلچسپی ختم نہیں ہوئی، ہر بدیسی سیاح کو یہاں کے جنگلوں، اژدھوں، سنتوں اور سادھوؤں کی دنیا میں دلچسپی محسوس کرنی ہی چاہیے۔ لیکن تم دو سو سال سے ابھی تک یہاں جنگلوں، سانپوں اور فقیروں کے علاوہ اور کچھ دیکھ ہی نہیں سکے —— !

تم بھی اس سے متفق ہو، کیوں؟ تمہیں بھی جب تم اپنے دوستوں کے ساتھ بازار گئیں تھیں۔ فقیروں نے تنگ کیا تھا، "میم صاحب"، "میم صاحب" کہہ کر بھیک مانگنا شروع کر دیا تھا، تمہیں ان سے نفرت ہو رہی تھی، گھن آ رہی تھی، وہ سیاہ اور غلیظ عورتیں تھیں۔ اور یونہی ان کے بچے بھی، تمہارے ساتھ دوسری ہندوستانی لڑکیاں تھیں، انہیں بھی ان سے نفرت تھی —— مگر وہ فقیر عورتیں مجھے ان سے نفرت نہیں وہ بھی میرے ملک کی لڑکیاں تھیں، ان کا رنگ سیاہ تھا، وہ غلیظ تھیں، انہیں عمر بھر صابن سے نہانا نصیب نہیں ہوا۔

کیا کہا، تمہیں تعجب ہے، اس میں تعجب کی بات ہی کیا ہے، ہندوستان میں اکثر ایسی تعجب خیز باتیں ہوتی ہیں، یہاں پچاس لاکھ آدمی روٹی نہ ملنے کی وجہ سے مر گئے، جنگ میں ہندوستان کے اتنے آدمی نہیں مارے گئے —— ہم ہندوستانی ہر بات کو بڑھا چڑھا کر بیان کرنے کے عادی سہی مگر بنگال میں کم آدمی نہیں مرے، یہ عورتیں بھی شاید اسی طرف کی ہوں گی، قحط اور وباؤں کی وجہ سے وہ اپنے گھروں سے بھاگ کر

ملک کے مختلف حصوں میں پھیل گئیں، ان کی غزالیں آنکھیں بذاتِ خود ایک جادو ہوتی ہیں اور ان کے بال، بنگال کی زلف مشہور ہے،

ان کے بال، ان میں کوئی جاذبیت نہ تھی، میں مانتا ہوں، وہ بھوے ہو رہے تھے، مٹی سے اٹے ہوئے تھے، الجھے ہوئے تھے — ہاں انہیں کبھی شامپو نہیں ملا مگر قحط سے پہلے — تم لوگ ابھی تک یہی سمجھے بیٹھے ہو کہ بنگال کا جادو مشہور ہے، وہاں آدمیوں کو مکھیاں بنا کر دیواروں سے چپکا دیا جاتا تھا، جہاں کے جنگلوں میں — مگر اب بنگال کا قحط مشہور ہے، آسام اور بہار کے سیلاب، اور ہندستان کی جہالت اور غربت، بنگال میں پچھلے دنوں خدا جانے کیسا جادو نے انسانوں کو مکھیاں بنا کر دیواروں سے نہیں سڑکوں، گلیوں اور چلنے والی پٹڑیوں پر چپکا دیا تھا۔

تم جب گھر جاؤ تو وہاں کے رہنے والوں سے ہندستان کے سب سے بڑے صوبے میں کھیلے گئے اس جادو کا ذکر کرنا اور اس اژدہے کا ذکر بھی کر دینا جو برما سے ہندستان کے راستے میں بل کھائے لیٹا ہوا تھا اور جب وہاں سے لوگ بھاگے ہیں تو اس کالے اژدہے نے بیشمار لوگوں کو نگل لیا، اتنے آدمی جاپانیوں کی بمباری سے نہیں مرے جتنے اس اژدہے نے نگل لئے —

تمہارا منہ حیرت سے کھلا ہے، تمہاری ان خوبصورت آنکھوں میں خلا سا ہے، تمہارے تبسم بناتے ہوئے نازک گلابی ہونٹ، ان کی لپ سٹک اس ہلکی سی روشنی میں بھی نمایاں ہے، میں اپنے کمرے میں زیادہ روشنی نہیں کرتا، روشنی سے ہر چیز عریاں سی ہو جاتی ہے۔ مجھے شام کے اس دھندلکے سے اُنس ہے — اور یوں تو مجھے ہر سانولی سلونی چیز سے لگاؤ ہے، بنگال کی لڑکیوں میں بھی میرے لئے ایسی ہی کشش ہے، وہ لڑکیاں جنہیں تم نے بازار میں دیکھا تھا اسی طرف کی رہنے والی ہوں گی، اسی بنگال کی جہاں بوس رہتا تھا۔

بوس کی زندگی کے متعلق بھی اس وقت یہی گومگو کا عالم ہے، اس کے حالات کے گرد بھی ممکنات اور ناممکنات کا ہلکا سا سیاہ پردہ ہے — وہ ہندوستان سے کیوں چلا گیا، تمہاری حکومت کے ڈر سے، نہیں بیکار تھی، اس کے عقائد سے تو اس نے ٹکر لی، سے یہاں کے ایک بہت بڑے جادوگر نے نکالا تھا، اس نے اپنے چیلے کے زور سے اسے یہاں سے چلے جانے پر مجبور کر دیا، آج بازار میں تمہیں اس کی تصویر بھی دکھاؤں گا۔

تمہیں یہ سب باتیں کہانیاں معلوم ہوتی ہیں، ہم لوگ کہانیاں سنانے میں یوں بھی مشہور ہیں۔ ایک عرصے سے، جب اس ملک میں کھانے پینے کی ہر چیز کثرت سے ملتی تھی، ہر طرح کا سکھ چین نصیب تھا تو یہاں کے لوگ گھروں سے باہر، گھروں کے اندر، سردیوں کی راتوں میں الاؤ کے گرد اور گرمیوں کے موسم میں کھلی چاندنی کے نیچے جمع ہو جاتے تھے اور بڑے بوڑھے انہیں آپ بیتیاں اور جگ بیتیاں سناتے، نئی نئی اور عجیب عجیب کہانیاں طلسم اور جادو کی باتیں —

آج ہمارے یہاں جادو بہت ہوتے ہیں، تم بچ کے رہنا، آج رات کے چراغاں میں تمہارے معصوم رخساروں پہ کھیلتی ہوئی سرخی اور نکھر آئے گی، تمہارے یہ خوبصورت سنہرے بال سونے کی تاروں کی طرح چمک اٹھیں گے، تم ایک دیوی کی مانند نظر آؤ گی، لوگ کہیں تمہیں لکشمی کا سروپ سمجھ کر روک نہ لیں —

تمہارا خیال ہے میں مذاق کر رہا ہوں، یہ محض خیال ہے، میں سچ کہہ رہا ہوں آج رات چراغاں ہوگا، ہر گلی، ہر کوچے، ہر بازار میں روشنیاں ہوں گی۔ رنگ برنگی روشنیاں، اور ان روشنیوں سے فروزاں فضا میں بچے بوڑھے اور جوان، مرد اور عورتیں اپنا بہترین لباس پہنے ان کا نظارا کریں گے —

تمہیں یہ چیزیں بہت مدھم اور معلوم ہوتی ہیں، ہاں، پہلے زمانے میں یہاں بھی معانی چیزیں ہوا کرتی تھیں۔ اب تو یہ لوگ اپنی زندگیوں کی تاریکی کا منہ چڑاتے ہیں۔ ان روشنیوں اور زرق برق لباسوں میں تمہیں مسخ شدہ چہرے، اور طرح طرح کے مریض دکھائی دیں گے۔ روشنی میں

ہماچہرہ عریاں دکھائی دیتی ہے۔ اسی لئے مجھے شام کے دھندلکے کی روشنی پسند ہے، سگرٹ کے دھوئیں کی مانند ——

نیا سگرٹ سلگاؤں، چائے اور سگرٹ کا امتزاج بڑی کیف آور چیز ہے، اں سلگاؤ، میں بھی سلگاؤں گا، مجھے سگرٹ نوشی کی کوئی خاص عادت نہیں، کبھی کبھی جب سے میز زیادہ روشنی ہو یا میرے ساتھ کوئی سفید لڑکی بیٹھی ہو تو میں سگرٹ سلگا لیا کرتا ہوں تاکہ روشنی کو اس کے سلیٹی دھوئیں سے رنگ سکوں، اور میں سگرٹ کو جلا کے سلگنے کے لئے انگلیوں میں تھامے رکھتا ہوں،

دیا سلائی کی روشنی میں تمہارا چہرہ جگمگا سا اٹھا ہے، جیسے یہ شعاعیں خود تمہارے چہرے سے نکل رہی ہیں۔ یہی چیزیں ہیں جن کی وجہ سے میں سگرٹ کو اچھا سمجھتا ہوں ورنہ اس میں کوئی خاص بات نہیں، میرے کمرے کی نیم تاریکی میں ایک لمحے کے لئے ایک شعلہ سا چمک اٹھتا ہے جیسے زندگی میں کبھی کبھی کہیں کہیں امید سر اٹھاتی ہے، ایک حسین چہرہ جگمگاتا ہے، دو ارغوانی لب دکھائی دیتے ہیں اور میرا دماغ پھر اپنے دھندلکوں میں گم ہو جاتا ہے اور سگریٹ آہستہ آہستہ دھواں بکھیرتا رہتا ہے۔ جیسے زندگی سلگتی رہتی ہے —— اور جب اس کی بے رنگی سے تنگ آتا ہوں تو ایک آدھ کش لگا لیتا ہوں —— سگریٹ فضا کو رومانی بنانے میں مدد دیتا ہے۔ اس کی مدد سے انسان خود کو کامیاب دھوکا دے سکتا ہے اور یوں تو ہر رومان دھوکا ہوتا ہے، تم رنگوں کے رومان ہی کو لیجیے اس دھوکے میں کہ وہ امریکن اسے ساتھ لے جائے گا اس سے دوستی بڑھا رہی ہے اور وہ امریکن خود کو دھوکا دینے کے لئے اس پر بے دریغ روپیہ خرچ کرتا ہے اور یونہی اس بنگالی کو سہمی لڑکی فوراً کا رومان جو ریڈیو پر بنگالی سنگیت کا پروگرام سننے کی خاطر وہاں کے ایک آدمی سے راہ و رسم پیدا کر رہی ہے ——

تم ہنس رہی ہو اور اس ہنسی سے تمہاری معصومیت میں ذرا فزائشی شامل ہو رہی ہے، تمہارے سپید دانت چمک رہے ہیں، دو حسین شفاف موتیوں کی قطاریں، تم مسکراتی ہوئی ایسے ہی نظر آ رہی ہو جیسے "For whom the bell tolls" فلم میں انگرڈ —— انگرڈ بھی اچھی لڑکی ہے، تمہیں پسند ہے نا! اس میں بڑی معصومیت پائی جاتی ہے —— مگر ہیڈی لمار کی اور بات ہے، یہ تصویر میں نے پچھلے ہی دنوں اس کی نئی فلم دیکھنے کے بعد خریدی تھی اور مجھ سے میرے کئی ایک دوست اس کے متعلق پوچھ چکے ہیں، ایک آدھ نے تو اڑا لے جانے کی دھمکی بھی دی ہے مگر میں اسے کسی کو لے جانے نہ دوں گا۔ مجھے اس کی یہ تصویر بیحد پسند ہے ——

لیکن تم بھی اس سے کم حسین نہیں ہو، تمہارے یہ ریشمیں سنہرے بال، یہ کتابی چہرہ، یہ جھکی جھکی معصوم نگاہیں، یہ پتلے پتلے نقش اور یہ نازک عنابی ہونٹ اور معصوم مسکراہٹ اور بھولی باتیں —— جانے سے پہلے تم مجھے اپنی ایک تصویر دے جانا، میں اسے اس تصویر کے سامنے لگا دوں گا!

تمہارا خیال ہے میں یہ سب خوشامد کے طور پر کہہ رہا ہوں، رومان دھوکا ——! نہیں میکا رتھی! تمہیں یہ معلوم ہے میں انگریزوں سے نفرت کرتا ہوں، مگر پھر بھی تم کس قدر معصوم ہو —— حسین اور معصوم۔

اندریف
ترجمہ: عبدالرحیم شبلی

اور وہ ہنستی رہی!

ساڑھے چھ بجے مجھے یقین تھا کہ وہ ضرور آئے گی۔ اور میں اضطراب انگیز مسرت محسوس کر رہا تھا۔ میرا اوور کوٹ جس کا صرف اوپر کا بٹن بند تھا ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں سے پھڑپھڑا رہا تھا۔ لیکن مجھے سردی محسوس نہیں ہو رہی تھی۔ میں نے سر پر سکول کے بچوں کی سی ٹوپی پہن رکھی تھی۔ اور اسے میں نے پیچھے کی طرف کھسکا کر ذرا ٹیڑھا کر لیا تھا۔ میری گردن غرور سے اکڑی ہوئی تھی۔ اور میں راہگیروں کو اس طرح دیکھ رہا تھا۔ جیسے اُن پر احسان جتا رہا ہوں یا جیسے اُن پر اپنے دکھاوے کی بہادری کا رعب ڈال رہا ہوں۔ لیکن عورتوں کو میں لجاجت اور پیار کی نگاہوں سے دیکھ رہا تھا۔ حالانکہ مجھے اس عورت کی محبت میں مبتلا ہوئے ابھی چار دن بھی نہ گزرے تھے۔ میں اتنا نوجوان اور دل پھینک واقع ہوا تھا کہ دوسری عورتوں سے بھلے پیار رہنا میرے لئے ممکن نہ تھا۔ میں تیز تیز قدموں سے، بہادرانہ انداز میں آگے بڑھ رہا تھا۔ لیکن میری چال سے لاأبالی پن کا اظہار ہو رہا تھا۔

پونے سات بجے میرے اوور کوٹ کے اوپر کے دو بٹن بند ہو گئے۔ اور میں صرف عورتوں کی طرف دیکھنے لگا —— لیکن پیار کی نظروں سے نہیں، نفرت آلود نگاہوں سے —— میں صرف ایک عورت کو دیکھنا چاہتا تھا۔ باقی سب عورتیں بے شک بھاڑ میں جاتیں۔ کیونکہ وہ میرے رستے میں حائل تھیں۔ لیکن یہ سب عورتیں اُس ایک عورت سے کچھ اتنی مشابہ تھیں کہ میری خود اعتمادی متزلزل ہو گئی۔ اور میں شک و شبے میں پڑ گیا۔

سات بجنے میں پانچ منٹ تھے کہ مجھے گرمی محسوس ہوئی۔
سات بجنے میں دو منٹ تھے کہ میرا بدن ٹھنڈا پڑنے لگا۔
ٹھیک سات بجے مجھے یقین ہو گیا کہ وہ نہیں آئے گی۔

ساڑھے آٹھ بجے میں حسرت و یاس کا پیکر بن چکا تھا۔ میرے اوور کوٹ کے تمام بٹن بند تھے، کالر اوپر اٹھا دیا گیا تھا، اور ٹوپی کھینچ کر ناک پر رکھ لی گئی تھی۔ کیونکہ ناک کی پھنگل سردی سے نیلگوں ہو رہی تھی۔ میرے بال، میری ناک مونچھیں، اور میری پلکیں برف کی وجہ سے سفید ہو چکی تھیں۔ اور میرے دانت کٹکٹا رہے تھے۔ میرے گھسٹ کر چلنے اور جھکی ہوئی کمر سے خیال ہو سکتا تھا کہ کوئی بہت بوڑھا اپنے دوستوں سے مل کر "گھر" کو واپس جا رہا ہے۔

یہ تبدیلی اُسی ایک عورت کے باعث ظہور میں آئی تھی۔ ہائے کمبخت! —— لیکن نہیں، مجھے ایسا نہیں کہنا چاہیے۔ ممکن ہے اُسے آنے کی اجازت نہ ملی ہو۔ یا ممکن ہے وہ بیمار ہو۔ یا ممکن ہے مر ہی چکی ہو —— مر چکی ہے؟ ہائے۔ اور میں اسے برا بھلا کہہ رہا ہوں!

"شاہدہ بھی آج رات وہیں ہوگی" میرے ایک ہم جماعت نے کہا۔ وہ یقیناً میرا دشمن نہیں تھا۔ کیونکہ اُسے کس طرح معلوم ہو سکتا تھا کہ میں اس سردی میں سات بجے سے ساڑھے آٹھ بجے تک شاہدہ ہی کی راہ دیکھ رہا ہوں۔

"واقعی؟" میں نے پوچھا۔ لیکن دل ہی دل میں کہہ اُٹھا۔ "ہائے کمبخت!"

وہ پروفیسر ناہری کی دعوت پر شام کے وقت وہیں ہوگی۔ میں پروفیسر کے گھر کبھی نہیں گیا تھا۔ لیکن میں نے اُسی وقت فیصلہ کر لیا کہ خواہ کچھ ہو آج رات اُس کے گھر ضرور جاؤں گا۔

"حضرات!" میں نے خوشی میں آ کر کہا۔ "آج کرسمس کی رات ہے۔ آج ہر شخص خوش ہے۔ آؤ ہم بھی خوشی منائیں۔"

"لیکن کس طرح؟" ایک ہم جماعت نے افسردگی کے لہجے میں پوچھا۔

"لیکن کہاں؟" دوسرے نے پوچھا۔

"آؤ۔ ہم بھیس بدل لیں۔ اور آج رات شہر کی تمام دعوتوں میں شریک ہوں" میں نے تجویز پیش کرتے ہوئے کہا۔

اس مشورے کو خوشی کے نعروں کے درمیان فوراً قبول کر لیا گیا۔ لڑکے نہ صرف خوشی کے مارے ناچنے گانے اور شور مچانے لگے۔ بلکہ اُنھوں نے میری تجویز کا شکریہ بھی ادا کیا۔ ہمارے پاس جتنے پیسے تھے وہ سب یکجا کر لئے گئے۔ اور آدھ گھنٹے کے اندر اندر ہم شہر کے رقص و موسیقی کے بازاروں میں گھومنے لگے۔ ہم شریر بچوں کی طرح ناچ رہے تھے۔ اور ناچتے ناچتے ہم پوشاک فروش کی دکان میں جا گھسے۔ یہاں کی فضا مات کی ہنسی اور قہقہوں سے معمور تھی۔

میں کوئی ایسا لباس چاہتا تھا۔ جو سیاہ رنگ کا ہو، خوبصورت ہو، اور اُس میں افسردگی کی جھلک پائی جائے۔ میں نے پوشش ساز سے کہا کہ مجھے اسپینی امیرزادے کا لباس دے دو۔

لیکن جو پوشاک مجھے ملی وہ کسی طویل القامت امیرزادے کی معلوم ہوتی تھی۔ کیونکہ اُسے پہنتے ہی میں نظروں سے غائب ہو گیا۔ اور مجھے یوں محسوس ہوا جیسے میں ایک بہت بڑے خالی کمرے میں تنہا کھڑا ہوں۔ میں نے بہروپ اُتار پھینکا۔ اور کوئی دوسری پوشاک طلب کی۔

"کسی مسخرے کے کپڑے دے دوں؟ لہریا رنگ کے ہوں گے۔ اور اُن کے ساتھ گھنٹیاں بھی لگی ہوں گی" دکاندار نے پوچھا۔

"مسخرے کے کپڑے؟" میں نے نفرت آلود لہجے میں کہا۔

"اچھا ڈاکو کے کپڑے دے دو۔ اور اُن کے ساتھ ایک ہیٹ اور خنجر بھی ہو۔"

خنجر ایسی چیز در اصل میری اُس وقت کی ذہنی کیفیت کے عین مطابق تھی۔ لیکن بدقسمتی سے جس ڈاکو کے کپڑے مجھے پہنا دیئے گئے۔ وہ بہت کمسن معلوم ہوتا تھا۔ ممکن ہے آٹھ برس کی عمر ہی میں وہ "بگڑا ہوا بچہ" کہلاتا ہو۔ اُس کی ٹوپی مجھے پوری نہ آتی تھی۔ اور جب میں نے اُس کا تنگ پاجامہ پہنا تو وہ اتنا تنگ نکلا کہ مجھے چھیل کر اُتارنا پڑا۔ پھر مجھے ایک نوکر کے کپڑے دیئے گئے۔ لیکن وہ کوئی کام کے نہیں تھے۔ ان پر جگہ جگہ دھبے پڑے ہوئے تھے۔ اس کے بعد ایک راہب کے کپڑے دیکھے تو ان میں بڑے بڑے سوراخ تھے۔

"بھئی۔ کیا کر رہے ہو؟ جلدی کرو۔ دیر ہو رہی ہے" میرے ساتھی اپنا اپنا سوانگ بھر کر چلانے لگے۔ اب دکان میں صرف ایک پوشاک باقی رہ گئی تھی۔ اور وہ چین کے کسی نواب زادے کی تھی۔

"مجھے چینی کے کپڑے دے دو۔" میں نے ہاتھ ہلاتے ہوئے کہا۔ اور پوشاک مجھے مل گئی۔ مجھے احمقانہ رنگ دار سلیپروں کا ذکر کرنے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ وہ اتنے چھوٹے تھے۔ کہ میرے نصف پاؤں بھی اُن میں بمشکل سما سکتے تھے۔ اسی طرح گلابی رنگ کی ٹوپی کا ذکر بھی بے سود ہے۔ کیونکہ اس کی ڈوری کو کانوں سے باندھنا پڑتا تھا اور اسے پہن کر میں بالکل ہونق معلوم ہو رہا تھا۔

اس کے بعد نقاب کی باری آئی۔ بس نقاب کی کچھ نہ پوچھیے۔ اس میں ناک بھی تھی۔ آنکھیں بھی تھیں۔ ایک منہ بھی تھا۔ اور سب اعضا اپنی اپنی جگہ بالکل ٹھیک تھے۔ لیکن اُن میں انسانیت کہیں نظر نہ آتی تھی۔ نقاب کیا تھی؟ ایک عجیب سا مصنوعی چہرہ تھا۔ جو اتنا پُرسکون اور سنجیدہ دکھائی دیتا تھا کہ قبر میں بھی انسان اتنا پُرسکون اور سنجیدہ نہیں ہو سکتا۔ اس کی صورت سے نہ تو خوشی کا اظہار ہوتا تھا، نہ غم کا — بلکہ سچ پوچھئے تو کسی جذبے کا بھی اظہار نہیں ہوتا تھا۔ نقاب کی آنکھیں سیدھی آپ کی طرف دیکھ رہی تھیں۔ اور آپ اس کے خدوخال دیکھ کر ہنسے بغیر نہیں رہ سکتے تھے۔ جب میں نے نقاب چہرے پر اوڑھی تو میرے ساتھی ہنستے ہنستے صوفے پر دوہرے ہو گئے اور ہاتھ ہلا ہلا کر قہقہے لگانے اور کرسیوں پر گرنے لگے۔

"یہ بالکل نئی چیز ہے۔" انہوں نے یک زبان ہو کر کہا۔ غم کے مارے میرا بُرا حال تھا۔ لیکن جب میں نے آئینہ میں اپنا منہ دیکھا تو میں بھی ہنسی ضبط نہ کر سکا۔ واقعی یہ بالکل نئی چیز تھی۔

"ہمیں قسم کھا لینی چاہیئے۔ کہ ہم کسی حالت میں بھی اپنی نقاب نہیں اُتاریں گے" ایک لڑکے نے دُکان سے باہر نکلتے ہی کہا۔ "ہمیں اپنی عزت کی قسم"

"ہمیں اپنی عزت کی قسم۔ ہمیں اپنی عزت کی قسم" ہم سب ایک ساتھ بولے۔

واقعی چہرے کی یہ نقاب بڑی عجیب چیز تھی۔ تماشائیوں نے میرا تعاقب کیا' مجھے چاروں طرف سے گھیر لیا۔ میرا مذاق اُڑایا' مجھ پر قہقہے لگائے' میری چٹکیاں لیں۔ اور جب میں تنگ آگیا تو میں نے غضبناک ہو کر ہجوم کی طرف دیکھا۔ لیکن ایک ناقابلِ ضبط قہقہے نے میرا استقبال کیا۔ رستے میں بھی ہنسی کا طوفان برابر اُٹھتا رہا۔ اور میں پیچ و تاب کھاتا رہا۔ لیکن اس مجنونانہ کھلکھلاہٹ کی جھنکار سے میں پیچھا کیوں کر چھڑا سکتا تھا؟ بعض اوقات میں بھی موج میں آجاتا تھا۔ میں شور مچانے لگا! گانے لگا' اُچھلنے لگا۔ اور مجھے ساری دنیا گھومتی ہوئی نظر آنے لگی۔ جیسے میں نے بے تحاشا پی لی ہو۔

ان سب باتوں کے باوجود یہ شور و شغب مجھ سے کتنا دور تھا — ! میں نقاب کے نیچے اپنے آپ کو تنہا محسوس کر رہا تھا۔

آخر تماشائیوں نے میرا تعاقب چھوڑ دیا۔ میں پروفیسر زاہدی کے گھر پہنچ گیا۔ اور اُس لڑکی سے میری ملاقات ہوئی! میں اُس کی طرف لگاتار دیکھتا رہا۔ میرے دل میں یکے بعد دیگرے غصّے اور خوف' ناراضی اور محبت کے جذبات پیدا ہوتے رہے۔

"یہ میں ہوں!" میں نے سرگوشی کرتے ہوئے کہا۔

اس کی موٹی موٹی پلکیں آہستہ آہستہ اوپر اُٹھیں۔ اس نے حیرت سے میری طرف دیکھا۔ اس کی تاریک آنکھوں کے ترکش سے نگاہوں کے سارے تیر نکل کر مجھ پر برس پڑے — اور اچانک وہ ہنسنے لگی۔ وہ بے تحاشا ہنس رہی تھی۔ جیسے بہار کا سُرخ پھول رہا ہو۔

"یہ میں ہوں۔ یہ میں ہوں" میں نے دوبارہ کہا۔ اور مسکرانے لگا۔ "آج شام تم آئی۔ کیوں نہیں؟"

لیکن وہ ہنس رہی تھی۔ ہنسے جا رہی تھی۔ لگاتار قہقہے لگا رہی تھی۔

میں تھک گیا ہوں۔ میرے دل میں درد ہو رہا ہے۔" میں نے ملتجیانہ لہجے میں کہا کہ شاید وہ میری بات کا جواب دے سکے۔

لیکن وہ پاگلوں کی طرح ہنستی رہی۔ اس کی تاریک آنکھوں کی چمک مدھم پڑ گئی۔ اور اس کی کھلکھلاہٹ واضح سے واضح تر ہونے لگی۔ بے شک وہ بہار کے مسکراتے ہوئے سورج کی مانند نظر آ رہی تھی۔ لیکن یہ سورج جھلسا دینے والا اور ظالم تھا۔

"تمہیں کیا ہو گیا ہے؟" میں نے تنگ آ کر کہا۔

"یہ تم ہو؟" اُس نے ہنسی ضبط کرتے ہوئے کہا۔ "تم کیسے مضحکہ خیز نظر آتے ہو!"

میرے کندھے جھک گئے اور میں نے اپنا سر خم کر لیا۔ میرا چہرہ درد سے اینٹھنے لگا۔ وہ منہ پھیر کر ان نوجوانوں کو دیکھنے میں مصروف ہو گئی۔ جو ہنستے کھیلتے ہمارے پاس سے گزر رہے تھے اُس کے چہرے پر جیسے ہنسی کی شفق غروب ہو رہی تھی۔

"یوں ہنسنا تو بڑی بے حیائی ہے" میں نے آخر کہہ ہی دیا۔ "کیا تم نہیں جانتی ہو کہ اس نقاب کے نیچے ایک جیتا جاگتا افسردہ چہرہ ہے؟ میں نے تو محض تمہارے دیکھنے کے بہانے اسے پہن لیا تھا۔ تم نے مجھے اپنی محبت کی اُمید دلائی تھی۔ لیکن اب اتنی جلدی اور اس ظالمانہ طریقے سے اُسے خاک میں ملا رہی ہو؟ تم شام کو آئی کیوں نہیں؟"

وہ جلدی سے میری طرف متوجہ ہوئی۔ جیسے اُس کے مسکراتے ہوئے ہونٹوں پر جواب مچل رہا ہے۔ لیکن مجھے دیکھتے ہی وہ کھلکھلا

ہنس پڑی۔ اُس نے اتنے قہقہے لگائے کہ وہ ہانپنے لگی۔ اور اُسے سانس لینا دشوار ہو گیا۔ اُس کی ہنسی تقریباً ایک چیخ بن گئی۔ اُس نے اپنا چہرہ زرتار معطر رومال سے ڈھانپ لیا۔ پھر اُس نے بڑی مشکل سے جواب دیتے ہوئے کہا۔

"ذرا اپنی شکل تو دیکھو۔ وہ سامنے آئینہ پڑا ہے۔ ذرا منہ پھیر کر اس میں دیکھو تو سہی۔ واللہ۔ کیا چہرہ پایا ہے!"

میں نے اندرونی کرب سے بے تاب ہو کر اپنے ابرو سکیڑ لیے۔ دانت کچکچائے۔ مجھے یوں محسوس ہوا جیسے میرا چہرہ ٹھٹھر کر منجمد ہو گیا ہے اور اس پر ایک مرگ آسا زردی رینگ رہی ہے۔ میں نے آئینہ میں دیکھا ــــ ایک احمقانہ سکوت، ایک بے حس و حرکت الاؤ بالیاد، غیر انسانی اور غیرت متحرک مصنوعی چہرہ مجھے گھور رہا تھا ــ میں بے اختیار ہنس پڑا ــ اور ابھی میرا قہقہہ فضا میں گونج رہا تھا کہ میں نے بڑھتے ہوئے غصے کے زیرِ اثر کانپتے ہوئے اور یاس انگیز جنون میں تقریباً چیختے ہوئے کہا۔

"تم کیوں ہنس رہی ہو؟"

وہ خاموش ہو گئی۔ میں محبت آمیز سرگوشی میں اُس سے باتیں کرنے لگا۔ اس سے پہلے میں نے کبھی اتنی لجاجت سے گفتگو نہیں کی تھی۔ کیونکہ اس سے پہلے مجھے اتنی گہری محبت کا احساس بھی نہیں ہوا تھا۔ میں نے اُسے بتایا کہ مجھے انتظار سے کتنی کوفت ہوئی ــ اور میں نے جنونانہ حسد و رشک اور روحانی اذیت سے بیقرار ہو کر کس طرح خون کے آنسو بہائے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ اُس کی پلکیں جھک گئی ہیں ــ اور ان کا سایہ اُس کے پژمردہ رخسار پر پھیلا رہا ہے۔ پھر میں نے دیکھا کہ جو آگ اُس کے سینہ کے اندر دہک رہی تھی۔ اُس کے سرخ شعلوں کا عکس اُس کے بے رونق چہرے میں جھلک رہا ہے۔ اور میں نے یہ بھی دیکھا کہ اُس کا نرم و نازک بدن بے اختیار میری طرف جھک رہا ہے ــ!

اُس نے "ملکۂ شب" کا لباس پہن رکھا تھا۔ جس میں وہ ایک چیستاں معلوم ہوتی تھی۔ سیاہ رنگ کے لبادے میں وہ یوں دکھائی دے رہی تھی جیسے اُس نے تاریکی اوڑھ رکھی ہو۔ وہ ستاروں کے جھرمٹ میں چاند کی طرح ضیا افروز تھی۔ وہ بچپن کے بھولے بسرے خواب کی طرح حسین نظر آ رہی تھی۔ اس کے باوجود میں بولتا رہا۔ میری آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ اور میرا دل وفورِ مسرت سے دھڑکنے لگا۔ اور آخر میں نے دیکھ لیا ــــ میں نے دیکھا کہ ایک ہلکی سی کریہانہ مسکراہٹ کے زیرِ اثر اُس کے لب نیم وا ہو گئے ہیں۔ اور اس کی پلکوں میں ایک غیر مرئی لرزش پیدا ہوئی ہے۔ اس نے آہستہ آہستہ لیکن پورے غور کے ساتھ آنکھیں اوپر اٹھائیں۔ اپنا ننھا سا منہ میری طرف کیا اور ــــ میں نے آج تک اس قسم کا قہقہہ نہیں سنا۔ وہ ہنسی سے لوٹ پوٹ ہو رہی تھی۔

"نہیں۔ نہیں۔ میں ایسا نہیں کر سکتی!" وہ جیسے کانپتے ہوئے بولی۔ اور بے اختیار ہنسنے لگی۔

کاش اُس وقت ایک ہی ثانیہ کے لئے میرا چہرہ انسانی ہو سکتا۔ میں نے اپنے ہونٹ دانتوں تلے دبا لئے۔ میرے دہکتے ہوئے رخساروں پر آنسو بہہ رہے تھے۔ اور وہ احمقانہ مصنوعی چہرہ جس کی ہر چیز ــــ ناک، آنکھیں اور ہونٹ ــ اتنی پُرسکون، سنجیدہ اور تغافل شعار نظر آتی تھی ــــ صدرجہ بے ہودہ معلوم ہونے لگا۔ میں رنگدار سلیپروں پر اچھل کر کھڑا ہو گیا۔ اور لنگڑاتے ہوئے بھاگ نکلا۔ لیکن اُس کے گونجتے ہوئے قہقہے میرا تعاقب کر رہے تھے جیسے اثیری بلندیوں سے کھنکتی ہوئی چاندی کا دھارا بہہ کر ایک مضبوط چٹان سے ٹکرا رہا ہو۔

ہم خوابیدہ بازاروں میں پھیل گئے۔ اور رات کی خاموشی کو اپنی گھبرائی ہوئی بلند آوازوں سے جگاتے ہوئے اپنے گھروں کو روانہ ہوئے۔ میرے ایک ساتھی نے کہا۔

"تم خوب کامیاب رہے ہو۔ میں نے آج تک لوگوں کو اس طرح ہنستے نہیں دیکھا۔ حوصلہ کرو۔ تم کیا کر رہے ہو؟ نقاب کیوں پھاڑ رہے ہو؟ دیکھنا بھائیو۔ یہ کہیں پاگل تو نہیں ہو گیا۔ ارے دیکھو، وہ اپنے لباس کو پھاڑ رہا ہے .... وہ رو رہا ہے!"

ابوسعید قریشی

ایک رات

(ریڈیائی روپک)

(موسیقی ..... سنجیدہ اور طویل جس سے تاریکی کا احساس ہو)

راوی ۱ :- ایک رات ..... لیکن شاعر کی رات نہیں۔

راوی ۲ :- متفکر مدھ بھرے، سرمئی آنکھوں — چھایا پیتی کی امنگ اور جگنوؤں کے آویزوں والی رات نہیں

راوی ۱ :- بلکہ اس دنیا کی ایک رات۔

راوی ۲ :- بہتے وقت کا سایہ ..... انسانوں کی دنیا پر اندھیارے کی پرچھائیاں۔

راوی ۱ :- لیکن ان پرچھائیوں میں اور پرچھائیاں نظر آ رہی ہیں — گہری اور کالی، آسمان کو چیرتی ہوئی اور زمین پر رینگتی ہوئی۔

راوی ۲ :- یہ انسانوں کے گھر ہیں۔ اونچی اونچی ماڑیاں۔ اور نیچے نیچے گھروندے۔

راوی ۱ :- ماڑیوں کے چہروں پر روشنی کے چاک چمک رہے ہیں۔ اور گھروندوں کے سینوں پر اندھیرے کے داغ دکھائی دے رہے ہیں۔

راوی ۲ :- آئیے دیکھئے اور سنئے کہ ان روشن آنکھوں والی ماڑیوں اور اندھے گھروندوں کے اندر کیا ہو رہا ہے۔

راوی ۱ :- آئیے، دیکھئے اور سنئے۔ (موسیقی ..... نومولود بچے کے رونے کی آواز — کھسر پھسر اور بین کرنے کی آوازیں)

ایک بڑھیا :- (بین کرتی ہوئی) ہائے ری بٹیا تو کہاں چلی گئی۔ تجھے جانا تھا تو مجھے بھی ساتھ لے جاتی۔ ہائے ری میری لاڈلی

ایک نوجوان عورت :- صبر کرو چاچی صبر کرو۔ بھگوان کو یہی منظور تھا۔

بڑھیا :- بھگوان ..... ارے میرا گھر اجڑ گیا اور تو کہتی ہے بھگوان میری کوکھ خالی ہو گئی۔ اور تو کہتی ہے بھگوان کو یہی منظور تھا۔ کہاں ہے وہ تیرا بھگوان ذرا میں بھی تو پوچھوں کہ میری لاڈلی کو لے کر اس کے ہاتھ کیا آ گیا ..... بھگوان۔

ایک جوان مرد :- (بڑھیا کا داماد مرنے والی کا شوہر، روتی ہوئی آواز میں) ایسا نہ کہو ماسی ایسا نہ کہو۔ ایسا کہنا پاپ ہے۔

بڑھیا :- (قدرے سنبھل کر لیکن غصے سے ہانپتے ہوئے) پاپ ہے ..... پاپ ہے۔ اور کسی کی کوکھ خالی کر دینا پاپ نہیں — پر تجھے کیا۔ تو تو کل کو دوسری لے آئے گا۔ گھاؤ تو میرے لگا ہے۔ (سینہ کوٹتی ہے) یا اس کے (بچے کے رونے کی آواز) جس کی ماں مر گئی۔ اور تو کہتا ہے پاپ ہے ..... (بین اور بچے کے رونے کی آواز)

سادھو :- پاپ ہے جیون مرن سب پاپ ہے۔ مایا ہے سب مایا۔ یہ گورے گورے گال یہ کالے کالے بال، مایا ہے سب مایا۔ جو کچھ تو دیکھتا ہے وہ نہیں۔ جو کچھ تو نہیں دیکھتا وہ ہے۔ — سادھو ایک سو سال سے چلا رہا ہے۔ لیکن بہرے نہیں سنتے۔ ایک سو سال سے گھر گھر گھوم کر چیخ رہا ہے۔ مگر مورکھ نہیں سمجھتے۔ سمجھ جاؤ مورکھو اب بھی سمجھ جاؤ۔

شہ باز ۱ :- سنا تم نے سادھو مہاراج نے کیا کہا۔

شہ باز ۲ :- ہاں، اور انہوں نے یہ بھی کہا کہ سمجھ جاؤ۔ مورکھو اب بھی سمجھ جاؤ ......

شہ باز ۱ :- تو اس کا کیا مطلب نکلا۔

شہ باز ۲ :- یہی کہ سو نمبر گھوڑے پر بازی لگاؤ۔

شہ باز ۱ :- (ہاتھ پر ہاتھ مار کر) ہاں! ...... بات ہے! اب سمجھ کر دن پھر گئے۔

شہ باز ۲ :- اب چھوا کا سارا زیور بکا بکایا۔ گہنا [illegible])

شہباز نمبر ۱:- کیا خبر تھا بھلا۔

شہباز نمبر ۲:- تو۔

شہباز نمبر ۱:- ہاں۔ اب تو بھول جائیے۔

شہباز نمبر ۲:- نہیں۔ نہیں اب نہیں بھول سکتا ..... تو .....

شہباز نمبر ۱:- (بے یقینی سے) ہاں، مگر سنو تو اس کا مطلب یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ ایک نمبر کے گھوڑے پر بازی لگاؤ — بتیاں صرف دھوکہ دینے کے لئے ہوں۔

شہباز نمبر ۲:- ہاں، یہ بھی ہو سکتا ہے۔

شہباز نمبر ۱:- اور یہ بھی ممکن ہے۔ کہ صرف ایک ہی بتی دھوکہ کے لئے جلی ہو اور ایک سچی ہو۔ (یعنی دس اور دس نمبر گھوڑے پر بازی لگاؤ۔

شہباز نمبر ۲:- ہاں یہ بھی ممکن ہے یوں بھی اور یوں بھی۔

شہباز نمبر ۱:- کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ (موسیقی جس سے الجھن کا پتہ چلے)

شہباز نمبر ۲:- ہاں کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ (موسیقی اور بھی تیز ہو جائے اور چند سیکنڈ تک مختلف ساز الگ الگ اور بے سرے بجیں۔ اس کے بعد سنبھل جائیں اور پھر وہی سنجیدگی)

سلیم:- (ایک ہرجائی مرد) کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ لیکن نہیں تم مجھے اس طرح نہیں ٹال سکتیں۔ وعدہ کرو زمرد وعدہ کرو۔ کہ تم مجھ سے شادی کر لوگی۔

زمرد:- (ایک طوائف) ہم لوگ وعدے نہیں کیا کرتے سلیم۔

سلیم:- نہیں! تمہیں وعدہ کرنا ہوگا! وہ مر رہی ہے۔ دق سے مر رہی ہے اور جب وہ مر جائے گی تو میرا کیا ہوگا۔

زمرد:- (زیرِ خند) ..... اب اس کی طرح مجھے بھی مار ڈالنے کا ارادہ ہے کیا؟

سلیم:- یوں نہ کہو زمرد، یوں نہ کہو۔ تم اچھی طرح جانتی ہو کہ تم مجھے جان سے زیادہ عزیز ہو۔

زمرد:- تمہاری بیوی بھی تو کبھی اتنی ہی عزیز ہوگی۔

سلیم:- لیکن وہ مر رہی ہے۔ تم سمجھتی نہیں وہ مر رہی ہے۔

زمرد:- اور تم اسے قبر میں دھکا دینا چاہتے ہو۔ میں طوائف ہی سہی لیکن اتنی بے رحم نہیں کہ ایک ہرجائی مرد کی بیمار بیوی کو جیتے جی قبر کا ڈھول — اور ..... اور پھر ضمیر کے کوسنے سہنے کہ اس کی جگہ تمہارے گھر میں بند ہوں۔ اللہ نہ کرے کہ ایسا دن آئے۔

سلیم:- میں تمہیں یقین دلاتا ہوں زمرد کہ تمہیں کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔ میری بیوی کو تم تھوڑی ہی مار رہی ہو۔ وہ تو خود ہی مر رہی ہے۔ اس میں تمہارا میرا یا کسی اور کا کیا قصور ہے۔ تمہارا ضمیر تمہیں کیوں کوسے گا۔ ہاں جانِ زمرد۔ وعدہ کرو میرے ہاں تمہیں کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔ تم میرے دل کی ملکہ بن کر میرے گھر پر راج کرو گی۔

زمرد:- (طنزاً) تمہارا راج تمہیں کو مبارک ہو۔ مجھے اس کی خواہش نہیں۔ تم ایسے شرفا کی مہربانیوں سے میری عمر بیت گئی ہے۔ بڑے سے بڑا سیٹھ، بڑے سے بڑا راجہ اور بڑے سے بڑا جاگیردار میرے ہاں آتا ہے۔ اور میری دہلیز پر ناک رگڑتا ہے۔ دولت، شہرت۔ ذرا جا کر مجھے کیا میسر نہیں کہ میں کسی دوسری زندگی کی خواہش کروں۔

سلیم:- لیکن محبت زمرد۔ محبت۔ میں تمہیں اپنی محبت پیش کرتا ہوں

زمرد:- اب مجھے ہنسی آنے لگی ہے۔ جب تم جیسا جہاں دیدہ مرد ایک تجربہ کار طوائف کو محبت کے معنی سمجھانا چاہے تو .....

سلیم:- میں تمہاری ہر خواہش پوری کروں گا زمرد۔

زمرد:- اور جب مجھے دق ہو جائے گی تو کسی اور کی طرف متوجہ ہو گے! تم ایسے مردوں کے دیدے کبھی نہیں بھرتے۔ تم نے جب اپنی بیاہتا بیوی کو دغا دیا تو مجھ ایک بازاری عورت کو کیا جانو گے۔

سلیم:- کچھ سمجھ میں نہیں آتا نہ جانے تم اتنی ہٹ دھرمی کیوں کر رہی ہو۔ حالانکہ تم خوب جانتی ہو کہ میں تمہیں کس قدر چاہتا ہوں۔ مجھے تمہارے حسن کی قسم زمرد اگر تم نے میری التجا ٹھکرا دی تو میں مر جاؤں گا۔ میں تمہارے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔

زمرد:- (ہنستی ہے) کوئی نئی بات کہئے سلیم صاحب۔ یہ دھمکی تو مجھے بیسیوں نے دی لیکن مرا تو ایک نہیں۔ ایک بزرگ وار نے

تو اسپرٹ پی کر جان دینی چاہی تھی لیکن وہ شراب کے عادی تھے حلق سے اتری تو اور بھی ہوشیار ہو گئے اور کہنے لگے کہ فدی ایک بوتل شراب تو منگا دینا میرے پاس پیسے نہیں ہیں (ہنستی ہے)

سلیم :- خدارا اتنی بے رحم نہ بنو زمرد۔ یہاں جان پر بنی ہے۔ اور تمہیں مذاق کی سوجھ رہی ہے۔ تنہائی کے خوف سے میرا دل بیٹھا جا رہا ہے زمرد! تم انکار کر رہی ہو اور وہ مر رہی ہے۔ خدا حقیقت کی روشنی میں میرے گھر کی ویرانی کا تصور کرو۔ اور پھر کہو کہ تمہارا منہ کہاں تک حق بجانب ہے۔ لیکن شاید تم نہیں جان سکتیں کہ اکیلے پن کسے کہتے ہیں۔ تم ... تم .....

زمرد :- (ایک اداس قہقہہ لگاتی ہے اور پھر طنزیہ لیکن غمگین انداز میں) تم ٹھیک کہہ رہے ہو۔ مجھے اکیلے رہنے کا کیا علم۔

(موٹر کے ہارن کی مبہم آواز کسی خاص قسم کے موٹر کے ہارن کی آواز)۔

اے لو سیٹھ لکھی رام کی کار بھی آ گئی۔ اب میں چلتی ہوں۔

سلیم :- لیکن جانے سے پہلے اتنا بتاتی جاؤ کہ میں کیا کروں؟

زمرد :- گھر جاؤ اپنی بیوی کی تیمارداری کرو اور اپنی مغفرت کے لئے خدا کی بارگاہ میں دعا کرو۔ میں بھی تمہارے لئے دعا کروں گی۔

(وقفہ)

سلیم :- (آہ بھرتے ہوئے) اللہ جانے اب میرا کیا بنے گا ..... کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ کیا میں بالکل اکیلا رہ جاؤں گا۔ (صرف عاشقوں پر مبہم ... اور تشنگی میں بعد اور ساز بھی شامل ہو جائیں)۔

(موسیقی ابھرے اور مدھم ہو جائے۔ کنڈی کھٹکھٹانے کی آواز)

چودھری فقیر الدین :- (مکان کے اندر سے دور سے آواز آتی ہے) کون ہے بھئی کون ہے۔ (دروازہ کھلتا ہے)

تار والا :- چودھری فقیر الدین کا گھر یہی ہے ....

چودھری :- ہاں۔ ہاں۔ میں ہی فقیر الدین ہوں ...... خیریت۔

تار والا :- آپ کا تار۔

چودھری :- میرا تار ...... ہوں (لفافہ چاک کرنے کی آواز) بیگم بیگم (زینے پر چڑھنے کی آواز) اری او منی کی ماں۔

بیگم :- کیا ہوا۔ خیریت تو ہے؟

چودھری :- لاٹری ..... اری کیا سو رہی ہو۔ ذرا بستر سے تو اٹھو۔ یہ دیکھو تار۔ مبارک باد کا تار سوا لاکھ کی لاٹری۔ کیا سنتی ہو میرے نام سوا لاکھ کی لاٹری نکلی ہے (ہنستا ہے)

بیگم :- اب میرا ہار نہ بھول جانا۔ بہت دنوں سے ترس رہی ہوں۔

چودھری :- ہاں ہاں۔ ہار اور کنگن اور بندے اور پازیبیں۔

بیگم :- نہیں اب پازیبوں کا فیشن نہیں رہا کوئی اور فیشن والی چیز۔

چودھری :- میں تمہیں تانگے پر اپنے ساتھ لے چلوں گا۔ جو تمہارے جی میں آئے وہی لے دوں گا۔ سوا لاکھ کی لاٹری ہے۔ پوری سوا لاکھ کی! ہاتھی بیٹھتا ہے چھاؤں میں

بیگم :- اور منی کیلئے بھی تو کچھ لینا ہے .. سوچتی ہوں سارا جہیز ابھی بنا لوں۔ بے فکر ہو جاؤں گی۔

چودھری :- ٹھیک کہتی ہو۔ بازار کا کوئی اعتبار تھوڑی ہے۔ گہنا کپڑا برتن سب کچھ ابھی بنا لیں گے ...... سوا لاکھ۔ میں بھی کہوں کہ میری دائیں آنکھ اتنے دنوں سے کیوں پھڑک رہی ہے۔ اب پتہ چلا ہے کہ لاٹری نکلی ہے۔ (ہنستا ہے)۔

بیگم :- یہ لاٹری والے بھی بڑے ایماندار ہی نکلے۔ میں تو سمجھی تھی کہ اپنوں ہی میں بانٹ لیتے ہوں گے۔ (دونوں ہنستے ہیں۔ دستک)۔

چودھری :- ذرا کھونٹی سے اچکن تو اتار دو۔ شاید کوئی پڑوسی مبارکباد دینے آیا ہے۔ (پھر دستک) ذرا ٹھہریئے گا۔ ابھی حاضر ہوا ابھی حاضر ہوا۔ (زینے سے اترنے کی آواز)

تار والا :- فقیر الدین آپ ہی کا نام ہے۔

چودھری :- ہاں ہاں چودھری فقیر الدین۔

تار والا :- آپ کا تار۔

چودھری :- اوہ۔ مبارک باد کا ہوگا ...... پہلی لاٹری نکلی ہے۔

شاید کسی کے مرنے سے بھیجا ہے۔

تار والا:۔ کھول بعد میں لیجئے گا۔ پہلے یہاں دستخط کر دیجئے۔ مجھے دیر ہو رہی ہے۔

چودھری:۔ کہاں دستخط کرنے ہیں مجھے؟ یہاں؟۔ ہاں.... انگریزی میں یا اردو میں

تار والا:۔ چاہے عالم میں کر دیجئے میرے لئے سب ایک ہے۔ لیکن جلدی کیجئے۔

چودھری:۔ (ایک ایک لفظ پر زور دے کر) چودھری قمرالدین رئیس اعظم، لو اب تو خوش ہو۔ اے ہاں اپنا انعام تو لیتے جاؤ۔

تار والا:۔ شکریہ....

چودھری:۔ (لفافہ چاک کرنے کی آواز) "پہلے تار کو منسوخ کیجئے۔ لاٹری آپ کے نام نہیں نکلی بلکہ آپ کے ہم نام کے نام نکلی ہے۔ غلطی کیلئے معافی"..... کچھ سمجھ میں نہیں آتا (موسیقی میں سے الجھن کا احساس ہو)۔

یہ کیسے ممکن ہے (موسیقی اور بلند ہو جاتی ہے) یہ نہیں ہو سکتا۔ کیا میں خواب دیکھ رہا ہوں لیکن یہ پہلا تار میرے ہاتھ میں موجود ہے۔ اُف.... (زینہ پر چڑھنے کی آواز)۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ اُف میری آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا رہا ہے۔ کہاں سوا لاکھ اور کہاں راکھ۔ (زینے سے پھسلنے اور لڑھکنے کی آواز۔ موسیقی الملل اور سنجیدہ بلند ہو کر مدھم پڑ جائے)

شرابی:۔ (بڑبڑاتا ہے) دکھ کے اب دن بیتت ناہیں۔

دوسرا شرابی:۔ ارے یہ گیت کیوں گا رہے ہو۔ تم کوئی سہاگن تھوڑی ہو۔

پہلا شرابی:۔ نہیں۔ میں دیوداس ہوں۔ دیوداس۔

دوسرا:۔ تمہاری پارو کہاں ہے؟

پہلا شرابی:۔ مجھ سے کسی زیادہ امیر کے گھر۔ (سسکیاں) دکھ کے اب دن بیتت ناہیں۔

دوسرا شرابی:۔ تم.... تم.... بیٹھ کیوں گئے دیوداس۔ اپنی پارو کو نہیں ڈھونڈو گے؟

پہلا شرابی:۔ پارو پارو پکارو ہیں بن بن میں۔ موری پارو بسے موسے من میں۔

آتی ہے صدائے جرس ناقہ لیلے
صد حیف کہ مجنوں کا قدم اٹھ نہیں سکتا

حولدار:۔ اٹھئے اٹھئے حضرت اٹھئے ساب کی وہ یہاں نہیں آنے کی۔ وہ تو کوتوالی میں آپ کی انتظار کر رہی ہے۔ اب ذرا جلدی کیجئے۔ آپ کے کئی اور بھائی بھی اپنی پارو کو ڈھونڈ رہے ہوں گے۔ مجھے ان کا بھی تو کچھ بندوبست کرنا ہوگا۔

شرابی نمبر۱:۔ کوتوالی۔..... تو چلو کوتوالی ہی چلو۔ پر میری پارو مجھے مل جائے گی نا!

حولدار:۔ ہاں ہاں مل جائے گی۔ مل جائے گی۔

شرابی نمبر۲:۔ اور مجھے میرا کیمیا کا نسخہ میری عمر بھر کی کمائی۔ جانتے ہو میں کون ہوں؟ اور میرا کیا نام ہے؟ میرا نام ہے حکیم کیمیا ذوس۔ آج بیس برس ہو گئے کہ ایک حریف میرے نسخے اٹھا کر لے گیا تھا۔ اس دن سے ڈھونڈ رہا ہوں اور لوگ کہتے ہیں کہ تو پاگل ہے۔ تم تو مجھے پاگل نہیں سمجھتے حولدار صاحب تم تو مانتے ہو کہ پیتل سے سونا بن سکتا ہے۔ پیتل کا سونا۔ کوئلہ کا کندن۔

حولدار:۔ ہاں۔ ہاں۔ بالکل پیتل سے سونا بن سکتا ہے۔ اور کوئلہ کا کندن بھی بن سکتا ہے۔ پر اب ذرا رفتار بڑھائیے۔

شرابی نمبر۱:۔ ٹن.... ٹن.... ٹن.... ٹن۔ بالم آ کر بسو مورے من میں۔ .. (کوئی ایک منٹ بعد)۔

سپاہی:۔ کہو دلی حولدار جی یہ اور دو پنچھی کہاں سے پکڑ لائے۔

حولدار:۔ بس پوچھو نہیں ننھے خان۔ یہ دکھائی دیتا ہے جیسے ان کا ماننا کچھ سست ہو گیا ہے۔

سپاہی:۔ (ہنستا ہے)۔

حوالدار:- یہ تو دیوداس ہیں اور اپنی پارو کو ڈھونڈ رہے ہیں۔

سپاہی:- اور یہ ؟

حوالدار:- کیمیا گر۔ کسی دشمن نے ان کی بیا من اٹھالی ہے۔ اور یہ بیس برس سے اس کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔

(اندہ میز چیزوں کی آواز)

حوالدار:- مائی یہ حالات میں کیا ہو رہا ہے ؟

سپاہی:- انہیں کا کوئی بھائی بند ہے۔ منت کی مل گئی ہوگی۔ اب بکھرو دیکھ رہے ہیں۔ (چیخیں پھر بلند ہوتی ہیں اور ساتھ ہی کوئی چلائے کہ مجھے کوئی بچاؤ مجھے بچاؤ — فیڈ آؤٹ، موسیقی طول اور سنجیدہ ابھرے اور ڈوب جائے)

لڑکا:- (عمر دس بارہ برس۔ اسکول کا سبق یاد کر رہا ہے)۔ ہندوستان میں چالیس کروڑ انسان بستے ہیں لیکن ان کی حالت حیوانوں سے بھی بری ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے ہندوستانیوں کو اپنے تن کے مقابلہ میں اپنی آتما کا زیادہ خیال ہے۔ کبھی ہندوستان کو سونے کی چڑیا کہا کرتے تھے۔ لیکن اب —

سنتری:- (ذرا دور سے) ابے او لونڈے تو یہاں کیا کر رہا ہے ؟

لڑکا:- (گھبرا کر) اسکول کا سبق یاد کر رہا ہوں سنتری جی۔

سنتری:- جگہ تو اچھی ڈھونڈی ہے تو نے سبق یاد کرنے کے لئے یہ سڑک ہے یا تیرے دادا کا گھر۔ باپو بننے کا اتنا ہی چاؤ ہے تو بابا سے کہہ کر مکان پہ بجلی لگوا لے نا۔

لڑکا:- (اداس) میرا باپ نہیں ہے سنتری جی۔

سنتری:- ہوں ... تو۔ تو اس میں میرا کیا دوش ہے۔ مجھے تو بس اتنا معلوم کہ تم یہاں نہیں بیٹھ سکتے۔

لڑکا:- گھر میں تیل کیلئے پیسے نہیں ہیں سنتری جی۔ اس لئے یہاں آ جاتا ہوں۔ سبق یاد نہ ہو تو ماسٹر جی مارتے ہیں۔

سنتری:- تو میرا اس میں کیا قصور ہے۔ میرے کو تو بس اتنا معلوم ہے۔ کہ قانون قانون ہے اور قانون کہتا ہے کہ رات کو کوئی آدمی بے فضول ادھر نہیں بیٹھ سکتا۔ اور بس۔ راہ گیر میں آوارہ گردی کی مناہی ہے۔

لڑکا:- لیکن میں آوارہ گردی تو نہیں کر رہا ہوں سنتری جی۔ میں تو اسکول کا سبق یاد کر رہا ہوں۔

سنتری:- ہوں ... ویسے اسکول کے سبق یاد کرنے کے بابت مناہی کا کوئی علم میں نے دیکھا تو نہیں پر اتنا ضرور معلوم ہے کہ قانون کی کتاب میں یہ بھی نہیں لکھا کہ اسکول کے لونڈے رات کو سڑک کی بجلی کے نیچے بیٹھ کر پڑھ سکتے ہیں۔ اس لئے تم یہاں نہیں رک سکتے۔

(دور سے پولیس کی سیٹیوں کی آوازیں)

سنتری:- ایک کوئی اور مصیبت آئی !

لڑکا:- کیا ہوا سنتری جی کیا ہوا ؟

سنتری:- ابے ہونا کیا ایک بھوکے نے اپنے سے کم بھوکے کو لوٹ لیا ہوگا۔ اور کیا ہوا ہوگا۔ اب یہ بھی کیا میرا قصور ہے۔ پر میں تو اتنا جانتا ہوں کہ قانون قانون ہے۔ لے اب چلتا ہوا دکھائی دے —

(سیٹیوں کی آوازیں۔ جیسے کوئی ہنگامہ ہو گیا ہو۔ سنتری دوڑتا ہے۔)

لڑکا:- (اپنے آپ سے) قانون قانون ہے۔ ایک بھوکے نے اپنے سے کم بھوکے کو لوٹ لیا۔ سڑک کی بجلی کے نیچے بیٹھ کر پڑھنے کی مناہی تو نہیں لیکن اس کی اجازت بھی نہیں اور اس میں اس کا کوئی ذکر بھی نہیں ...... کچھ بھی نہیں آتا۔

(گیارہ بجنے کی آواز آتی ہے)۔

ہائیں گیارہ بج گئے (جماہی لیتے ہوئے) اچھا اب گھر چلنا چاہئے اماں راہ تک رہی ہوگی۔

(موسیقی کا ٹکڑا ...... موٹر رکتی ہے دروازہ کھلتا ہے)۔

ہسپتال کا ملازم:- سی ! ...... سر کی چوٹ ہے بھیا ... ذرا احتیاط سے ہاں ! اب اٹھاؤ ...... (ابھرتے قدموں کی آواز)۔

کمپاؤنڈر (قدرے دور سے قریب آتے ہوئے) کچھ بھی کوئی اور Carnal ہے آئے اسے یا کیسے وہیں سے بیٹھے ملا کر

ہسپتال کا ملازم:- اس بوں — یہاں ایمرجنسی پر..... احتیاط سے۔ بس!

کمپاؤنڈر:- اب ہٹ گئے ہیں..... ذرا دیکھوں تو کیا ہوا ہے اسے — یہ مشکل سے بارہ تیرہ برس کا ہوگا۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس کے ماں باپ انہیں رات گئے گھر سے باہر کیوں نکلنے دیتے ہیں۔

ڈرائیور:- اجی بابو جی گھر کیا اور باہر کیا۔ ہم تو اتنا جانتے ہیں کہ آ گئی تھی۔

کمپاؤنڈر:- ہاں! یہ یوں دکھائی دیتا ہے کہ بچے یہاں کچھ ضرورت سے زیادہ ہی آ رہے ہیں۔ ان دو گھنٹے میں پانچ کیس آ چکے ہیں۔ ذرا روئی تو دینا۔ جمعدار اس کی ناک سے خون تو پونچھو۔ اور تم جا کر ڈاکٹر صاحب کو بلا لاؤ۔ اب کھانا کھا لیا ہوگا۔ ارے اس کے تو کان سے بھی خون بہہ رہا ہے۔ یہ ہوا کیسے

ڈرائیور:- جی یہ تو پولیس ہی بتائے گی۔ میرے کو تو بس اتنا معلوم ہے کہ فٹ پاتھ کے پاس پڑا ہوا تھا۔ اور اس کے چاروں طرف کتابیں گری پڑی تھیں۔ یوں جان پڑتا ہے کہ کہیں سے پڑھ کر آ رہا تھا۔

کمپاؤنڈر:- اور ٹرک کے ڈرائیور کا کیا ہوا۔

ہسپتال کا ملازم:- موڑ کے بھاگ گیا۔

کمپاؤنڈر:- چلو چھٹی ہوئی۔ اب کہاں ہاتھ آنے کا۔

ڈرائیور:- ارے نہیں بابو جی۔ یہ بھی کوئی بات ہے۔ پولیس کو تم نہیں جانتے وہ تو بیس پچیس برس پیچھے بھی ڈھونڈ نکالیگی۔

کمپاؤنڈر:- (زہرخند) اس سے کیا فرق پڑ جائیگا۔ یہی نا کہ زیادہ سے زیادہ تین چار برس کی سزا ہو جائے گی۔ اور سزا بھگت کر جب باہر نکلے گا تو باقاعدہ مجرم بن جائے گا۔ لیکن مرنے والا پھر بھی زندہ نہیں ہو سکے گا۔

(ٹیلیفون کی گھنٹی کی آواز)

کمپاؤنڈر:- یہ ٹیلیفون بابو کدھر غائب ہو گیا؟ کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ (ٹیلیفون پر) سیٹھ کروڑی مل خیراتی ہسپتال۔ او جو تیسری منزل سے کود پڑے...... جی...... جی...... جی۔ جی اس غم میں بہتوں کے حواس بجا نہیں رہتے۔ کیا فرمایا؟ اچھا صرف ٹانگ کو چوٹ آئی ہے۔ چلئے شکر کیجئے۔ سر بچ گیا ٹانگ تو لکڑی کی بھی لگ جائے گی۔ جی... جی میں تو اس بارے میں کچھ نہیں کہہ سکتا یہ تو بڑے ڈاکٹر صاحب بتائیں گے۔ ویسے ہڈی عام طور سے جڑ جایا کرتی ہے بشرطیکہ بڑھاپا نہ ہو — کیا فرمایا پچاس سے اوپر — پھر تو — خیر میں ایمبولنس کار بھیج دیتا ہوں (چونگا رکھنے کی آواز)

ڈرائیور:- اب کیا ہوا؟

کمپاؤنڈر:- ارے بھائی ہونا کیا تھا۔ کوئی زعفران والے ہیں ہزاری مل ان کا دیوالہ نکل گیا ہے۔ اور وہ تیسری منزل سے کود پڑے ہیں۔

ڈرائیور:- ہزاری مل کا دیوالہ؟ کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ وہ تو لاکھوں کی اسامی تھے۔ میں تو ان کی موٹر پر کام کر چکا ہوں — ہزاری مل کا دیوالہ۔

کمپاؤنڈر:- ارے ہاں بمبئی کروڑ پتی بننے کا جادو ہوگا۔ سٹے نے دیوالیہ اور صاحب ٹانگ بھی گئی کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ (موسیقی)

راوی نمبر ۱:- ٹھیک ہے کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ کسی کی سمجھ میں نہیں آتا۔

راوی نمبر ۲:- اگر آتا ہے تو وہ چپ رہتا ہے۔

راوی نمبر ۱:- رات کی سیاہی کی طرح چپ۔ (وقفہ)

راوی نمبر ۲:- بے بسی کے اعلان کی طرح۔

راوی نمبر ۱:- اور یوں انسانوں کی دنیا ایک ابدی رات میں لپٹی ہوئی ہے صرف چند گھنٹوں کے لئے سورج اس کے سامنے آ جاتا ہے۔ سایہ سورج کے سامنے آ جاتی ہے اور اس کے بعد پھر وہی رات..... بیتے وقت کا سایہ.......

(موسیقی اٹھول اور سنجیدہ آہستہ آہستہ ابھرے اور ڈوب جائے)۔

نئی کتابیں

وطن سے باہر :- آغا محمد اشرف ایم اے نے دنیا کی سیر و سیاحت کے بعد یہ علمی و ادبی مضامین لکھے ہیں۔ قیمت مجلد عہ
لندن سے آداب عرض :- آغا محمد اشرف ایم اے کے ان مضامین کا مجموعہ جو جنگِ عظیم کے دوران میں بی بی سی لندن سے نشر کئے گئے۔ مجلد عہ
ادبستان :- مولانا خلیق دہلوی کے حسین اور دلکش ادبی مضامین کا بے نظیر مجموعہ۔ آپ ایک بار ملاحظہ فرما کر بار بار مطالعہ فرمائیں گے۔ تیسرا ایڈیشن قیمت مجلد عہ
صبح بہار، اختر ستان، لالۂ طور :- ہندوستان کے نامور رومانی شاعر اختر شیرانی کے مجموعے کلام۔ ہر جلد خوبصورت گرد پوش سے مزین ہے۔ قیمت فی جلد تین روپے۔
تذکرہ حسینی :- مولانا علم الدین صاحب کراچوی نے علمائے اہلسنت والجماعت کی مستند تصانیف و اقوال سے مناقب محرم پر سلیس اردو زبان میں قابل قدر کتاب لکھی ہے۔ قیمت ما/ر

طیور آوارہ :- از اختر شیرانی۔ قیمت فی جلد تین روپے آٹھ آنے۔

جدید اُردو شاعری :- پروفیسر عبد القادر کی مشہور کتاب۔ جس کو قابل مصنف نے ریوائز کر کے جدید شاعری کے موجودہ دور تک مکمل کر دیا ہے۔ قیمت مجلد تین روپے آٹھ آنے۔

معاشیات قومی :- ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب نے فریڈرش لسٹ کی جرمن کتاب سے براہ راست ترجمہ کیا ہے۔ قیمت مجلد آٹھ روپے۔
تاریخ انقلاب روس :- شیر جنگ کی انقلاب پسند طبیعت نے روس کے انقلابی پس منظر تاریخی و ملکی ردوبدل کی تاریخ کو الفاظ کا خوشنما جامہ پہنایا ہے۔ اتنی دلچسپ کہ شروع کر کے ختم کئے بغیر آپ دم نہیں گے۔ قیمت مجلد چار روپے۔
کارل مارکس اور اس کی تعلیمات :- شیر جنگ نے کارل مارکس کے حالات زندگی، اُس کی تعلیمات اور اس سلسلہ میں عام جدوجہد کی تاریخ کو دلچسپ انداز میں کئی برس کی محنت سے تحریر کیا ہے۔ قیمت مجلد چھ روپے۔

اوراق پارینہ :- شیر جنگ کے ادبی مضامین کا مجموعہ، جن کا مطالعہ آپ کے ذہن کیلئے نئی راہیں کھول دیگا۔ قیمت عہ
رحمۃ للعالمین (کامل تین جلد) قاضی سلیمان منصور پوری کی مشہور عالم سیرۃ نبی الامی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔ تین جلدوں میں مکمل مجلد سترہ روپے۔
مقالاتِ شیرانی :- حافظ محمود شیرانی کے تنقیدی مضامین جو علمی حلقوں میں نہایت بلند درجہ پا چکے ہیں۔ قیمت تین روپے آٹھ آنے۔
دھڑکتے دل :- اختر شیرانی کو آپ اُس کی شاعری سے بھی بلند جگہ دیں گے۔ جب اُس کے یہ افسانے آپ ملاحظہ فرمائیں گے۔ قیمت تین روپے۔
وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ :- چوٹی کے ڈراموں کا انتخاب از اختر شیرانی۔ آپ کا ذوقِ سلیم داد دیئے بغیر نہ رہے گا۔ قیمت چار روپے آٹھ آنے۔
ماڈرن اُردو ڈکشنری :- صاحبزادہ ابو نعیم عبد الحکیم خاں نشتر جالندھری نے اُردو کے طالب علموں اور ضرورت مند اصحاب کیلئے ہر حرف کے ذیل میں تمام ضروری الفاظ درج کرنے کے بعد ضرب الامثال اور قانونی اصطلاحات بھی درج کر دی ہیں۔ قیمت مجلد تین روپے آٹھ آنے۔
سازِ فطرت، نیلوفر، صبر و ضبط، قسمت :- حسن عزیز جاوید کے بلند پایہ افسانوں کے چار مجموعے حسین گرد پوش سے مزین۔ مجلد قیمت فی جلد عہ
شیشہ و سنگ، اتفاقات :- شبیر لکھنوی بہت کہنہ مشق بلند پایہ ادیب ہیں اور دونوں کتابیں ان کے چوٹی کے معاشرتی اور اصلاحی افسانوں کا مجموعہ ہیں۔ قیمت عہ۔ ہم علمی و ادبی اور اسلامی کتابیں اور ٹیکسٹ بکس شائع کرتے ہیں۔ فہرست کتب مفت طلب فرمائیں۔

کتاب منزل۔ کشمیری بازار۔ لاہور

عالمگیر خاص نمبر ۱۹۴۷ء

رسالہ عالمگیر ۲۴ برس سے اردو علم و ادب کی جو شاندار خدمات انجام دے رہا ہے اہلِ ذوق اس سے ناواقف نہیں ہیں ہندوستان کا یہ ممتاز ترین ماہنامہ عام پرچوں کے علاوہ ہر سال تین ضخیم خاص اشاعتیں اپنے سالانہ خریداروں کو مفت پیش کرتا ہے یعنی اپریل میں افسانہ نمبر جولائی میں سالنامہ اور دسمبر میں خاص نمبر حالانکہ ان کی مجموعی قیمت چھ روپے اور ضخامت چھ سو صفحات سے کم نہیں ہوتی اس گرانی و نایابی کے زمانہ میں بھی عالمگیر کے خاص نمبر اور سالنامے اسی آن بان اور شان و شوکت سے شائع ہو رہے ہیں اور مضامین کے لحاظ سے بھی وہ رفتارِ وقت اور ماحول کے تقاضوں کا ساتھ دے رہا ہے چنانچہ جنوری میں خاص نمبر پیش کیا جا رہا ہے جو ادبی و فنی خوبیوں کے لحاظ سے اپنی مثال آپ ہوگا ضخامت دو سو صفحات قیمت صرف دو روپے سالانہ چندہ چھ روپے چار آنے مع محصول ڈاک سالانہ خریداری کی رعایتوں سے مستفید ہونے کیلئے خاص نمبر سے اپنا سلسلۂ خریداری شروع کیجئے۔

خاص نمبر کے مضامین نظم و نثر کی ایک جھلک ملاحظہ کیجئے اس فہرست میں ہر لمحہ اضافہ ہو رہا ہے —!

مینیجر رسالہ عالمگیر سید مٹھا بازار لاہور

"خاص نمبر" کی ایک جھلک

شعر و سخن

اے جانِ من	جوش ملیح آبادی
شاہِ خوباں آ گیا	ڈاکٹر تاثیر
نغمہ و رقص	فراق گورکھپوری ایم اے
خواجہ فریدؒ	سید عطاء اللہ بخاری
بیوہ اور برسات	ثاقب کانپوری
دو آتشہ	ماہر القادری
نیا موڑ	اشعر ملیح آبادی
شاعرِ مشرق اور بندۂ محکوم	افسر احمد نگری
نغمۂ سروج	راز یزدانی رامپوری

علم و ادب

دولتِ سکندری	محمود خاں شہاب
حالی کی غزل گوئی	پروفیسر حامد حسن قادری
اسلوبِ بیان	محمد عظیم
سلامِ جلیل	احمد علی شاہ

افسانے اور ڈرامے

حُسنِ خوابیدہ	شبلی بی کام
شادی طے ہو گئی ہے	شیش بترا ایم۔ اے
کاش میں بھول سکتا	ظہیر الحسن ڈار
اک تیرے جانے سے پہلے	طفیل ملک
پرندے	ایوب سرور
ٹیلی گرام	مقبول حسین احمد پوری
کرڈوا اس	رحمان مذنب
ظلم	شاہین
جھلکیاں	زینت جہاں
چھایا پاتر	برق صہبائی

(نامکمل)

ڈھائی ہزار روپے کے انعامات

۲۵۰۰

اشارے سیدھے

اردو انعامی معمے (رجسٹرڈ) دہلی

اشارے کھڑے

پہلا انعام ۱۲۰۰
دوسرا انعام ۵۰۰
تیسرا انعام ۵۰۰
چوتھا انعام ۱۰۰
زیادہ سے زیادہ حل بھیجنے والے کو

(۱) ہمارے معمات ذہانت اور ربودونکشا ... (۲) بعض مفتی و بے بنیاد اشخاص سے بہت قبل ہوا ہے ... (۳) پہلے الفت کر کے ... دی ہو گا ... سمجھتے ہیں (۴) زیادہ عرصہ تک ... قائم نہیں رکھ سکتے جس کی بنیاد بنا وٹی ہوں (۵) محبت کرنے کے اہل غالباً وہی ہوتے ہیں جو ... کو صحیح اٹھانا جانتے ہیں (۶) جاہل طبقے ... نہایت ضروری ہے کہ آپ کافی ... چھوٹا ہو یا بڑا اکثر دور اندیش لوگ اس کی طرف متوجہ ہونے میں کبھی دیر نہیں کرتے (۷) ہندوستان میں کتنے ہونگے ایسے لوگ جو سیاست میں محض اس کی خاطر حصہ لیتے ہوں (۸) بلا سوچے سمجھے یہ کرنا سمجھ داروں کا شیوہ نہیں۔

(۲) آج کے بعد (۳) فلمی دنیا میں ... کامیاب ہو سکتی ہے جسے اچھے گانے کے ساتھ ... پر پوری قدرت حاصل ہو (۵) ایک نصیب ... سب کچھ بھول سکتا ہے لیکن محبوب کیسا تھا ایک آخری ... کو فراموش نہیں کر سکتا (۷) قمار بازی کیسا تھا اس کو ... کرنا برباد ہونا ہے (۸) اس کو ایک بار ... تک قابو میں نہیں آتا (۹) بچوں کو دیکھ کر ... کی آنکھیں کا ... ہو جانا کچھ فطری سی بات ہوتی ہے (۱۱) کتنے لائق عزت ہوتے ہیں وہ لوگ جو اپنے اکثر مدارج سے گذرنے کے بعد بھی اپنی زندگی کا مقصد خدمت سمجھتے ہیں (۱۲) بد مزاج محبوب کی پیشانی ... بے جواب ... کرنے سے بھی باز رکھتی ہے (۱۳) ایسی حالت میں عبادت کرنا شاید ہی کسی مذہب نے پسند کیا ہو (۱۵) عورتوں کا ... کرنا غالباً ان کے موروثی اثرات کی وجہ سے ہوتا ہے۔

اردو کا سب سے پہلا معیاری معما

اردو انعامی معمے نمبر ۳ (رجسٹرڈ) جامع مسجد دہلی

— اشارے سیدھے —

اشارے کھڑے

میں نے قواعد و شرائط کو بغور پڑھ لیا ہے اور اس معمے میں شرکت کرتے ہوئے مجھے اقرار ہے کہ منیجر معما ہذا کا فیصلہ میرے حق میں قطعی اور قانوناً قابل تسلیم ہوگا

نام و پتہ خوشخط

کل تعداد حل ملفوفہ

نمبر رسید منی آرڈر یا کراسڈ پوسٹل آرڈر ملفوفہ

نام اخبار یا رسالہ جس سے معما حاصل کیا

دستخط

فیس و داخلہ ... دور و پیہ لیکن ... کے ساتھ تین حل ... لیا جائیگا یعنی فی تین کوپن دو روپیہ ... ایک ہی نام سے بھیجے جا سکتے ہیں ... تمام حل ... صرف منی آرڈر یا کراسڈ پوسٹل آرڈر کے ذریعہ منیجر اردو انعامی معمے (۳) جامع مسجد دہلی آنے چاہییں ... کی ذمہ داری نہیں لیجا سکتی ... رسید آپ کو مل سکتی ہے ... پر صرف تعداد حل ملفوفہ اور اپنا نام خوشخط لکھئے مختلف ناموں کے حل اور فیس یکجا روانہ کئے جا سکتے ہیں۔

آخری تاریخ جس کی آخری ڈاک سے تمام داخلے وصول ہو جانا چاہییں ۳۰ دسمبر ... ہے تمام وہ حل یا داخلے وصول شدہ سمجھے جائیں گے جو کہ تاریخ مذکور تک کراسڈ پوسٹل آرڈر مل جائیں یا منی آرڈر ... مل جائے خواہ منی آرڈر ... تاریخ کے بعد وصول ہو

صحیح حل مع فہرست انعامات ... تاریخ اشاعت ... جنوری ... میں دیکھئے اگر ... فیس داخلہ کے ساتھ بھیج دیے جائیں تو صحیح حل و فہرست انعامات آپ کو براہ راست بھیج دیے جائینگے

صحیح حل منیجر آئیڈیل بنک کے پاس محفوظ ہے

Correct Deposited With the Manager Ideal Bank Delhi

ضوابط و قواعد (۱) ... [illegible] ... (۲) ... [illegible] ... (۳) ... [illegible] ... (۴) ... [illegible] ... (۵) ... [illegible] ... جائیگی۔

بھیجنے کا پتہ:- منیجر اردو انعامی معمے (رجسٹرڈ) جامع مسجد دہلی

پانچ نئی کتابیں

دنیائے تبسم

شوکت تھانوی کا شاہکار

ہر شخص کی زندگی کا راز خوش رہنا ہے۔ اور اگر خوشی کے چند لمحے نصیب نہ ہوں تو پھر وہ جلدی بوڑھا ہو جاتا ہے۔ اس مصیبت سے بچنے کے لئے شوکت تھانوی کی " دنیائے تبسم " کی سیر کیجئے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ ہنسی کی دنیا میں کیسے کیسے دلفریب و دلآویز نظارے موجود ہیں۔ تیسرا ایڈیشن۔ لکھائی چھپائی عمدہ۔ گردپوش رنگین۔ دیدہ زیب۔

قیمت مجلد دو روپے آٹھ آنے۔ عہ۸ر

افادی ادب

گزشتہ دس سال کے اندر ترقی پسند ادب کے متعلق ہزاروں صفحات لکھے گئے ہیں۔ مگر اختر انصاری کے اس مقالہ میں بصیرت، بالغ النظری، وسعتِ فکر و مطالعہ اور تخلیقی تنقید کا جو حیرت انگیز امتزاج نظر آتا ہے۔ وہ شاید ہی کسی دوسری جگہ ملے۔ ادب کے متعلق ترقی پسند نظریے کی اس سے بہتر توضیح اب تک نہیں کی گئی۔ یقیناً یہ اس موضوع پر سب سے مستند کتاب ہے۔ کتابت، طباعت دیدہ زیب۔ سفید کاغذ۔ خوبصورت گردپوش

قیمت ایک روپیہ چار آنے۔ عہ۴ر

سیاسی نظریئے

از ہیرنشا پروفیسر سیاسیات لندن یونیورسٹی

یہ کتاب لندن یونیورسٹی کے مشہور پروفیسر سیاسیات کی کتاب "ارتقائے تفکرات سیاسی" کا ترجمہ ہے۔ ہماری سیاست جن منزلوں سے گزری ہے ان کی نہایت جامعیت کے ساتھ توضیح کی گئی ہے۔ ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی پروفیسر لکھنؤ یونیورسٹی کے دلنشین اسلوبِ ترجمہ نے کتاب میں اور بھی جان ڈال دی ہے۔ سفید کاغذ لکھائی چھپائی عمدہ۔ گردپوش رنگین۔

قیمت ایک روپیہ عہ۸ر

غبارِ خاطر

کا دوسرا ایڈیشن

مولانا ابوالکلام آزاد کی وہ معرکتہ الآرا کتاب جو انہوں نے احمد نگر کے قلعہ میں لکھی۔ اور جس کا پہلا ایڈیشن ہزاروں کی تعداد میں چند ہفتوں میں ختم ہو گیا اب دوبارہ شائع ہو گئی ہے۔ آج ہی اپنی کاپی طلب فرمائیے ورنہ تیسرے ایڈیشن کا انتظار کرنا پڑیگا۔


سفید کاغذ، مجلد ہے، گردپوش خوشنما۔ قیمت چار روپے للعہ۸ر

مولینا محمد علی مرحوم

از: خواجہ احمد عباس

یہ سوانح ایک نئے زاویے سے لکھی گئی ہے ہندوستانیوں اور ہندوستانی مسلمانوں کی قومی تشکیل میں مولانا مرحوم نے جو حصہ لیا ہے محتاجِ بیان نہیں۔ انکا عزم انکا استقلال، انکی وطن پرستی اور قوم پروری یہ سب وہ صفات ہیں جو ہمارے نوجوانوں کیلئے ہدایت اور نمونہ ہو سکتی ہیں۔ کتابت طباعت عمدہ۔ سفید کاغذ۔ دیدہ زیب رنگین ٹائٹل۔ قیمت آٹھ آنے ۸ر

حالی پبلشنگ ہاؤس (اہل) اردو بازار دہلی



نجات رنگیاں

زبیدہ سلطانہ کے چودہ افسانوں کا مجموعہ ہے جس میں انہوں نے ہندوستانی معاشرت کے مختلف پہلوؤں کو انسانی نفسیات کے گہرے مطالعے سے اجاگر کیا ہے۔ اس ترشے ہوئے ہیرے کی مانند جس کا ہر پہلو نظر افروز ہونے کے باوجود ایک الگ کیفیت کا حامل ہے۔ ان افسانوں میں دکھ، سکھ، رنج اور خوشی اس طرح گھل مل گئے ہیں کہ ان پر حقیقت کا گمان ہوتا ہے۔ اور پڑھنے والا پہروں ہی ان کے طلسم میں کھویا رہتا ہے۔ کتاب میں چند مزاحیہ افسانے بھی شامل ہیں جو زندگی کی بڑھتی ہوئی کشمکش اور اس کی بوجھل زنجیروں کو پرے پھینک اس میں سکون اور فرحت پیدا کرنے ضامن ہیں۔

قیمت ۲/-

ناظمہ کی آپ بیتی

ہر حقیقت افسانہ سے زیادہ دلکش اور رنگین ہے۔ ناظمہ کی آپ بیتی بھی ایک شریف زادی کی زندگی ہے۔ اتنی عبرتناک کہ پڑھنے والا حیران و ششدر رہ جاتا ہے اور سوچتا ہے کہ حقیقت اتنی رومان پرور اور اتنی بیرحم ہے کہ افسانوی رنگ آمیزی اس کی گرد کو بھی نہیں پہنچتی۔

ناظمہ کی آپ بیتی کوئی افسانہ یا ناول نہیں بلکہ ایک عورت کی داستان حیات ہے جو آغاز سے انجام تک یکساں طور پر دلچسپ ہے۔

ڈاکٹر ایم۔ڈی تاثیر کا لکھا ہوا دیباچہ، خان بہادر عبدالرحمان چغتائی کا بنایا ہوا چھ رنگا سرورق اور ایم اسلم کا کتاب کا مصنف ہونا کتاب کی ظاہری اور باطنی خوبیوں کی ضمانت ہے۔

قیمت ۳/۴

پبلشرز:
پنجاب بکڈپو لاہور

مطبوعہ دین پریس، لاہور

دوسوں کی عورتوں کی گرد ذی الخلصہ کے ف دوس نام ہے۔ عرب کی ایک قوم کا ان میں ایک بت تھا۔ اس کا نام ذی الخلصہ پیغمبر خدا کے وقت برباد ہو گیا تھا۔ مگر قیامت کے نزدیک اس کو لوگ پھر ماننے لگینگے۔ اور عورتیں اس کے گرد طواف کرینگے۔ سرین ہلتے ہوئے اس حدیث سے معلوم ہوا۔ کہ اللہ کے گھر کے سوائی اور کسی کا طواف کرنا شرک کی بات ہے۔ اور کافروں کی رسم ہے ہرگز نہ کیا چاہیے۔ ش اور اس حدیث کے آخر میں یہ بھی ہے۔ کہ ذُو الْخَلَصَۃِ طَاغِیَۃُ دَوْسٍ الَّتِی کَانُوْا یَعْبُدُوْنَ فِی الْجَاہِلِیَّۃِ اور اس بت کے بت خانے کو جاہلیت کے عرب کعبہ یمانیہ کہا کرتے تھے۔ م

پانچویں فصل اشراک فی العادت کی برائی

کے بیان میں

یعنی اس فصل میں ان آیتوں اور حدیثوں کا ذکر ہے۔ جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے۔ کہ آدمی اپنے دنیا کے کاموں میں جیسا معاملہ اللہ سے رکھتا ہے اسکی تعظیم طرح طرح سے کرتا ہے۔ ویسا معاملہ کسی سے نہ کرے۔ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی اِنْ یَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِہٖ اِلَّا اِنَاثًا وَاِنْ یَّدْعُوْنَ اِلَّا شَیْطَانًا مَّرِیْدًا لَعَنَہُ اللّٰہُ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِکَ نَصِیْبًا مَّفْرُوْضًا وَلَاُضِلَّنَّہُمْ وَلَاُمَنِّیَنَّہُمْ وَلَاٰمُرَنَّہُمْ فَلَیُبَتِّکُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَلَاٰمُرَنَّہُمْ فَلَیُغَیِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰہِ وَمَنْ یَّتَّخِذِ الشَّیْطَانَ وَلِیًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِیْنًا یَعِدُہُمْ وَیُمَنِّیْہِمْ وَمَا یَعِدُہُمُ الشَّیْطَانُ اِلَّا غُرُوْرًا اُولٰٓئِکَ مَاْوٰہُمْ جَہَنَّمُ وَلَا یَجِدُوْنَ